☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | پیر 13 صفر المظفر 1445ھ 19 اگست 2024ء 4 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 308

فرمانِ الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

مریم نواز، نواز شریف سے برٹش ہائی کمشنر اور پولیٹیکل قونصلر کی ملاقات

تعلیم، صحت، موسمیاتی تبدیلیوں اور دیگر امور پر تبادلہ خیال ،موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے باہمی مہارتوں سے مستفید ہونے پر اتفاق

پنجاب ڈیجیٹلائزیشن کے دور میں داخل ہو چکا ہے، عنقریب لیڈ کریگا، آئی ٹی یونیورسٹیز کے قیام کیلئے برطانوی اداروں کا خیر مقدم کیا جائیگا' مریم نواز

لاہور(سمعیہ فیاض)وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے مری میں برٹش ہائی کمشنر جین میری ایٹ نے ملاقات کی، اس موقع پر برٹش ہائی کمشنر اسلام آباد کی پولیٹیکل قونصلر زوی ویئر بھی موجود تھیں، ملاقات میں تعلیم، صحت، موسمیاتی تبدیلیوں اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس دوران پنجاب کے طلبہ کے لئے برطانیہ کی جامعات میں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر1

مری، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف صدر ن لیگ میاں نواز شریف برٹش ہائی کمشنر جین میری ایٹ اور پولیٹیکل قونصلر زوی ویئر ملاقات کر رہی ہیں

حمزہ شہباز کی زیر صدارت اہم اجلاس

عوامی ریلیف پیکجز ،دیگر اہم امور پر غور اور سفارشات مرتب کی گئیں

لاہور(این این آئی) سابق وزیراعلی پنجاب اور پبلک فیسلیٹیشن یونٹ پنجاب کے سربراہ حمزہ شہباز شریف کی زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں اہم اجلاس ہوا۔اجلاس میں عوامی ریلیف پیکجز اور دیگر اہم امور پر غور اور

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر2

ماہانہ 200 یونٹ تک کے صارفین کو14 روپے فی یونٹ کا ریلیف نہیں ملے گا

201 سے 500 یونٹ تک کے صارفین کو ملے گا، اطلاق اگست، ستمبر کے بلوں میں ہوگا

لاہور(این این آئی) پنجاب میں ماہانہ 200 یونٹ تک کے بجلی صارفین کو14 روپے فی یونٹ کا ریلیف نہیں ملے گا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ماہانہ 200 یونٹ تک بجلی مہنگی نہیں کی گئی تھی، فی یونٹ 14 روپے کا ریلیف ماہانہ 201 سے 500

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر3

پاکستان میں منکی پاکس سر اٹھانے لگا، 11 کیسز رپورٹ، اسپتالوں میں خصوصی وارڈز قائم

پنجاب اور خیبر پختونخوا میں 4، 4 جبکہ بلوچستان اور سندھ میں ایک ایک کیس رپورٹ

پشاور،مردان (این این آئی) پاکستان میں منکی پاکس کا وائرس سر اٹھانے لگا، 11 کیسز رپورٹ ہونے پر حکومت متحرک ہوگئی، سندھ اور پنجاب کے سرکاری اسپتالوں میں خصوصی وارڈز قائم کردیے گئے۔ملک میں منکی پاکس کے 11 کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں، پہلا کیس پشاور میں رپورٹ ہوا، مردان میں منکی پاکس کا کیس سامنے آیا۔ڈاکٹر کے مطابق منگاہ کا 34 سالہ رہائشی ٹانگ ٹوٹ جانے پر5 دن قبل سعودی عرب سے آیا تھا، مریض کا ٹیسٹ کیا گیا تو منکی پاکس مثبت آگیا، مریض کو گھر پر آئسولیٹ کردیا گیا۔منکی پاس کے پنجاب

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر4

وزیراعظم کی وفاقی وزیر پاور اور وفاقی سیکرٹری پاور کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی، انسداد بجلی اور دیگر معاملات پر چاروں صوبوں کا دورہ کرنے اور صوبائی حکومتوں سے رابطہ کرنے کی ہدایت

توانائی شعبے میں اصلاحات حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

انسداد بجلی چوری کے لئے ہول آف دی گورنمنٹ اپروچ اپنائی جائے، بجلی کی ترسیل کی پانچ کمپنیوں میں نئے بورڈ چیئرمین اور ممبران کی تعیناتی ایک شفاف عمل کے ذریعے کی گئی ہے

امید ہے ان نئی تعیناتیوں سے ڈسکوز کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں موجود کرپٹ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر پاور اور وفاقی سیکرٹری پاور کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی ، انسداد بجلی اور دیگر معاملات پر چاروں صوبوں کا دورہ کرنے اور صوبائی حکومتوں سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی ہے کہ انسداد بجلی چوری کے لئے ہول آف دی گورنمنٹ اپروچ اپنائی جائے، بجلی کی ترسیل کی پانچ کمپنیوں میں نئے بورڈ چیئرمین اور ممبران کی تعیناتی ایک شفاف عمل کے ذریعے کی گئی ہے ، امید ہے ان نئی تعیناتیوں سے ڈسکوز کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں موجود کرپٹ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزارت توانائی ، پاور ڈویژن کے امور پر جائزہ اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا۔اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بجلی چوری کی روک تھام، لائین لاسز میں کمی اور بجلی کی ترسیل کے نظام کو بہتر کرنا توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، حال ہی میں بجلی کی ترسیل کی پانچ کمپنیوں میں نئے بورڈ چیئرمین اور ممبران کی تعیناتی ایک شفاف عمل کے ذریعے کی گئی ہے، امید ہے ان نئی تعیناتیوں سے ڈسکوز کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔وزیراعظم نے وفاقی وزیر پاور اور وفاقی سیکرٹری پاور کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی ، انسداد بجلی اور دیگر معاملات پر چاروں صوبوں کا دورہ کرنے اور صوبائی حکومتوں سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی کہ انسداد بجلی چوری کے لئے ہول آف دی گورنمنٹ اپروچ اپنائی جائے۔ وزیراعظم نے صوبائی حکومتوں کو انسداد بجلی چوری کے حوالے سے پولیس فورس اور تحصیلداروں کی تعداد ڈسکوز کی ضرورت کے مطابق پوری کرنے کی ہدایت بھی کی۔انہوں نے کہا کہ ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں موجود کرپٹ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔انہوں نے ڈسکوز کی عوامی شکایات کے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر8

پیٹرولیم سیکٹر کے مسائل کے حل کے لیے ایکشن پلان مرتب کئے جائیں، اسحاق ڈار

سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر وقف ون ونڈو سہولت کا نظام تیار کرے

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے توانائی کی حفاظت اور اقتصادی ترقی کے لیے پیٹرولیم سیکٹر کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ صنعت کے مسائل حل کرنے کے لیے ایکشن پلان ترتیب دیئے، مقامی اور غیر ملکی کمپنیوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام کرنے کے عزم کا اظہار کیا، جس سے شعبہ میں مزید سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں مدد ملے گی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق نائب

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر5

سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ، بجلی صارفین سے 46ارب 99 کروڑ روپے نکلوانے کی تیاری

بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کرا دی

اسلام آباد(این این آئی) بجلی کمپنیوں نے صارفین سے46ارب99 کروڑ روپے نکلوانے کی تیاری کرلی۔اس حوالے سے بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کرا دی۔نیپرا کے مطابق درخواست گزشتہ مالی سال کی آخری سہ ماہی کی مد میں کی گئی، کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں 22 ارب 86 کروڑ روپے، آپریٹنگ اینڈ مینٹیننس کی مد میں4 ارب روپے، یوز آف سسٹم چارجز اینڈ مارکیٹنگ فیس کی مد میں7 ارب51

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر6

منکی پاکس وائرس، بیرون ملک سے آنے والی ایئر لائنز کو ہدایات جاری

تمام مسافروں کو ماسک فراہم، ایئر لائنز اور گراؤنڈ ہینڈلنگ سروس کا عملہ ماسک لازمی پہنیں،سی اے اے

اسلام آباد(این این آئی) منکی پاکس وائرس کی روک تھام کے لیے سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بیرون ملک سے آنے والی ایئر لائنز کو ہدایات

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر7

لاہور، سابق وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف ماڈل ٹاؤن میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کے پی کے میں سرکاری فنڈز کے حصے بانٹنے پر لڑائیاں ہو رہی ہیں، عظمیٰ بخاری

جو دوسروں پر کرپشن کے الزامات لگاتے تھے ان کے اپنے وزراء اپنے ہی وزیر اعلی کو چور اور کرپٹ قرار دے رہے

علی امین گنڈا پور بالکل اپنے لیڈر کے نقشے قدم پر نہیں چل رہے، علی امین گنڈا پور اکیلے ہی کھا رہے ہیں لیکن کابینہ کو نہیں کھلا رہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمی بخاری نے کہا ہے کہ بیرسٹر سیف صاحب حقیقت یہ ہے کہ آپ سے صوبہ نہیں چل رہا، جو جماعت دوسروں پر کرپشن کے الزامات لگاتی ان کے اپنے وزراء اپنے ہی وزیر اعلی کو چور اور کرپٹ قرار دے رہے، عمران خان کے بارے میں مشہور تھا یہ کھاتا بھی ہے کھلاتا بھی ہے لیکن لگا تا نہیں۔ بیرسٹر سیف

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر9

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وزارت توانائی، پاور ڈویژن کے امور پر جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پچھلے چار ماہ سے عوام کو ریلیف دینے کی سوچ میں مصروف عمل تھے' مریم اورنگزیب

بغض، پراپیگنڈہ اور جھوٹ پھیلانے والے عناصر کو عوام کو دیا جانے والا یہ ریلیف برداشت نہیں

لاہور(این این آئی) صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) اور سابق وزیر اعظم نواز شریف نے پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے ریلیف چیلنج کا اعلان کیا ہے جس کے تحت پنجاب اور

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر13

عوام کو ریلیف دینے کے لیے جو بھی قدم اٹھانا پڑا اٹھائیں گے' ملک افضل کھوکھر

وہ دن دور نہیں جب لوگوں کو مزید خوشخبریاں ملیں گی

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ور کن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے جو بھی قدم اٹھانا پڑا اٹھائیں گے، وہ دن دور نہیں جب

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر12

عوام کو بجلی بلوں میں ریلیف کی حقیقت جلد سامنے آجائے گی' مسرت جمشید چیمہ

شکر ہے مسلم لیگ (ن) والوں نے نواز شریف کی رونمائی تو کی

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عوام کو اگست اور ستمبر کے بجلی بلوں میں ریلیف کی حقیقت جلد سامنے آجائے گی، جعلی مینڈیٹ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر11

آئی پی پیز کی گردن کاٹنا بھی چاہیں تو ٹیرف کنٹرول نہیں کر سکتے، علی پرویز ملک

آئی پی پیز سے متعلق جس نے غلط پالیسی بنائی اسے کٹہرے میں لایا جائے

لاہور(این این آئی)وزیر مملکت علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ آئی پی پیز سے متعلق جس نے غلط پالیسی بنائی اسے کٹہرے میں لایا جائے۔ خساروں پر قابو نہیں پائیں گے تو عوام

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر10

اس وقت پاکستان کا بڑا چیلنج معیشت کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے' احسن اقبال

جو بھی 9 مئی کی گھناؤنی سازش میں ملوث ہے اس کو قانون ضرور گرفت میں لے گا' وفاقی وزیر منصوبہ بندی

لاہور(این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ اس وقت پاکستان کا بڑا چیلنج معیشت کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے، آج جو معاشی مسائل کا چیلنج ہے اس کی بڑی وجہ 2018 میں ملک چھین کر ایک اناڑی کو دیدیا گیا تھا، جو بھی 9 مئی کی گھناؤنی سازش میں ملوث ہے اس کو قانون ضرور گرفت میں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر14

ہمیں اپنی قومی زبان اردو کو فوقیت دینی چاہیے، ڈاکٹر اورنگزیب

کراچی (این این آئی) وائس چانسلر شہید بینظیر بھٹو دیوان یونیورسٹی ڈاکٹر اورنگزیب خان نے قائد اعظم اکادمی کراچی کی جانب سے وطن عزیز پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے پروگرامات کے سلسلے میں منعقدہ مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مضمون نویسی مقابلے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر15

میاں چنوں، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

28 اگست کی ہڑتال کے حوالے سے آل کراچی جیولرز اور اتحادی انجمنوں کا اجلاس طلب

کراچی (این این آئی) آل کراچی جیولرز اینڈ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے سیکرٹری جنرل سید راشد علی شاہ نے تنظیم تاجران پاکستان اور آل پاکستان انجمن تاجران کی جانب سے 28 اگست کی ملک گیر ہڑتال کے اعلان پر لائحہ عمل اور متفقہ فیصلے کے لئے کراچی بھر کی اتحادی تاجر اور جیولرز

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر32

بلوچستان کی خوشحالی و ترقی پائیدار امن سے منسلک ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا فرنٹیئر کور ساوتھ بلوچستان کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ، یادگار شہداء پر حاضری

فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں ایف سی ساوتھ فرنٹ لائن پر ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں ایف سی ساوتھ فرنٹ لائن پر

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر33

کوئٹہ، وزیرداخلہ محسن نقوی یادگار شہدا پر حاضری دے رہے ہیں

کراچی، وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ بارشوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں اختلافات پر بانی پی ٹی آئی برہم

بانی پی ٹی آئی نے اراکین قومی اسمبلی عاطف خان اور جنید اکبر کو جیل میں طلب کرلیا

پشاور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) خیبر پختونخوا میں اختلافات پر بانی پی ٹی آئی برہم ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے اراکین قومی اسمبلی عاطف خان اور جنید اکبر کو طلب کرلیا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ دونوں اراکین

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر30

وفاقی حکومت ملک کی تاریخ کی کمزور ترین حکومت ہے' لیاقت بلوچ

لیاقت بلوچ اور احسن اقبال کی ملاقات میں دھرنا معاہدہ مذاکرات پر بات ہوئی

لاہور(این این آئی) جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت ملک کی تاریخ کی کمزور ترین حکومت ہے۔ جماعت اسلامی کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق لیاقت بلوچ کی وفاقی وزیر احسن اقبال

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر31

منکی پاکس وائرس، بیرون ملک سے آنے والی ایئر لائنز کو ہدایات جاری

ایئر لائنز تمام مسافروں کو ماسک فراہم کریں، ایئر لائنز اور گراؤنڈ ہینڈلنگ سروس کا عملہ ماسک لازمی پہنیں، سول ایوی ایشن

کراچی(این این آئی) منکی پاکس وائرس کی روک تھام کے لیے سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بیرون ملک سے آنے والی ایئر لائنز کو ہدایات جاری کردی ہیں۔سول ایوی ایشن اتھارٹی نے کہا ہے کہ ایئر لائنز تمام مسافروں کو ماسک فراہم کریں،

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر16

ملکی استحکام مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی ہمیشہ اولین ترجیح رہی ہے، فرح ناز اکبر

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر و رکن قومی اسمبلی فرح ناز اکبر نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلی مریم نواز شریف پاکستان کی تعمیر و ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بنانے اور عوام کے انفرادی و اجتماعی مسائل کے حل کیلئے دن رات باقی

صفحہ 7بقیہ نمبر17

انٹرنیٹ بند کیا گیا نہ سست، وی پی این کے زیادہ استعمال سے رفتار متاثر ہوئی، شزہ فاطمہ

تمام تر معاشی مشکلات کے باوجود آئی ٹی شعبے کے مطالبات پورے کیے گئے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ نے دعوی کیا ہے کہ ملک میں انٹرنیٹ بند کیا گیا نہ ہی اس کی رفتار سست کی گئی، ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) کے زیادہ استعمال کی وجہ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر29

بلاول بھٹو نے مراد علی شاہ سے سندھ میں بارش سے نقصانات کی رپورٹ طلب کرلی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے وزیر اعلی مراد علی شاہ سے سندھ میں بارش سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔اس حوالے سے بلاول بھٹو نے کہا کہ سکھر، لاڑکانہ، خیر پور میں نقصانات اور امدادی سرگرمیوں پر تفصیلی رپورٹ دی جائے، سکھر اور لاڑکانہ ڈویژن ایک بار پھر موسمیاتی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر28

پاکستان کو کمزور کرنے، سالمیت کو نقصان پہنچانے کی بہت بڑی سازش پکڑی گئی' رانا تنویر حسین

فوج انکوائری کر رہی ہے مکمل ہو گی تو سامنے لائی جائے گی ہمیں جماعتیں صبر کریں، ہمیں کام کرنے دیں

مریدکے(این این آئی)وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کو کمزور کرنے اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی بہت بڑی سازش پکڑی گئی، فوج انکوائری کر رہی ہے مکمل ہوگی تو سامنے لائی جائے گی۔سماجی رہنما افتخار احمد

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر34

حکومت نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

مزید لوگ بی آئی ایس پی میں شامل کیے جائیں گے ، ذرائع

کراچی(این این آئی) حکومت نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے، اس ضمن میں بی آئی ایس پی ہولڈرز کی تعداد ایک کروڑ تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ذرائع بی آئی ایس پی کے مطابق بی آئی ایس

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر18

ملکی مفادات سے کھیلنے والے ملک و قوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے، جمشید اختر شیخ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ(ن) کی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم لیگ(ن) ٹریڈرز ونگ اسلام آباد کے صدر و کوآرڈینیٹر ریجنل ٹیکس آفس اسلام آباد جمشید اختر شیخ نے کہا ہے کہ سیاست کی آڑ میں ملکی مفادات سے کھیلنے والے ملک وقوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے ، ملک کے سیاسی و

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر20

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزافاطمہ پریس کانفرنس کررہی ہیں

ہائیکورٹ میں رواں ہفتے دو ڈویژن، پانچ سنگل بنچز مختلف کیسز پر سماعت کرینگے

لاہور (این این آئی) موسم گرما کی تعطیلات کے 8 ویں ہفتے کے ترمیم شدہ ججز روسٹر کے مطابق سول فوجداری اپیلوں کی سماعت کیلئے دو ڈویژن اور سول اور فوجداری کیسز کی سماعت کیلئے 5 سنگل بنچز ہوں گے۔قائمقام چیف جسٹس عابد عزیز شیخ بطور سنگل بنچ کیسز کی سماعت کریں گے،

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر27

غیر قانونی افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری

غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 691,853 تک پہنچ گئی

لاہور(این این آئی) غیر قانونی افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 17 اگست 2024 تک پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 691,853 تک پہنچ چکی ہے اور واپسی کا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر35

گورنر سے تاجکستان کے سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات کو تجارت، ثقافت اور تعلیم کے شعبوں میں فروغ دینے پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے ملاقات کی۔ تاجکستان کے اعزازی قونصل جنرل میاں نذیر احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور،

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر19

جولائی میں بجلی کی قیمت 9 روپے یونٹ رہی، بل 80 روپے سے کیوں آرہا ہے؟ گوہر اعجاز

رہائشی، کمرشل، صنعتی اور زرعی تمام صارفین، اب سب دم توڑ رہے ہیں، سابق نگراں وزیر تجارت

کراچی (این این آئی) سابق نگراں وزیر تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز نے سوال اٹھایا ہے کہ جولائی میں بجلی کی لاگت 9 روپے یونٹ رہی، تو بل کیسے 80 روپے فی یونٹ تک پہنچ رہے ہیں؟ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ جولائی میں بجلی کی کل

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر26

11 سالہ پاکستانی بچے کا کارنامہ، اے آئی روبوٹ بنا لیا

محمد حسنین نے اپنے اے آئی اسسٹنٹ کا نام محمد علی رکھا ہے، جو انسان کی بات کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے

کراچی (این این آئی) کراچی سے تعلق رکھنے والے 11 سالہ محمد حسنین نے چھوٹی سی عمر میں اے آئی اسسٹنٹ روبوٹ بنا کر سب کو حیران کر دیا۔شہر قائد کے علاقے سعدی ٹاؤن سے تعلق رکھنے والے محمد حسنین نے اپنے اے آئی اسسٹنٹ کا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر36

ملک بھر میں بارشوں نے تباہی مچا دی، مختلف حادثات میں 11 افراد جاں بحق

بارش کے باعث کئی علاقوں میں سیلابی صورتِ حال، نشیبی علاقے زیر آب، لینڈ سلائیڈنگ سے سڑکیں بلاک

توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی، قلعہ عبداللہ، پشین اور زیارت میں سیلابی ریلوں سے فصلوں کو نقصان پہنچا جبکہ دیواریں اور سولر پینلز گرنے سے 10 افراد زخمی ہوئے

لاہور، فیصل آباد، ملتان، حیدر آباد، لاڑکانہ، کندھ کوٹ ، راجن پور، رحیم یار خان(این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں بارشوں نے تباہی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر21

مردان، گہری کھائی میں گری مسافر وین سے ریسکیو اہلکار زخمیوں اور لاشوں کو نکال رہے ہیں

RESCUE 1122
RESCUE 1122 KPK

گوگل کا پاکستان میں اے آئی اسٹارٹ اپس کو فروغ دینے کا عزم

اے آئی اکیڈمی کا قیام گوگل کروم بک انیشیٹو کی پہلی کامیابی ہے، کنٹری ڈائریکٹر پاکستان

کراچی (این این آئی) گوگل فار اسٹارٹ اپس نے پاکستان اور ایشیا پیسفک میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے فروغ کے لیے "اے آئی اکیڈمی"

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر25

فیصل آباد میں 100 سے زائد ٹیکسٹائل ملز بند، لاکھوں مزدور بے روزگار

انرجی ٹیرف اور مارک اپ میں اضافے کے باعث پیداواری لاگت بڑھنے سے ستارہ سمیت دیگر ملز بند

برآمدات بڑھانے کیلئے عالمی حالات نہایت سازگار مگر یہاں اگلے ماہ تک باقی ملز بھی بند ہوجائیں گی' چوہدری سلامت

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) انرجی ٹیرف اور مارک اپ میں اضافے کے باعث پیداواری لاگت بڑھنے سے فیصل آباد کی اولین ٹیکسٹائل ملز میں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر24

لاہور، پریس کلب میں الفلاح فاؤنڈیشن کے تحت لگائے گئے میڈیکل کیمپ میں صحافی بلڈ پریشر چیک کرا رہے ہیں

24 گھنٹے کے دوران کراچی ایئرپورٹ پر پہنچے مسافروں میں منکی پاکس کے شواہد نہیں ملے

اس سلسلے میں اسکریننگ مسلسل جاری ہے' بارڈر ہیلتھ سکیورٹی کی شفٹ انچارج ڈاکٹر سمعیہ

کراچی (این این آئی) مختلف ممالک سے گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران کراچی ایئرپورٹ پر پہنچے مسافروں میں منکی پاکس کے شواہد نہیں ملے، اس

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر22

بلوچستان میں بارشوں اور سیلابی ریلوں سے ریلوے نظام درہم برہم

ایک سال قبل تقریباً 4 ارب روپے سے تعمیر ہونے والا سبی ہرنائی ریلوے سیکشن 21 جولائی سے بند پڑا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بارشوں اور سیلابی ریلوں نے ریلوے کے نظام کو درہم برہم کر دیا۔ ریلوے حکام کے مطابق حالیہ مون سون

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر23

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں کیمپس مینجمنٹ سسٹم کا آغاز

ڈیجیٹلائز ادارہ بن گیا

داخلوں، امتحانات اور فنانس میں پیپر لیس کام ہوگا، طالبات اور والدین گھر بیٹھے فیس ادا کرینگے، وائس چانسلر ڈاکٹر شگفتہ ناز نے 13 ماہ میں ریکارڈ 48 پراجیکٹ مکمل کرالئے، سٹاف کو مبارکباد

یونیورسٹی ملازمین کی رکی ہوئی پروموشن بحال، انڈوومنٹ فنڈ ایک کروڑ سے بڑھ گیا۔ 13 ماہ کارکردگی

لاہور (خبرنگار) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں کیمپس مینجمنٹ سسٹم (سی۔ایم۔ایس) فعال کر دیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ ناز نے تمام ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سٹاف اور سی ایم ایس کی ٹیم کو مبارک باد دی ہے۔ اپنے پیغام میں وائس چانسلر نے کہا کہ سی ایم ایس کی تنصیب اور فعالیت سے پیپر لیس کیمپس کا میرا خواب پورا ہوگیا ہے۔ داخلے، امتحانات اور فنانس کے سب امور ڈیجیٹل ہونے سے یونیورسٹی کے اخراجات میں کمی ہوگی اور طالبات اور والدین گھر بیٹھے داخلے کی درخواست، فیس جمع کرانا، امتحانات اور ان کے نتائج سے متعلق امور نبٹا سکیں گے۔ ڈاکٹر ناز نے کہا کہ بطور وائس چانسلر انہوں نے لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں 13 ماہ میں ریکارڈ 48 پراجیکٹ مکمل کر لئے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق ڈاکٹر شگفتہ ناز لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کی پہلی پرو وائس چانسلر ہیں اور گذشتہ برس جولائی میں انہوں نے مستقل وائس چانسلر ڈاکٹر بشریٰ مرزا کی سبکدوشی کے بعد یونیورسٹی ایکٹ کے مطابق وائس چانسلر کا آفس سنبھالا۔ ڈاکٹر ناز نے 13 ماہ میں یونیورسٹی کی ترقی اور ترویج کیلئے متعدد نمایاں اقدامات کئے، انتظامی اور تدریسی شعبوں کی اوور ہالنگ پر توجہ دی۔ فنانس کے شعبے میں اصلاحات کیں اور 114 ملین روپے کی ریکوری کر کے یونیورسٹی کے خزانے میں جمع کرائے۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی پاکستان میں واحد ویمن یونیورسٹی ہے جس نے 2023 میں ٹائمز رینکنگ حاصل کی۔ سوئمنگ پول فعال کیا گیا، یونیورسٹی کے ملازمین کیلئے ہاؤسنگ سوسائٹی شروع کرنے کے اقدامات شروع ہوئے، رکے ہوئے سلیکشن بورڈز منعقد کئے، ویمن ایمپاورمنٹ کیلئے کئی مستند اداروں سے ایم او یوز کئے۔ ای روزگار پروگرام کو بحال کیا، طالبات کو اپنا تخلیقی کام کمرشل بنیادوں پر مارکیٹ کرنے کیلئے کیمپس میں جگہ فراہم کرنے کا منصوبہ دیا اور کیوروشاپ قائم کی۔ ایلومینائی پورٹل بنایا اور انہیں یونیورسٹی کی ترقی میں شانہ بشانہ کھڑا کیا۔ انڈومنٹ فنڈ کی رقم کا حجم ایک کروڑ سے اوپر پہنچا دیا۔ یونیورسٹی کی کم استعمال میں عمارت فائیو ریس کورس میں سٹیٹ آف دی آرٹ، آرٹ گیلری قائم کر دی اور یہاں پر ملٹی سٹوری پلازہ تعمیر کرنے کیلئے چیف انجینئر کو ٹاسک دے دیا۔ ایک سال میں ملازمین کی پروموشنز کا رکا ہوا کام مکمل کرایا۔ چھوٹے سکیل والے ملازمین کو انتظامی آسامیوں پر ترقی دی، کیمپس کی خوبصورتی اور بیوٹی فکیشن پر توجہ دی، معمول کے رنگ روغن کے علاوہ یونیورسٹی کی ایک دیوار پر نقشی کاری کرائی۔ یہ mosaiq آرٹ کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ اولڈ ہوسٹل، سائنس بلاک اور واٹر ٹینکس کو تعمیر و مرمت کے ذریعے شاندار بنا دیا۔ یونیورسٹی میں ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی کمی کو پورا کرنے کیلئے آسامیاں مشتہر کیں، ڈینز کیلئے پانچ نئی گاڑیاں منگوائیں۔ یو ایس اے آئی ڈی کا فنڈڈ پروگرام ہیسہ HESSA کو کامیابی سے آگے بڑھایا۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی وژن 2040 ڈویلپ کیا، حج قرعہ اندازی کے ذریعے دو ملازمین کو حج پر بھجوایا۔ طالبات اور فیکلٹی کیلئے قرآن تعلیم کی باقاعدہ کلاسیں شروع کیں۔ ایچ ای سی پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی برائے گریجوایٹ اور انڈر گریڈ نافذ کی۔ 19 ویں کانووکیشن کا کامیابی سے انعقاد کیا۔ پاک یو کے گیٹ وے موبلٹی پارٹنرشپ کے ذریعے طلباء وفود کا تبادلہ کیا۔

امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی نے صوبائی اسٹاف کے ہمراہ منصورہ میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگایا

ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اگر شجرکاری نہ کی گئی تو 2050 تک ریگستان بن جائے گا

باغوں کا شہر لاہور فضائی آلودگی میں پہلے نمبر پر آچکا ہے و جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے صوبائی اسٹاف کے ہمراہ منصورہ میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگایا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں شجرکاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قدرتی ماحول کا تحفظ ہمارا فرض ہے۔ درختوں کے بے دریغ کٹاو کی وجہ سے دن بہ دن نہ صرف درجہ حرارت بڑھتا جا رہا ہے بلکہ فضائی آلودگی میں بھی روز بہ روز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ زمین پر موجود تمام جانداروں کی بقاء کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری آپشن نہیں ہے بلکہ ضرورت ہے اور اپنے بچوں کا مستقبل بچانے کے لیے درخت لگانے انتہائی ناگزیر ہیں۔ اگر ہم املک میں درخت نہیں لگائیں گے تو اگلے 3 سالوں میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوگا۔ ملک کا مستقبل اس کے نوجوان ہیں اور ہم اپنے ملک کو سرسبز بنا کر دنیا کے لیے مثال قائم کرسکتے ہیں۔ ورلڈ بینک نے اپنی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا تھا کہ پاکستان کے چھ اضلاع ایسے ہیں جہاں اگر شجرکاری نہ کی گئی تو وہ 2050 تک ریگستان بن جائیں گے۔

لاہور: امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری صوبائی اسٹاف کے ہمراہ منصورہ میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگانے کے بعد خطاب کر رہے ہیں۔

معروف نیورو سرجن پروفیسر ڈاکٹر آصف بشیر یونائیٹڈ سٹیٹس سوسائٹی آف نیورولوجیکل سرجنز کے تاحیات اعزازی رکن منتخب

ڈاکٹر آصف بشیر کا بطور رکن انتخاب ہارورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر انتونیو چیوک کی زیر صدارت اجلاس میں خفیہ رائے شماری کے دوران ہوا

لاہور (خبرنگار) ملک کے معروف نیورو سرجن پروفیسر ڈاکٹر آصف بشیر یونائیٹڈ سٹیٹس سوسائٹی آف نیورولوجیکل سرجنز کے تاحیات اعزازی رکن منتخب ہوگئے۔ ڈاکٹر آصف بشیر کا بطور رکن انتخاب ہارورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر انتونیو چیوک کی زیر صدارت اجلاس میں خفیہ رائے شماری کے دوران ہوا۔ پروفیسر ڈاکٹر آصف بشیر کا شمار پاکستان میں موجود ان 2 نیورو سرجنز میں سے ایک میں ہوتا ہے جو امریکن بورڈ سرٹیفائیڈ ہیں۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر آصف بشیر کی پیشہ ورانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کی خدمات پر خراج تحسین بھی پیش کیا گیا۔ واضح رہے کہ نیورو سرجنز سوسائٹی کا رکن منتخب ہونا کسی بھی نیورو سرجن کیلئے سب سے بڑا اعزاز ہوتا ہے۔ ڈاکٹر آصف بشیر پنجاب انسٹیٹیوٹ آف نیورو سائنسز لاہور میں نیورو سرجری ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈین کے طور پر فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ طب کے شعبہ میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں انہیں صدارتی ایوارڈ تمغہ امتیاز سے بھی نوازا جا چکا ہے۔ سوسائٹی آف نیورولوجیکل سرجنز ہارورڈ سمیت مختلف یونیورسٹیز اور اداروں کے سربراہان پر مشتمل 100 سال سے قائم دنیا کی قدیم ترین سوسائٹی ہے۔ ڈاکٹر آصف بشیر نے نیورو سرجنز کی نمائندہ تنظیم سوسائٹی آف نیورولوجیکل سرجنز کا رکن منتخب ہونا مقام فخر قرار دیا اور اس اعتماد پر سینیئر کشنگ سوسائٹی یو ایس اے کے اراکین کا شکریہ بھی ادا کیا ہے۔

آل پاکستان انجمن تاجران کا پنجاب حکومت کے بجلی کی قیمت میں ریلیف کے اعلان کا خیر مقدم

لاہور (پ ر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے پنجاب حکومت کی جانب سے اگست اور ستمبر کے بلوں میں 14 روپے یونٹ ریلیف کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سارے ملک کے صارفین کو بلا تفریق اور سارا سال ریلیف ملنا چاہیے، حکومت تاجروں کیلئے بجلی کی مقرر کی گئی قیمتوں میں بھی کمی کرے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگی بجلی نے ہر طبقے کیلئے مشکلات پیدا کر رکھی ہیں، پنجاب حکومت کی جانب سے اگست اور ستمبر کے بلوں میں 14 روپے یونٹ ریلیف موجودہ مشکل حالات میں ہوا کا تازہ جھونکا ہے، مطالبہ ہے کہ سارے ملک کے صارفین کو بلا تفریق ریلیف دیا جائے اور یہ مخصوص مہینوں کے لئے نہیں ہونا چاہیے۔ آئی پی پیز کے معاہدوں پر نظر ثانی کرانے کیلئے بھی پیشرفت کی جائے، حکومت آئی پی پیز لگانے والے پاکستانی سرمایہ کاروں کو کیپسٹی پے منٹ کے معاملے پر قائل کر سکتی ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

لیڈرز میڈیا کلب کی جانب سے فاؤنٹین ہاؤس میں جشن آزادی تقریب

تقریب میں عہدے داران فاؤنٹین ہاؤس کے سٹاف ممبران نے شرکت کی

لیڈرز میڈیا کلب نے فاؤنٹین ہاؤس میں جشن آزادی کا کیک کاٹا۔

لاہور (خبرنگار) لیڈرز میڈیا کلب کی جانب سے فاؤنٹین ہاؤس میں جشن آزادی کے حوالے سے کیک کاٹا گیا اور ملک وقوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔ اس تقریب میں عہدے داران فاؤنٹین ہاؤس کے سٹاف ممبران نے شرکت کی۔ کلب ممبرز کو فاؤنٹین ہاؤس کے مختلف حصوں اور وارڈز کا وزٹ بھی کرایا گیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سید ڈاکٹر عمران مرتضی نے اس موقع پر کہا کہ فیملی، معاشرہ اور پروفیشنلز کی بدولت ذہنی امراض سمیت ابھرتے ہوئے کسی بھی مرض پر بخوبی قابو پایا جاسکتا ہے۔ سید علی بخاری نے کہا کہ ڈاکٹر عمران مرتضیٰ کی سربراہی میں فاؤنٹین ہاؤسز خدمت انسانی کے جذبے سے سرشار مریضوں کے علاج کیلئے شب و روز کوشاں ہیں۔ بانی صدر لیڈرز میڈیا کلب عثمان غنی کا کہنا تھا کہ فاؤنٹین ہاؤس میں 77 ویں جشن آزادی تقریب رکھنے کا مقصد معاشرے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔

محکمہ تعلیم سکول نئے سکول ٹائمنگ اور شیڈول پر نظر ثانی کرے۔ رانا انوار الحق

77 سال سے محکمہ تعلیم تجربہ گاہ بنا ہوا ہے، نئے سکول ٹائمنگ، شیڈول اساتذہ کے لیے قابل قبول نہیں۔ رانا لیاقت

لاہور (خبرنگار) پنجاب ٹیچرز یونین کے مرکزی صدر رانا انوار الحق، رانا لیاقت، سعید نامدار، نادیہ جمشید، ملک مستنصر باللہ اعوان، مصطفیٰ سندھو، آغا سلامت، چوہدری محمد علی، میاں ارشد، رانا الیاس، ملک سجاد، چوہدری عباس، طارق زیدی، مرزا طارق، رانا خالد، طاہر اسلام، غفار اعوان، نذیر گجر، اختر بیگ، مصطفیٰ وٹو، اسلم گھمن و دیگر نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم 77 سالوں سے تجربہ گاہ بنا ہوا ہے ہر حکومت تعلیمی بہتری کے نام پر نت نئی اصلاحات اساتذہ کی مشاورت کے بغیر نافذ کر کے نظام تعلیم کو تباہی کے دہانے پر لے جاتی ہے اور تباہی کی ذمہ داری اساتذہ پر ڈال کر تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے ماضی میں کبھی بھی اس طرح کی سکول ٹائمنگ اور شیڈول جاری نہیں کیا گیا کہ اساتذہ کو طلباء کی چھٹی کے بعد ایک سے ڈیڑھ گھنٹہ سکول میں رکنا پڑے۔ ہمارے ہاں پہلے ہی تعلیمی سیشن شدید موسمی حالات، سموگ اور وبائی امراض کی وجہ سے 150 سے 170 دنوں پر مشتمل ہے ان حالات میں طلباء کو مزید ہفتہ کی چھٹی دینا ان کی کارکردگی کو متاثر کرے گا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر واسا لاہور متحرک

ایم ڈی واسا غفران احمد کا بنک سٹاپ فیروز پور روڈ نشتر ٹاؤن اور نشتر کالونی ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر واسا لاہور متحرک ہے ایم ڈی واسا غفران احمد نے بنک سٹاپ فیروز پور روڈ نشتر ٹاؤن اور نشتر کالونی ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر سہیل سندھو نے ایم ڈی واسا غفران احمد کو نکاسی آب کے متعلق بریفنگ دی تمام روڈ سائیڈ پونڈنگ پوائنٹس کو فی الفور کلیئر کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ نکاسی آب آپریشن کو مزید تیز کرنے کی ہدایات دیں۔ ایم ڈی واسا نے کہا کہ ڈسپوزل اسٹیشنز کو مکمل استعداد پر چلایا جا رہا ہے تاکہ نکاسی آب کے عمل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ پانی کے نکاس کے عمل میں کسی بھی رکاوٹ کو فوری طور پر دور کرنے کے لیے اضافی وسائل اور مشینری کو یقینی بنانے کی ہدایات کی۔ ایم ڈی واسا نے کہا کہ ڈائریکٹر نشتر ٹاؤن کو ہدایات دیں کہ نکاسی آب کے عمل کی براہ راست نگرانی کے لیے تمام ٹاون کا دورہ کریں اور رپورٹ پیش کریں۔

چنیوٹ: مسلسل چھ گھنٹے بارش: ڈپٹی کمشنر کے ہنگامی دورے

ایڈمنسٹریٹر، سی او ایم سی و فیلڈ افسران اور سٹاف ہائی الرٹ رہے، پانی کلیئر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے گزشتہ روز مسلسل 6 گھنٹے ہونے والی موسلادھار بارش کی نکاسی کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے شہر کے مختلف علاقوں کے دورے کئے اور وہاں پر پانی کی تیز رفتار نکاسی کے لئے ہدایات جاری کیں، اس ضمن میں بارش کے پانی کی نکاسی کیلئے ایڈمنسٹریٹر، سی او ایم سی و فیلڈ افسران اور سٹاف ہائی الرٹ رہے اور مرکزی چوراہوں اور مین روڈز سے بارشی پانی کی نکاسی مکمل کر کے کلیئر کر دیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے نے ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن، سی او ایم سی زاہد فرید کے ہمراہ سرگودھا روڈ، جھمرہ چوک، فیصل آباد روڈ جھنگ روڈ، شاہراہ اقبال سمیت دیگر علاقوں کے وزٹ کئے اور پانی کی نکاسی کے اقدامات کو چیک کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر کے تمام علاقے بھی بارشی پانی سے کلیئر کر دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو نکاسی آب کی معیاری سروسز کی فراہمی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور بارشی پانی کی نکاسی تک فیلڈ سٹاف اپنے ڈیوٹیز پوائنٹس پر موجود رہے گا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کسی بھی شکایت کی صورت میں فری ہیلپ لائن 1718 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے کیونکہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال ہے۔

سب نیشنل گورننس پروگرام II کا جائزہ اجلاس: ڈپٹی کمشنر نے صدارت کی

ڈسٹرکٹ ٹیم لیڈ محمد ریاض، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری و دیگر کی شرکت

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت سب نیشنل گورننس پروگرام II کا جائزہ اجلاس۔ ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت سب نیشنل گورننس پروگرام II کا جائزہ اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ٹیم لیڈ محمد ریاض، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سعد بن شبیر، اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی، اخوت کے نمائندے، چیف آفیسر زمیونسپل کمیٹی قصور، مصطفی آباد، چیف آفیسر ضلع کونسل سمیت دیگر نے شرکت کی۔

الہ آباد و گردونواح میں غیر قانونی میڈیکل سٹور اور عطائی کلینکس کی بھرمار

ڈی ڈی ایچ او اور ڈرگ انسپکٹر و دیگر متعلقہ ادارے خاموش تماشائی

الہ آباد (نامہ نگار) گردونواح میں غیر قانونی میڈیکل سٹور اور عطائی کلینکس کی بھرمار محکمہ صحت سے منظوری لیئے بغیر کلینکس اور میڈیکل سٹور چلائے جا رہے ہیں ڈی ڈی ایچ او اور ڈرگ انسپکٹر و دیگر متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں شہری تنظیموں کا کارروائی کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق چونیاں، روسہ طبہ، میاں والہ گھاٹ، چھانگا مانگا، دربار شیخ علم دین، الہ آباد، شام کوٹ، کنگن پور، تلونڈی اور دیگر دیہات قصبوں اور گلی محلوں میں عطائیوں نے سرعام کلینک بنا رکھے ہیں زیادہ تر عطائی اپنے کلینکس کو عصر کی نماز کے بعد کھول کر رات گئے تک سادہ لوح عوام کو میڈیسن، انجکشن اور ڈرپیں لگا کر لوٹ رہے ہیں باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے پہلے تو عطائی سر درد، بخار یا پیٹ درد کا علاج کرتے تھے اب موزی مرض کینسر اور کورونا وائرس کے مریضوں کا بھی علاج کرتے ہیں۔

حافظ آباد: دوکاندار قیمتیں کم کرنے کی بجائے جرمانے کروانے لگے

پرائس مجسٹریٹ بھی ٹارگٹ پورا کر کے خواب خرگوش کے مزے لینے لگے

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں دوکاندار روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں کو کم کرنے کی بجائے جرمانے کروانے کو ترجیح دینے لگے۔ جبکہ پرائس مجسٹریٹ بھی روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں کو کم کروانے کی بجائے جرمانوں کا دیا ٹارگ پورا کر کے خواب خرگوش کے مزے لینے لگے جس سے غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پسنے لگے۔ تفصیلات کے مطابق پرائس کنٹرول کمیٹی نے چھوٹے گوشت کی قیمت 1380 اور بڑے گوشت کی قیمت سات سو روپے کلو مقرر کر رکھی ہے لیکن ضلع بھر میں چھوٹا گوشت دو ہزار روپے کلو میں اور بڑا گوشت گیارہ سو روپے سے بارہ سو روپے کلو تک میں فروخت ہو رہا ہے۔ اس طرح دودھ کی قیمتوں میں بھی پچاس سے ستر روپے زائد وصول کئے جا رہے ہیں۔ جبکہ ضلعی انتظامیہ کے افسران مارکیٹ کمیٹی کے عملہ کی ملی بھگت سے سبزیوں اور فروٹ کی روزانہ کی بنیاد پر جعلی ریٹ لسٹیں جاری کروا کے اپنی کارکردگی کے ڈنکے بجا رہے ہیں۔

حافظ آباد: ٹریفک پولیس کی چیرہ دستیاں: شہریوں کا شدید احتجاج

ملازمین ٹریفک رواں رکھنے کی بجائے چالان کی بھرمار میں مصروف نظر آتے ہیں، تاجر و سماجی تنظیمیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں ٹریفک پولیس کی چیرہ دستیوں اور لفٹر کے ذریعے بلاجواز گاڑیاں اٹھانے پر شہریوں نے شدید احتجاج کیا ہے۔ مرکزی انجمن تاجران اتحاد، مرکزی انجمن تاجران سمیت متعدد عوامی سماجی تنظیموں کے راہنماؤں نے کہا کہ ٹریفک پولیس کے ملازمین ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کی بجائے ہمہ وقت اپنی روزی کمانے اور چالانوں کی بھرمار میں مصروف نظر آتے ہیں جبکہ شہریوں کی گاڑیوں کو بلاجواز لفٹر سے اٹھا کر دو دو ہزار روپے جرمانہ کرنا معمول بن گیا ہے، جس کا اعلیٰ حکام کو فوری نوٹس لینا چاہئے اور ٹریفک پولیس میں بڑھتی کرپشن کے خاتمہ کے لئے سخت اقدامات بروئے کار لانے چاہئے۔

فیصل آباد: پاکستان انجینئرز فورم کے الیکشن میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر پنوں اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کے لئے آ رہے ہیں جبکہ انجینئر شاہد شوکت انجینئر رانا اظہر حسین، مہد اسماعیل، عدیل اکبر گجر، نبیل گجر و دیگر ووٹرز اینڈ سپورٹرز بھی موجود ہیں۔

ننکانہ صاحب: پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی ضلع میں 30 ہزار 4 سو 75 مقامات کی انسپکشن

چیکنگ کے دوران خلاف ورزی کے مرتکب 769 افراد کو مجموعی طور پر 17 لاکھ 46 ہزار روپے کا جرمانہ عائد

ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت اور ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر نگرانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس ضلع کے ہر علاقے کی شاپس، اسٹورز، گوشت کی دوکانوں، پٹرول پمپس، سبزی و پھل کی دوکانوں، ہوٹلز اور تندوروں پر نان و روٹی کی مقرر کردہ قیمتوں پر عملدرآمد کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس نے پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خاور حفیظ نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کیم اگست سے ابتک پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے ضلع کے 30 ہزار 4 سو 75 مختلف مقامات کی انسپکشن کی۔ چیکنگ کے دوران خلاف ورزی کے مرتکب 769 افراد کو مجموعی طور پر 17 لاکھ 46 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ جبکہ ایک دوکاندار کو گرفتار اور ایک کے خلاف مقدمہ درج کروایا گیا ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے کہا کہ تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور تمام ضلعی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری نرخوں پر گوشت کی فروخت کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ نان وروٹی سمیت بریڈ کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کے لیے ضلعی افسران فیلڈ میں 24 گھنٹے مکمل متحرک رہ کر دوکانوں کی انسپکشن کر رہے ہیں جہاں حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کی نشاندھی ہوتی ہے اس علاقے میں سخت کاروائی عمل میں لاتے ہوئے متعلقہ دوکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کیے جا رہے ہیں۔

دریائے چناب کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دریائے چناب کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ایک لاکھ 25 ہزار کیوسک پانی کا سیلابی ریلا دریائے چناب سے گزر رہا ہے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے 10 مقامات پر فلڈ ریلیف کیمپ لگا دیے گئے انتظامیہ کی طرف سے فلڈ وارننگ جاری تفصیلات کے مطابق دریائے چناب کے مقام پر ایک لاکھ 25 ہزار کیوسک پانی کا سیلابی ریلا جھنگ کی طرف رواں دواں پانی کی سطح میں کمی ہونا شروع۔ ضلعی انتظامیہ چنیوٹ کی طرف سے ضلع بھر میں سیلاب کے خطرے کے پیش نظر 10 مقامات میں فلڈ ریلیف کیمپ قائم کر دیے گئے ہیں۔

تھانہ الہ آباد پولیس کی کارروائی:

بدنام زمانہ ڈرگ ڈیلر سلیم میو گرفتار

الہ آباد (نامہ نگار) تھانہ الہ آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے نواحی گاؤں ڈھٹے سے بدنام زمانہ ڈرگ ڈیلر سلیم میو کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات تقریباً تین کلو چرس اور افیون جبکہ 1050 گرام آئس برآمد ہوئی ہے ایس ایچ او عابد محمود چھینہ نے میڈیا کو بتایا کہ ملزم سلیم عرصہ دراز سے مکروہ کاروبار چلا رہا تھا چند روز قبل ملزم کی منشیات سپلائی کی ویڈیو بھی وائرل ہوئی تھی۔ ڈی پی او قصور عیسیٰ خان نے ویڈیو وائرل ہونے کے بعد ملزم کی گرفتاری کے لیئے اسپیشل ٹیم تشکیل دی تھی بدنام زمانہ منشیات فروش کی گرفتاری پر ڈی پی او قصور نے ایس ایچ او الہ آباد، سب انسپکٹر فیاض اور دیگر ملازمین کو شاباش دی ہے

DPO سیالکوٹ ٹرانسفر، سید غضنفر علی شاہ نئے DPO تعینات

سید غضنفر علی شاہ کا شمار پنجاب پولیس کے قابل پولیس آفیسرز میں ہوتا ہے

ڈی۔پی۔او سیالکوٹ محمد حسن اقبال ٹرانسفر، سید غضنفر علی شاہ نئے ڈی۔پی۔او سیالکوٹ۔ بطور ایس۔ایس۔پی ہیڈ کوارٹرز لاہور میں بہترین کارکردگی پر حال ہی میں 19 ویں گریڈ میں ترقی پانے والے سید غضنفر علی شاہ کا شمار پنجاب پولیس کے قابل پولیس آفیسرز میں ہوتا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بطور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ آرڈرز کر دیے۔ مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر سیالکوٹ کا سید غضنفر علی شاہ کی تقرری پر خیر مقدم و نیک تمناؤں کا اظہار۔

محمد عمر بٹ کیجانب سے قوت بیورو کو پر تکلف عشائیہ دیا گیا

سینئر صحافی خواجہ عامر جاوید کو ایوارڈ ملنے پر میڈیا ٹیم کی مبارکباد

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سینئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید کے 23 سالہ پیشہ وارانہ مثبت صحافتی امور کی انجام دہی کے اعتراف میں ملنے والے متعدد بیسٹ سٹوری رپورٹر و بیسٹ پرفارمنس ایوارڈز میں گزشتہ دھائیوں سے بہتر کامرس رپورٹنگ پر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ ایوارڈ پر پاکستان میڈیا ٹوڈے کی ساری ٹیم سمیت شہر اقبال سیالکوٹ کے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر کی جانب سے ہمارے میڈیا ٹیم لیڈر کو خراج تحسین پیش کیا جانا ہمارے لئے باعث عزت و افتخار ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ سٹی کرائم رپورٹر محمد عمر بٹ نے روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید کے اعزاز میں گرین اپیل ریسٹورنٹ میں منعقدہ تقریب میں پر تکلف عشائیہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر پاکستان میڈیا ٹوڈے ٹیم کے صحافیوں سمیت نوجوان ٹک ٹاکر سعد صفدر بٹ نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان میڈیا ٹوڈے کے گروپ لیڈر و ڈائیریکٹر نیوز اینڈ کرنٹ افیئرز خواجہ عامر جاوید کو ملکی سطح اور ملکی سرکاری و پرائیویٹ سیکٹر کے اداروں کیلئے انکی مثبت رپورٹنگ پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میڈیا ٹوڈے ٹیم گروپ لیڈر خواجہ عامر جاوید نے ہمیشہ ہم تمام صحافیوں کو ملک و قوم اور مسلح افواج پاکستان و پاکستان پولیس کیلئے انفارمیشن بیسڈ گرین جرنلزم کے فروغ کی تربیت دی ہے۔

جہلم: کورین سفیر پارک کیجون کی سکندر اعظم کی یادگار جلال پور شریف آمد

ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی اور اے سی پی ڈی خان حلیمہ منیر نے کورین سفیر کا استقبال کیا

پاکستان اور کوریا کے درمیان تعلقات مزید بہتر ہوں گے کورین سفیر کی گفتگو

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کورین سفیر پارک کیجون کی سکندر اعظم کی یادگار جلال پور شریف آمد، میوزیم کا دورہ، شجر کاری کی، پاکستان اور کوریا کے درمیان تعلقات مزید بہتر ہوں گے کورین سفیر کی گفتگو، تفصیلات کے مطابق کورین سفیر پارک کیجون نے ضلع جہلم کے علاقے جلال پور شریف میں سکندر اعظم کی یادگار کا دورہ کیا جہاں ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی اور اے سی پی ڈی خان حلیمہ منیر نے ان کا استقبال کیا، ڈپٹی کمشنر جہلم نے کورین سفیر کو سکندر اعظم کی یادگار بارے آگاہی دی، جس کے بعد انہوں نے یادگار سے ملحقہ میوزیم کا دورہ کیا اور سکندر اعظم کی یادگار کے حوالے سے تاریخی چیزوں کا مشاہدہ کیا، کورین سفیر نے خیر سگالی کے طور پر یادگار کے قریب شجر کاری بھی کی، ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے کہا کہ ہم کورین سفیر کے شکر گزار ہیں جنہوں نے یادگار کا دورہ کیا اور میوزیم کو دیکھا یہ ضلع جہلم کا چھپا ہوا خزانہ ہے کورین سفیر کا یہاں آنا ہمارے لئے بہت اہم ہے جس سے دونوں ملکوں کے تعلقات بہتر ہوں گے اور دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کو فروغ ملے گا کورین سفیر پارک کیجون نے کہا کہ مجھے یہاں آ کر بہت خوشی ہوئی اور میں آج یہاں پہلی دفعہ آیا ہوں اس سے کوریا اور پاکستان کے درمیان خوشگوار تعلقات کو فروغ ملے گا ایسے تاریخی مقامات پر لوگوں کے آنے جانے سے سیاحت میں اضافہ ہوگا جو پاکستان کے مستقبل کو روشن بنانے میں مددگار ہوگا۔

جہلم: کورین سفیر پارک کیجون سکندر اعظم کی یادگار، میوزیم کے دورے کے موقع پر شجر کاری اور وزیٹر بک میں تاثرات قلمبند کرتے ہوئے۔

جہلم امن کمیٹی کا اجلاس ڈی سی سیدہ رملہ علی کی زیر صدارت اجلاس

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم امن کمیٹی کا اجلاس ڈی سی سیدہ رملہ علی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ڈی پی او ناصر باجوہ، ممبران امن کمیٹی اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع جہلم میں امن وامان کی صورتحال اور بین المسالک ہم آہنگی پر غور کیا گیا جبکہ چہلم شہدا کربلا کے موقع پر امن قائم رکھنے کے لیے انتظامی وسکیورٹی پلان پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے کہا کہ جس طرح محرم الحرام اور جشن آزادی کے موقع پر شہریوں نے ضلع کا امن برقرار رکھا۔

فیسکو جھنگ ڈویژن: 10 ماہ میں 464 بجلی چور پکڑے، سرکل بھر میں سبقت

4 کروڑ 38 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد، مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج

جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو جھنگ ڈویژن نے دس ماہ میں 464 بجلی چور پکڑ کر سرکل بھر میں سبقت حاصل کر لی بجلی چوروں کو 4 کروڑ 38 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ مقدمات بھی درج کروا دیے گئے تفصیلات کے مطابق وزارت پاور ڈویژن کے احکامات پر بجلی چوروں کے خلاف چلائی جانیوالی مہم کے دوران چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کی ہدایت پر اور ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کی زیر نگرانی ایکسین فیسکو جھنگ ڈویژن راؤ انعام الحق نے بجلی چوروں کے خلاف سخت کارائیاں کرتے ہوئے دس ماہ کے دوران 464 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا اور انہیں 4 کروڑ 38 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج کروا دیے گئے واضح رہے کہ اس عرصہ کے دوران جھنگ ڈویژن سیکنڈ نے 332 بجلی چور اور سلطان باہو ڈویژن نے 287 بجلی چوروں کو پکڑا تھا

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد سندس ارشاد کی ہدایت پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی مہنگے داموں اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے والے دوکاندارں کیخلاف کاروائیاں جاری

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد سندس ارشاد کی ہدایت پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی مہنگے داموں اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے والے دوکاندارں کیخلاف کاروائیاں جاری۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے رواں ماہ کے دوران مہنگے داموں کریانہ، سبزی، فروٹ، گوشت، روٹی، نان، بریڈ سمیت دیگر اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے پر 894 دوکانداروں کو مجموعی طور پر 27 لاکھ 93 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں محمد اشفاق احمد نے مہنگے داموں اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے پر 45 دوکانداروں کو ایک لاکھ 76 ہزار، اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد منور حسین نے 23 دوکانداروں کو ایک لاکھ 75 ہزار، تحصیلدار ندیم معصور برتھ نے 24 دوکانداروں کو 94 ہزار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات نوید احمد نے 53 دوکانداروں کو 82 ہزار، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد عاطف علی نے 66 دوکانداروں کو 75 ہزار، سی او ایم سی پنڈی بھٹیاں اکرام اللہ سندھو نے 24 دوکانداروں کو 72 ہزار، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف نے 15 دوکانداروں کو 71 ہزار، سی او ایم سی حافظ آباد انصر محمود ساہی نے 32 دوکانداروں کو 60 ہزار، ایم او آر میونسپل کمیٹی حافظ آباد فروا یوسف نے 19 دوکانداروں کو 52 ہزار، تحصیلدار پنڈی بھٹیاں مظہر حسین گوندل نے 31 دوکانداروں کو 51 ہزار، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز رانا گلفام حیدر نے 10 دوکانداروں کو 47 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے مہنگے داموں روٹی اور نان فروخت کرنے پر رواں ماہ کے دوران متعدد ہوٹل اور تندور مالکان کو 8 لاکھ 66 ہزار جبکہ مہنگے داموں بریڈ فروخت کرنے پر متعدد بیکری مالکان کو ایک لاکھ 40 ہزار روپے جرمانہ کیا۔

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد کی ہدایت پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مہنگے داموں اشیائے خورد ونوش فروخت کرنیوالے دوکانداروں کو جرمانے کر رہے ہیں۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

ڈسکہ میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا گیا ہے۔ میاں ذیشان رفیق

شہباز شریف تفریحی پارک کے جامع منصوبے پر بھی کام شروع کردیا گیا اور کھیلوں کے فروغ کیلئے بین الاقوامی معیار کی سہولیات مہیا کرنا کیلئے سپورٹس ارینا تعمیر کیا جائے گا

سڑکوں اور گلی۔ کی تعمیر نو اور سیوریج کے نظام کو اپ گریڈ، اسٹریٹس لائٹس، میونسپل سروسز کے معیار کو بہتر بنایا جارہا ہے، صوبائی وزیر بلدیات کا یوم آزادی پر بہترین خدمات دینے والے اہلکاروں کے اعزاز میں تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ڈسکہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ جشن آزادی کی تقریبات کا شایان شان انعقاد کیا گیا، اس سلسلہ میں جانفشانی اور محنت سے فرائض منصبی انجام دینے والے افسران اور ملازمین مبارکباد کے مستحق ہیں یہ بات انہوں نے آج جشن آزادی کی تقریبات کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے بہترین خدمات انجام دینے والے اہلکاروں کے اعزاز میں تقریب حسن کارکردگی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ انور علی کانجو اور سی او ایم سی ڈسکہ الفت شہزاد کے علاوہ مسلم لیگ ن کے مقامی عہدیداران اور کارکنان بھی تقریب میں شریک تھے۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اپنے حلقہ کی تعمیر وترقی کیلئے ٹیم قابل آفیسر الفت شہزاد وڑائچ کے ہمراہ دن رات کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ حلقہ پی پی 51 اور بالخصوص ڈسکہ سٹی میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا ہے جہاں سڑکوں اور گلی۔ کی تعمیر نو اور سیوریج کے نظام کو اپ گریڈ، اسٹریٹس لائٹس، میونسپل سروسز کے معیار کو بہتر بنایا جارہا ہے وہی پر ڈسکہ کے عوام کی تفریح کیلئے نہر کے ساتھ شہباز شریف تفریحی پارک کے جامع منصوبے پر بھی کام شروع کردیا گیا اور کھیلوں کے فروغ کیلئے بین الاقوامی معیار کی سہولیات مہیا کرنا کیلئے سپورٹس ارینا تعمیر کیا جائے گا۔

سیالکوٹ: صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق جشن آزادی کی تقریبات میں بہترین خدمات انجام دینے والے سرکاری اہلکاروں میں حسن کارکردگی ایوارڈ کی تقریب کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

صنعتی شعبہ میں ترقی کیلئے بجلی کی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے۔ اظہر حمید بھٹی

کاسٹ آف پروڈکشن میں اضافے میں کلیدی کردار ایکسپورٹرز کو مہنگی بجلی کے بلوں کی ادائیگی ہے

ملکی استحکام کیلئے معاشی ترقی اہم ہے۔ معروف بزنس مین



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ملکی ترقی واستحکام کیلئے صنعتی شعبہ کیلئے بجلی کی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے۔ کاسٹ آف پروڈکشن میں اضافے میں کلیدی کردار ایکسپورٹرز کو مہنگی بجلی کے بلوں کی ادائیگی ہے۔ ان باتوں کا اظہار ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کثیر زرمبادلہ ملک کو کما کر دے رہا ہے جس کی مثال کرونا کے دوران بھی احتیاطی تدابیر اختیار کرکے دکھانے والی سیالکوٹ سے دنیا بھر میں کی جانیوالی ایکسپورٹس تھیں جب دنیا بھر کے ممالک کے بزنس تنزلی کے شکار تھے۔ ہماری حکومت کو چاہیے کہ وہ برآمدی شعبہ سے وابستہ تاجروں کی ایکسپورٹس کیلئے بہتر پالیسی اختیار کرے انشاء اللہ سیالکوٹ کے ایکسپورٹرز زرمبادلہ دوگنا کرکے دکھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

چیئرپرسن چیف منسٹر ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ کے ہنگامی دورے

فیصل آباد: چیئرپرسن چیف منسٹر ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول کمیٹی سلمیٰ بٹ تندوروں پر روٹی کی مقررہ قیمت، وزن، میگا مارٹ کے ڈی سی کاؤنٹر پر اشیاء کی دستیابی، معیار، قیمتوں، کریانہ سٹور پر نرخناموں کی موجودگی اور سہولت سیل سنٹر پر قیمتوں کی چیکنگ کررہی ہیں۔

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) چیئرپرسن چیف منسٹر ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ نے فیصل آباد دورہ کے دوسرے روز پرائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد کی چیکنگ کے لئے ہنگامی دورے کئے۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی فیصل احمد بھی ہمراہ تھے۔ چیئرپرسن نے مختلف علاقوں میں تندوروں پر روٹی کی مقررہ قیمت اور وزن پورا ہونے کو چیک کیا۔ انہوں نے تندوروں پر روٹی لینے آئے ہوئے صارفین سے روٹی کی قیمت بارے دریافت کیا اور کہا کہ ضلع بھر میں تندوروں پر 13 روپے کی 100 گرام وزنی روٹی دستیاب ہے۔ انہوں نے مختلف محلوں ومین شاہرات پر کریانہ شاپس کا بھی دورہ کیا اور دکانوں پر نرخناموں کی موجودگی کو چیک کیا اور مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فروخت یقینی بنانے کی تاکید کی۔

سیالکوٹ: ناجائز منافع خوروں کیخلاف گرینڈ آپریشن

متعدد مقدمات درج

لہائی بازار سیالکوٹ میں سبزیوں، پھلوں، بیف، چکن، مٹن اور کریانہ شاپس پر چھاپے مار کر زائد المعیاد، گراں فروشی اور پرائس لسٹ آویزاں نہ کرنے کی پاداش میں موقع پر جرمانے کئے اور آئندہ خلاف ورزی پر مقدمات درج کروانے کی وارننگ جاری کیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر کا لہائی بازار میں ناجائز منافع خوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن، مقررہ داموں سے زائد قیمت وصول کرنے کی پاداش میں 4 دکانداروں کو موقع پر گرفتار کرکے ان کے خلاف پرائس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کروا دیا، مردہ مرغیوں اور باسی گوشت دکان سے برآمد ہونے پر دکاندار موقع پر گرفتار، فوڈ اتھارٹی کو تحقیقات کی ہدایات جاری۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر نے پرائس مجسٹریٹس ڈاکٹر احمد ناصر، نیئر عباس اور عدنان ملک کے ہمراہ آج لہائی بازار سیالکوٹ میں سبزیوں، پھلوں، بیف، چکن، مٹن اور کریانہ شاپس پر چھاپے مار کر زائد المعیاد، گراں فروشی اور پرائس لسٹ آویزاں نہ کرنے کی پاداش میں موقع پر جرمانے کئے اور آئندہ خلاف ورزی پر مقدمات درج کروانے کی وارننگ جاری کیں۔ صالو گجر کی گلی میں چکن فروش سے مردہ مرغی اور اس کے فریزر سے بدبودار گوشت برآمد ہونے پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکاندار کو گرفتار کرکے دکان سیل کردی اور فوڈ اتھارٹی حکام کو اس کی تحقیقات کرکے کیس پنجاب فوڈ اتھارٹی کو بھجوانے کی ہدایت، اسسٹنٹ کمشنر نے سری پائے کی شاپس پر گندگی کا نوٹس لیتے ہوئے دکانیں سیل کرنے اور دکانداروں کو گرفتار کروا دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مہنگا پیاز، روٹی، گوشت اور آلو فروخت کرنے کی پاداش میں 25 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ مجموعی طور پر 10 دکانوں کو سیل کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر نے کریانہ شاپس پر ڈی سی کاونٹر کا بھی معائنہ کیا اور وہاں پر فروخت ہونے والی دالوں، چاول اور بیسن کی معیار اور وزن کی پڑتال کی۔ اسٹنٹ کمشنر نے زائد المعیاد سرکہ اور مشروبات فروخت کرنے پر دکان سے زائد المعیاد مال فوری اٹھوانے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام دکاندار زائد المعیاد چیزیں ڈسپلے میں نہ رکھیں اور ان سے برآمد ہونے پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر نے موقع پر موجود میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ رواں ماہ کے دوران 1287 دکانداروں کو اب تک 62 لاکھ روپے جرمانہ کیا جاچکا ہے اور 91 دکانداروں کو موقع پر گرفتار کیا ہے جبکہ ڈیڑھ ہزار دکانداروں کو وارننگ بھی جاری کی گئی ہے۔

سیالکوٹ: اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر کہائی بازار میں گراں فروشوں کیخلاف کارروائی کررہی ہیں، پرائس مجسٹریٹ ڈاکٹر احمد ناصر، نیئر عباس اور عدنان ملک بھی ہمراہ ہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ فوڈ سیفٹی ٹیموں کی رات گئے تک بڑی کاروائی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ فوڈ سیفٹی ٹیموں کی رات گئے تک بڑی کاروائی چنیوٹ کے شہری انتہائی مضرِ صحت گوشت کھانے سے بچ گئے تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے شہر کی منڈی باوا لال میں واقع خفیہ اور غیر قانونی میٹ (گوشت) سٹور کا سراغ لگا کر چھاپہ مارا اور موقع پر تقریباً 350 کلو گرام سے زائد انتہائی مضرِ صحت گوشت برآمد کیا گوشت کی مبینہ طور پر چنیوٹ کے ہوٹلوں اور فوڈ پوائنٹس پر سپلائی کی جاتی تھی 350 کلوگرام سے زائد بدبودار غیر مہر شدہ اور مضرِ صحت گوشت کو تلف کر دیا گیا اور پچاس ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا ہے کہ شہریوں کو خالص، صحت بخش اور صاف خوراک کی فراہمی کے لیے صحت دشمن عناصر کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری رہیں گی

سوسائٹی کو سرسبز وشاداب بنانا ہے۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

ممبران کو کیش انعامات اور شیلڈیں دی جائیں گی۔ صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فرزند سیالکوٹ قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سوسائٹی کو سرسبز وشاداب بنانا ہے ممبران اپنے گھروں کے باہر پودے لگائیں پودے لگائیں جنت میں گھر بنائیں پودوں کی افادیت یہ ہے کہ انسانی صحت کیلئے بہتر نشوونما ممکن ہوجاتی ہے پودوں کی آکسیجن انسانی زندگی کو صحت مند اور توانا رکھتی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ سایہ دار درخت زندگی میں بہت بڑی نعمت ہیں ہم نے مل جل کر سوسائٹی کو سرسبز وشاداب بنانا ہے اور گرین ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کا جو خواب دیکھا ہے اسے ہر صورت میں پورا کرنا ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں شجر کاری کا باقاعدہ مقابلہ ہوگا مقابلے میں جو ممبر اپنے گھروں کے آگے خوبصورت پودے لگائیں گے نمایاں کارکردگی دکھانے والے ممبران کو کیش انعامات اور شیلڈیں دی جائیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی سجاول علی وسیم، ممبران، ایگزیکٹو ممبران اور رفقاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہمارا خواب ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو سرسبز وشاداب سوسائٹی بنانا ہے جو اپنی مثال آپ ثابت ہوگی ہر سال ترجیحی بنیادوں پر شجر کاری مہم چلائی جاتی ہے اور زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جاتے ہیں تاکہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے اندر زیادہ سے زیادہ پودے لگیں اور ان پودوں کی بدولت ماحول صاف ستھرا میسر آسکے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اس مہم میں ضرور حصہ لیں اور اپنے گھروں کے باہر خوبصورت پودے لگائیں تاکہ سوسائٹی خوبصورتی میں میں نمایاں نظر آئے

جہلم بجلی کی فی یونٹ قیمت میں ایک ماہ کیلئے معمولی کمی کا امکان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بجلی کی فی یونٹ قیمت میں ایک ماہ کیلئے معمولی کمی کا امکان۔ ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں فی یونٹ 31 پیسے کمی کی درخواست دائر، نیپرا میں دائر کردی گئی ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے درخواست نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی میں دائر کی گئی ہے۔ سی پی پی اے کی جانب سے دائر درخواست جولائی کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں نیپرا اتھارٹی کو دی گئی ہے، جس پر نیپرا 28 اگست کو سماعت کرے گی۔

اسسٹنٹ کمشنرز کے ہسپتالوں کے دورے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور طبی سہولیات کو چیک کیا

قصور (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنرز کے ہسپتالوں کے دورے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور طبی سہولیات کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنرز کے ہسپتالوں کے دورے طبی سہولیات کی فراہمی کو چیک کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انور نے بنیادی مرکز صحت گہلن ہٹھاڑ، اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن ڈاکٹر محمد انس سعید نے بنیادی مرکز صحت رام تھمن اور اسسٹنٹ کمشنر تحصیل پتوکی رانا امجد محمود نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کرکے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی، میڈیسن کی دستیابی سمیت دیگر طبی سہولیات کو چیک کیا۔

ڈی پی او جھنگ گریڈ 19 میں ترقیاب: آئی جی نے پروموشنل رینگ لگا دیئے

عوامی وسماجی حلقوں کی جانب سے پرموشن ملنے پر مبارکباد کے پیغامات

جھنگ: آئی جی پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ڈی پی او محمد راشد ہدایت کو گریڈ 19 میں ترقیاب ہونے پر پروموشنل رینگ لگا رہے ہیں۔

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او جھنگ محمد راشد ہدایت ایس پی سے گریڈ 19 میں ایس ایس پی کے عہدے پر ترقی یاب ہوگئے ہیں جس پر آئی جی پولیس پنجاب ڈاکٹر محمد عثمان انور نے ڈی پی او محمد راشد ہدایت کو پروموشنل رینک لگا دیے ہیں ڈی پی او محمد راشد ہدایت ایک دیانتدار، محنتی، قابل، خوش اخلاق اور عوام دوست پولیس آفیسر ہیں ان کا شمار پنجاب پولیس کے منجھے ہوئے زیرک افسران میں ہوتا ہے وہ اپنی کارکردگی کی بدولت منفرد شناخت رکھتے ہیں اور عوام میں ان کی پذیرائی کا یہ عالم ہے کہ لوگ ان کی تعیناتی کے دور کو بھلا نہیں پاتے وہ چوبیس گھنٹے عوام کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں ان کی تعیناتی سے ضلع بھر میں جرائم کی شرح میں کمی واقع ہوئی ہے عوامی وسماجی حلقوں حلقوں کی جانب سے پروموشن پر مبارکباد دیتے ہوئے مزید بہتر کارکردگی کی امید ظاہر کی گئی۔

گذشتہ روز درینہ دشمنی کی بناپر فائرنگ سے تیسرا زخمی بھی چل بسا

شورکوٹ (نمائندہ قوت) گذشتہ روز درینہ دشمنی کی بنا پر فائرنگ سے تیسرا زخمی بھی چل بسا تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز درینہ دشمنی اور مقدمہ بازی کی رنجش پر تاریخ پیشی پر آتے ہوئے تین لوگوں پر رمضان نامی شخص رمضان ڈب نے فائرنگ کردی تھی دو افراد موقع پر دم توڑ گئے تھے آج تیسرا زخمی رمضان بھی ہسپتال می دم توڑ گیا واضح رہے کہ فائرنگ کرنے والے شخص کو ایس ایچ او شورکوٹ چوہدری فیصل رزاق کاہلوں نے فوری کاروائی کرکے گرفتار کرلیا تھا۔

بے شمار قربانیوں کے بعد پاکستان وجود میں آیا، مفتی علامہ ڈاکٹر امتیاز احمد حقانی

آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے، جامعہ تعلیم القرآن میں تقریب سے خطاب



چنیوٹ: جامعہ تعلیم القرآن می منعقدہ تقریب کے دوران علامہ امتیاز احمد حقانی خطاب کرتے ہوئے جبکہ بچے ملی نغمے وترانے پیش کررہے ہیں۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے قیام پاکستان کے وقت بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ہمارا ملک بے شمار قربانیوں کے بعد وجود میں آیا آج ہم ایک آزاد ملک کی حیثیت سے زندگی بسر کررہے ہیں ان خیالات کا اظہار معروف عالم دین مفتی علامہ ڈاکٹر امتیاز احمد حقانی نے جامعہ تعلیم قرآن محلہ چاہ ٹبیانوالہ چنیوٹ میں منعقد تقریب سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر جامع تعلیم القرآن کے بچوں نے ملی نغمے اور قومی ترانہ پیش کیا جبکہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر علامہ امتیاز احمد حقانی نے کہا کہ پاکستان بے شمار قربانیوں کے بعد وجود میں آیا ہمارے آباؤ اجداد نے قیام پاکستان کے وقت بڑی قربانیاں دیں آج پاکستان ہے تو ہم ہے پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے ہمیں اپنے اداروں اور پاک افواج پر بڑا فخر ہے پاکستان کی سالمیت اور بقاء کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

شرقپور شریف ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق، باپ اور چچا زخمی، زخمیوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور منتقل کردیا گیا، تفصیلات کے مطابق شرقپور کے نواحی گاؤں ٹھٹھہ لادوے کے قریب ریت سے بری ٹرالی نے موٹر سائیکل سوار تین افراد کو ٹکر دے ماری جس کے نتیجہ میں 18 سالہ فیضان ٹرالی کے نیچے آکر موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ اس کا والد محمد علی اور چچا شدید زخمی ہوگئے جن کو ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور منتقل کردیا گیا جاں بحق ہونے والا فیضان شرقپور کے نواحی گاؤں ڈھاکے کا رہائشی ہے۔ پولیس نے موقع سے شواہد اکھٹے کرکے تفتیش شروع کردی۔

ڈپٹی کمشنر آصف رضا کا فلڈ ریلیف کیمپ کا دورہ، انتظامات کا جائزہ

ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 9 فلڈ ریلیف کیمپس مکمل فعال ہیں، میڈیا سے گفتگو

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا شاہراہ اقبال پر بارش کے پانی کی نکاسی کے اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کا موضع ساہمبل کا دورہ، اسسٹنٹ کمشنر بھوانہ طارق محمود گوندل و دیگر بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے موضع ساہمبل میں لگائے گئے فلڈ ریلیف کیمپ میں متعلقہ محکموں کے سٹاف کی دستیابی کو چیک کیا، انہوں نے فلڈ ریلیف کیمپ میں حفاظتی اقدامات، ادویات سمیت دیگر مشینری کو چیک کیا، ڈپٹی کمشنر نے نشیبی علاقے موضع ساہمبل کے مکینوں سے بھی ملاقات کی، علاقہ مکینوں نے ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر کیے گئے انتظامات پر ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے موضع ساہمبل میں دریائے چناب کے کنارے بنائے گئے حفاظتی سٹڈز کے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کا کہنا تھا کہ موضع ساہمبل کو دریائی کٹاؤ سے بچانے کیلئے سٹڈز بنائے گئے ہیں اور کٹاؤ رک گیا ہے، انکا کہنا تھا کہ اس وقت دریائے چناب میں تقریباً 45 ہزار کیوسک پانی کا ریلہ گزر رہا ہے، آنے والے 24 گھنٹوں میں اس میں مزید کمی ہوجائے گی، انکا مزید کہنا تھا کہ ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 9 فلڈ ریلیف کیمپس مکمل فعال ہیں اور کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام محکمے الرٹ ہیں۔

اوکاڑہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کاروائی، فوڈ سیفٹی ٹیم کا ملک کولیکشن سنٹر پر چھاپہ، 2000 لیٹر مضر صحت دودھ پکڑ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کاروائی، فوڈ سیفٹی ٹیم کا ملک کولیکشن سنٹر پر چھاپہ، 2000 لیٹر مضر صحت دودھ پکڑ لیا، یونٹس مالک کیخلاف مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ فوڈ سیفٹی افیسر توحید الرحمن نے اپنے عملے کے ہمراہ منڈی احمد اباد کے گاؤں بھانہ صاحبہ میں ایک ملک کولیکشن سنٹر پر دوران چیکنگ ملاوٹی مصنوعی اجزاء سے مضر صحت دودھ تیار ہوتا پایا۔ جس پر مزید چیکنگ کے دوران مضر صحت دودھ بنانے میں استعمال کئے جانے والے اجزاء بھاری تعداد میں پائے گئے جبکہ ملک کولیکشن سے 2000 لیٹر مضر صحت دودھ برامد کر کے تلف کرنے کی معلومات موصول ہوئیں ہیں۔۔ ملک کولیکشن سنٹر پر سکمڈ ملک پاؤڈر، پام آئل سے جعلی دودھ تیار کیا جارہا تھا۔ یونٹ میں معروف برانڈز کے نام سے لیبلنگ کی جارہی تھی چھاپہ مار ٹیم کو دیکھتے ہی مالک اور ورکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ فوڈ اتھارٹی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ہزاروں لٹر دودھ تلف کردیا جبکہ بھاری مقدار میں سامان ضبط کرلیا۔

پاکستان کو بنانے کا اور ایک جذبہ بچانے کا ہے، عبدالرازق ملک

یہ ملک بھی لاالہ کے نام پر حاصل کیا گیا ہے یہ کبھی بھی ختم نہیں ہوسکتا

سنٹر کا آغاز 2014 سے محدود پیمانے پر ہوا تھا ملک کے 80 شہروں سے لوگ یہاں داخل ہیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) یہ ملک لاالہ کے نام پر حاصل کیا گیا تھا جو چیز لاالہ کے نام پر حاصل کی جائے وہ کبھی ختم نہیں ہوتی اور یہ ملک بھی لاالہ کے نام پر حاصل کیا گیا ہے یہ کبھی بھی ختم نہیں ہو سکتا، ایک جذبہ 1947 میں تھا پاکستان کو بنانے کا اور ایک جذبہ اب ہے پاکستان کو بچانے کا۔ جو اس وقت ملک کے حالات ہیں مہنگائی، بے روزگاری وغیرہ ہے۔ منشیات کے نشے میں جو لوگ مبتلا ہیں ان کو ان کی اصل زندگی کی طرف لانا بھی کسی نیک جذبے سے کم نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابقہ چیئرمین عبدالرازق ملک نے فیصل آباد ٹرک منشیات ونفسیات سنٹر نزد دنمبر غلام محمد آباد میں جشن آزادی ایک شاندار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آزادی کی قدر وقیمت ان لوگوں سے پوچھی جائے جنہوں نے اس خطے کے آزادی کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک نذیر احمد آپ لوگوں کے لیے صدقہ جاریہ ثابت ہورہے ہیں جو لوگ اس نشے میں مبتلا ہیں ہم سے بہتر احساس ماں باپ کے علاوہ کوئی نہیں کرسکتا، آپ لوگوں کو اصل زندگی کی طرف واپس آنا ہوگا۔ آخر میں چیئرمین ڈرگ ایڈیکشن ٹریمنٹ سنٹر ملک نذیر احمد نے کہا کہ ہمارے سنٹر میں معزز مہمانوں کے تشریف لانے سے ہمارے حوصلے بڑھتے ہیں۔ منشیات میں مبتلا لوگوں کو ہمارے ہی لوگوں نے نظر انداز کیا ہوا ہے یہاں سے سینکڑوں کی تعداد میں نوجوان بہتر ہوکر ملک کے کارآمد شہری کی زندگی بسر کررہے ہیں۔ اس سنٹر کا آغاز 2014 سے محدود پیمانے پر ہوا تھا ملک کے 80 شہروں سے لوگ یہاں داخل ہیں۔ آدھے لوگ فیصل آباد سے اور آدھے لوگ دوسرے شہروں سے جن میں رحیم یار خاں، راولپنڈی، لیہ، نارووال، لاہور اور مختلف شہروں سے یہاں آئے ہوئے ہیں۔ یہاں چارجز بہت ہی کم ہیں، ہمیں موت کے سوداگروں کیخلاف عملی طور پر میدان میں نکلنا ہوگا اور جہاد کرنا ہوگا تاکہ موت کے سوداگر قانون کی گرفت میں آجائیں۔

چنیوٹ: بارش کے باعث چھتیں گرنے سے آٹھ افراد شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بارش کے باعث چھتیں گرنے سے آٹھ افراد شدید زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات ہونے والی موسلادار بارش کے باعث چنیوٹ کے مختلف علاقہ جات میں چھتیں گرنے سے آٹھ افراد شدید زخمی ہوگئے جن کو پنجاب ایمرجنسی سروس چنیوٹ کے عملہ نے فوری جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمی افراد کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتالوں میں منتقل کردیا

چودہ اگست جشن آزادی کے روز ریلی نکالنے پر تحریک انصاف کے عہدیداران وکارکنان کیخلاف مقدمہ درج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چودہ اگست جشن آزادی کے روز ریلی نکالنے پر تھانہ سٹی پولیس نے تحریک انصاف کے ضلعی صدر میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ، امیدوار قومی اسمبلی مہر محمد خالد، تحریک انصاف شعبہ خواتین ونگ کے صدر اقصیٰ حیات لالی، سیکرٹری انفارمیشن محمد عمران عاربی ودیگر پارٹی عہدیداران سید خرم حسنین بخاری، زاہد نواز اسد خٹک محمد ریاض سمیت دیگر متعدد عہدیداران و کارکنان کے خلاف تھانہ سٹی میں مقدمہ درج کرلیا گیا گزشتہ روز ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چنیوٹ عارف محمود خان کی عدالت نے تحریک انصاف چنیوٹ کے کارکنان و عہدیداران کی عبوری ضمانتیں منظور کرلیں۔

فیروزوٹواں: دیہات/قصبات میں عطائی ڈاکٹر/نیم حکیموں کی بھرمار ہوگئی

ڈرگ انسپکٹر شیخوپورہ عطائیوں کیخلاف کارروائیوں کی بجائے منتھلیاں وصولی میں مصروف

فیروزوٹواں (نامہ نگار) گردونواح کے قصبوں اور دیہات فیروزوٹواں۔ نواں کوٹ۔ ٹبی ھمبو۔ مہمونوالی۔ بھکھی۔ سمیت علاقہ بھر میں عطائی ڈاکٹروں اور نیم حکیموں کی بھرمار ہوگئی کوئی پوچھنے والا نہیں ھے ڈرگ انسپکٹر شیخوپورہ نے عطائیوں کے خلاف کارروائیوں کے بجائے ضلع بھر میں ٹیمیں تشکیل دے کر مبینہ طور پر منتھلی سسٹم اور بھتہ سسٹم رائج کرکے عطائیوں کو لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے کی کھلی چھٹی دے رکھی ھے ایک سروے کے مطابق گردونواح کے قصبوں اور دیہات میں سینکڑوں کی تعداد میں عطائیوں اور نیم حکیموں نے ڈیرے جمار کھے ہیں اور بڑے عالی شان کلینک بنا کر اپنے آپ کو اعلیٰ تعلیم یافتہ ظاہر کرکے انتہائی دیدہ دلیری سے بڑے دھڑلے کے ساتھ نیلی پیلی گولیاں سجا کر لوگوں کی قیمتی جانوں کے ساتھ کھیلا جارہا ھے آئے روز ان عطائیوں کے ہاتھوں لوگوں کی زندگیوں کے ضائع ہونے اور غلط انجیکشن لگنے سے لوگوں کے جسموں کے مختلف حصوں کے نکارہ ہونے کی اطلاعات موصول ہوتی ہیں مگر محکمہ صحت کے کانوں پر جوں تک رینگتی دیکھائی نہیں دیتی۔ حال ہی میں نواں کوٹ میں ایک میڈیکل سٹور پر ایک بزرگ کو غلط انجکشن لگا کر موت کی نیند سلا دیا گیا جس پر چند روز کے لئے مذکورہ سٹور کو سیل کرنے کے بعد مبینہ طور پر ھاتھ گرم کر کے کھول دیا گیا اس کے علاوہ نواں کوٹ اڈا پر قائم ایک میڈیکل سٹور نما کلینک پر عطائی ڈاکٹر نے ایک خاتون خانہ کو غلط انجیکشن پھٹے میں لگا کر عورت کی ٹانگ ضائع کردی گئی علاقہ بھر میں لاتعداد لوگ عطائیت کا شکار ہو کر مفلوج ہو چکے ہیں مگر محکمہ صحت کا ایک مضبوط نیٹ ورک مبینہ طور پر منتھلیاں لے کر ان عطائیوں کا مکمل تحفظ کرتا ھے ڈرگ انسپکٹر نے اپنے دست راست شاھد نامی اور ایک نام نہاد ملازم کو صرف منتھلیاں وصول کرنے کے لئے تعینات کر رکھا ھے جو سرعام دیدہ دلیری سے ھر مہینے ھر عطائی ڈاکٹر اور گائنی سینٹروں سے رقوم وصول کرتے ہیں عوامی سماجی حلقوں اور معززین علاقہ نے ڈی سی شیخوپورہ ڈاکٹر دقار اور سی ای او ہیلتھ سے مطالبہ کیا ھے کہ ان موت کے سوداگروں کو فوری نکیل ڈالی جائے۔

پاکپتن: پسند کی شادی کرنے والی لڑکی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں، لڑکی کے خاندان کا ردعمل تشویشناک

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔قوت) پسند کی شادی کرنے والی لڑکی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں، لڑکی کے خاندان کا ردعمل تشویشناک۔ طیبہ رحمان والد عبدالرحمان قوم مہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے پاکپتن کے رہائشی ابوبکر سے لاہور ہائی کوٹ میں اپنی پسند کی شادی کی جس پر مجھے اور میرے شوہر کو میرے خاندان کی جانب سے جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ میں نے اپنی مرضی سے شادی کی ہے لیکن میرا خاندان اس فیصلے سے ناراض شدت پسندی پر اتر آیا ہے۔ لڑکی نے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مدد کی اپیل کی ہے اور بتایا ہے کہ اسے اور اس کے شوہر کو مسلسل خطرے کا سامنا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کی زندگی کو شدید خطرہ لاحق ہے اور انھیں ہر وقت قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہیں سیکیورٹی اداروں نے متاثرہ جوڑے کی حفاظت کے لیے اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

چنیوٹ: ضلع بھر میں پنجاب ایمرجنسی سروس 1122 ہائی الرٹ

10 مقامات پر فلڈ ریلیف کیمپ قائم کئے جن میں ٹی ڈی سی پی پوائنٹ، برج عمر، بابو

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر چنیوٹ طاہرہ خان کی زیر نگرانی ممکنہ سیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے ضلع بھر میں پنجاب ایمرجنسی سروس ہائی الرٹ ریسکیو 1122 نے ضلع بھر میں اب تک 10 مقامات پر فلڈ ریلیف کیمپ قائم کئے جن میں ٹی ڈی سی پی پوائنٹ، برج عمر، بابو

پتوکی میں اوباش کی بچے سے جنسی زیادتی، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

قصور () قصور کے نواح پتوکی میں اوباش کی بچے سے جنسی زیادتی، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ محلہ شریف پورہ کا اوباش ملزم امانت علی ایک گھر میں داخل ہوا اور بچے کو دیکھ کر اس کی نیت میں فتور بھر گیا اور بچے کو ایک کمرے میں زبردستی لے گیا اور جان سے مار دینے کی دھمکیاں دیتے ہوئے شور سے منع کردیا اور کنڈی لگا کر اسے زبردستی جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔

ظفروال نالہ ڈیک میں نہاتے ہوئے تین دوست ڈوب کر جاں بحق

دو کی لاشیں مل گئیں تیسرے دوست کی ڈیڈ باڈی کی تلاش جاری۔

ظفروال (تحصیل رپورٹر) جمعہ کے دن محلہ ننگل سود کاں ظفروال کے تین دوست اویس ولد مقصود۔ اویس ولد الیاس۔ علی ولد تنویر نالہ ڈیک میں پل ڈیک ہٹلی کے مقام پر نہانے کے لیے گئے جو کہ نہاتے ہوئے گہرے پانی میں چلے گئے اور گہرے پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئے تینوں دوستوں کی عمریں 17/18 سال بتائی جارہی ہیں تینوں دوست کل سے غائب تھے گھر والوں نے تھانہ ظفروال میں گمشدگی کی رپورٹ بھی درج کروا دی تھی آج صبح ایک دوست کی لاش کو نزدیکی گاؤں کے لوگوں نے نالہ ڈیک میں تیرتے ہوئے دیکھ کر ریسکیو 1122 اور مقامی پولیس کو اطلاع دی جس پر ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر لاش کو نالہ ڈیک سے باہر نکالا تینوں دوستوں کے کپڑے نالہ ڈیک کے کنارے پڑے ہوئے تھے ریسکیو 1122 کی ٹیم نے ڈوبنے والے دو دوستوں کی لاشوں کو ڈھونڈنے کے لیے آپریشن شروع کردیا جس پر ریسکیو 1122 کی ٹیم نے دوسری ڈیڈ باڈی کو بھی تلاش کرلیا تیسری ڈیڈ باڈی کی تلاش ابھی جاری ہے مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر ضروری کاروائی شروع کرنے کے بعد ڈیڈ باڈیز کو اپنی تحویل میں لے لیا تینوں دوستوں کی موت کی اطلاع ان کے گھروں میں پہنچنے پر گھروں میں کہرام مچ گیا اور محلہ کی ہر آنکھ اشکبار ہوگئی۔

قصور: ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روزانہ کی بنیادوں پر مارکیٹوں میں نکلیں' اوور چارجنگ کرنیوالوں کیخلاف سخت کاروائی کریں' ڈپٹی کمشنر۔ ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری، اسسٹنٹ کمشنرز اور تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی فرداً فرداً کارکردگی کا جائزہ لیا۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی 8 اگست تا 14 اگست تک کی کارکردگی رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس دوران 9657 انسپکشنز کی گئیں 564 خلاف ورزیاں پائی گئیں جس پر 5 لاکھ 81 ہزار روپے جرمانہ 9 افراد کیخلاف مقدمات کا اندراج اور 57 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو خصوصی احکامات جاری کئے کہ روزانہ کی بنیادوں پر مارکیٹوں میں نکلیں اور اوور چارجنگ کرنیوالے دکانداروں کیخلاف بلاتفریق سخت ایکشن لے کر ان پر بھاری جرمانے عائد کریں باز نہ آنے والے دکانداروں کیخلاف فی الفور ایف آئی آرز درج کرائی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ عوام الناس کو مارکیٹ ریلیف کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس متحرک انداز میں کام کریں اور سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو خصوصی تاکید کی کہ تمام دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے کا پابند بنایا جائے اور اس سلسلہ میں قطعی طور

جہلم ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام آزادی میلہ اختتام پذیر

آخری دن معروف لوک فنکار سائیں ظہور کی شاندار پرفارمنس، شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام آزادی میلہ اختتام پذیر، آخری دن معروف لوک فنکار سائیں ظہور کی شاندار پرفارمنس، شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ جہلم کے زیر اہتمام آزادی میلہ چار روز جاری رہنے بعد گزشتہ رات اختتام پذیر ہوگیا۔ آخری روز معروف لوک فنکار سائیں ظہور کی شاندار پرفارمنس نے شہریوں کو جھومنے پر مجبور کردیا، ہزاروں کی تعداد میں شہری میلہ کے آخری روز فیملیوں سمیت پہنچ گئے۔ بچوں کی بڑی تعداد جھولوں سے لطف اندوز ہوتی رہی، چار روزہ میلہ کے دوران قومی سطح کے فنکاروں، گلوکاروں اور ثقافتی طائفوں نے شرکت کی۔ 13 سے 16 اگست کے دوران گورنمنٹ کمپری ہینسو سکول کے گراونڈ میں میوزک نائٹ، ماسکوٹ پریڈ، روایتی کھانے، میجک شو، دستکاری سکول جیسے پروگرام منعقد ہوئے۔ جشن آزادی کے حوالے سے پنجاب میں سب سے بڑا میلہ ضلع جہلم میں منعقد کیا گیا۔ میلہ کے تمام دنوں میں ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی سمیت ضلع کے تمام افسران نے فیملیوں سمیت شرکت کی اور شہریوں کے ساتھ میلہ سے لطف اٹھایا۔ آزادی میلہ کے آخری روز میلہ کے انعقاد میں اہم کردار ادا کرنے والے افسران و ملازمین میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے اختتامی خطاب میں کہا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے جشن آزادی کے موقع پر

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پنجاب کے عوام کو بجلی کے بھاری بلوں میں دو ماہ کا ریلیف مستقل ریلیف کے بغیر عوام کا اضطراب ختم نہیں کیا جاسکتا

بجلی کے بھاری بلوں سے عوام کو نجات دلانے کیلئے مسلم لیگ (ن) کے سربراہ اور سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کی زیر صدارت منعقد ہونیوالے مسلم لیگ (ن) کے مشاورتی اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی روشنی میں گزشتہ روز پنجاب کے بجلی صارفین کو اگست‘ ستمبر کے بلوں میں پانچ سو یونٹ تک 14 روپے فی یونٹ کا ریلیف دے دیا گیا۔ اس کا اعلان گزشتہ روز میاں نوازشریف نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے وزیراعظم محمد شہبازشریف سے بھی کہا کہ وہ بھی بجلی صارفین کو ایسے ریلیف کا لائحہ عمل طے کریں۔ نوازشریف کے بقول شہبازشریف کی جانب سے بجلی صارفین کیلئے 200 یونٹس تک کی رعایت بھی احسن اقدام ہے۔ ایک سوال کے جواب میں میاں نوازشریف نے کہا کہ مہنگائی کا ذمہ دار وہی ہے جو آج جیل میں بیٹھ کر باتیں کر رہا ہے۔ بانی پی ٹی آئی ہی ملک میں آئی ایم ایف کو واپس لایا تھا جبکہ ہم نے اپنے دور آئی ایم ایف کو تقریباً خیرباد کہہ دیا تھا۔ ہمارے دور میں ڈالر کو چار سال تک 104 روپے کی شرح پر برقرار رکھا گیا۔ اس وقت غریب کا بجلی کا بل 16 سو روپے تھا‘ جو آج 18 ہزار روپے تک پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ غریب بچوں کا پیٹ پالے یا اپنی تنخواہ بلوں کی ادائیگی میں اجاڑے۔ ہمارے دور میں دس دس روپے کلو سبزیاں مل رہی تھیں‘ آج ہمارے دور کا 35 روپے کلو والا آٹا بھی کتنا مہنگا ہو گیا ہے۔ نوازشریف کے بقول بجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ بھی ہمارے دور میں ہی ہوا تھا۔ ہمارے زمانے میں شرح سود پانچ فیصد تھی جو آج ساڑھے 19 فیصد ہے تو ملک میں کون سرمایہ کاری کریگا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز کو شاباش دیتے ہوئے وزیراعظم شہبازشریف سے کہا کہ وہ سولر پینلز کے منصوبہ کو آگے بڑھاتے ہوئے پنجاب حکومت سے تعاون کریں۔ اسی طرح دوسرے صوبوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ عوامی ریلیف پر توجہ دیں۔ مجھے معلوم ہے کہ عوام کس مہنگائی کے کرب سے گزر رہے ہیں۔ میرا آج بھی یہی سوال ہے کہ ملک ترقی کے سفر پر گامزن تھا تو مجھے کیوں نکالا۔

یہ امر واقع ہے کہ آج ملک کے عوام بالخصوص تنخواہ دار‘ مزدور طبقات بجلی کے بھاری بلوں کی وجہ سے ہی سب سے زیادہ مضطرب اور بے چین ہیں جبکہ آئی ایم ایف کی شرائط کے تابع حکومت نے وفاقی اور صوبائی میزانیوں‘ ضمنی میزانیوں اور یوٹیلٹی بلوں میں براہ راست اور بالواسطہ ٹیکسوں کی بھرمار کرکے اور ساتھ ہی ساتھ مروجہ ٹیکسوں کی شرح بڑھا کر عوام سے آبرومندی کے ساتھ زندہ رہنے کی سکت بھی چھین لی ہے جن کے حکومتی پالیسیوں کے مخالف جذبات اور اضطراب کو بھانپ کر جماعت اسلامی نے بجلی کے بلوں اور آئی پی پیز کے معاملات کو فوکس کیا اور لیاقت باغ راولپنڈی میں 14 روز تک دھرنا دیا جبکہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے دھرنا تحریک پورے ملک میں پھیلانے کا اعلان بھی کر دیا چنانچہ حکومت نے جماعت اسلامی کے ساتھ مذاکرات کیلئے تین وفاقی وزراء کی ٹیم تشکیل دیکر اس کی قیادت کے ساتھ سلسلہ جنبانی شروع کیا اور بالآخر لیاقت بلوچ کی سربراہی میں جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کے ساتھ حکومتی مذاکرات کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ حکومت نے ایک معاہدے کے تحت بجلی بلوں میں جلد کمی کا وعدہ کیا اور نجی پاور کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں پر نظرثانی کا بھی یقین دلایا جس پر امیر جماعت اسلامی نے دھرنا موخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ اب مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی جانب سے چاہے دو ماہ کیلئے ہی سہی‘ بجلی کے بھاری بلوں میں پنجاب کے صارفین کیلئے پانچ سو یونٹ تک 14 روپے فی یونٹ ریلیف کا اعلان گیا ہے تو اس سے صوبے کے عوام کو وقتی طور پر مناسب ریلیف ضرور مل جائیگا۔ جماعت اسلامی کی قیادت اس حکومتی اعلان کو اپنی تحریک کی کامیابی سے تعبیر کر رہی ہے جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے کے عوام کو اگست‘ ستمبر کے بلوں میں ریلیف دینے کیلئے صوبے کے ترقیاتی بجٹ میں سے 45 ارب روپے اس ریلیف کیلئے نکالنے کا اعلان کیا ہے تاہم یہ حکومتی فیصلہ عوام کیلئے مستقل ریلیف کا فیصلہ تو ہرگز نہیں۔ بجلی کے بھاری بلوں کا اصل باعث ان بلوں میں عائد کئے گئے مختلف قسم کے 14 ٹیکس ہیں جبکہ نجی پاور کمپنیوں کو کپیسٹی چارجز کی مد میں کی جانیوالی کھربوں روپے کی ادائیگیاں بھی بجلی کے بلوں کی شکل میں عوام پر ہی بھاری بوجھ ڈال کر کی جا رہی ہیں جس کے بارے میں وزارت پاور ڈویژن کے حکام نے گزشتہ روز قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے روبرو یہ بیان دیکر عوام کیلئے مزید پریشانی کا اہتمام کر دیا ہے کہ آئی پی پیز کو ادائیگی کی خاطر اور گردشی قرضوں کی حد میں اضافہ روکنے کیلئے بجلی کے نرخوں میں اضافہ ناگزیر ہے۔ یہی وہ زمینی حقائق ہیں جو عوام میں حکومتی پالیسیوں کے خلاف اضطراب بڑھانے کا باعث بن رہے ہیں اور مستقبل قریب میں حکومت کے عائد کردہ براہ راست اور بالواسطہ ٹیکسوں اور بجلی کے بھاری بلوں کیخلاف تاجروں سمیت مختلف مکاتب زندگی کے لوگوں کے سڑکوں پر نکلنے کے آثار پیدا ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ٹیکسوں کیخلاف مرکزی تنظیم تاجراں اور آل پاکستان انجمن تاجران کی جانب سے 28 اگست کو ملک گیر ہڑتال کا اعلان کیا جاچکا ہے جس کے بعد امیر جماعت اسلامی نے بھی اسی روز ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے جبکہ جماعت اسلامی کی قیادت کا کہنا ہے کہ بجلی بلوں میں مستقل ریلیف اور آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر نظرثانی تک جماعت اسلامی کی ہڑتال جاری رہے گی اور لانگ مارچ بھی کیا جائیگا۔ یہ صورتحال حکمرانوں کیلئے کسی اطمینان کا عکاسی تو ہرگز نہیں کر رہی جبکہ مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نوازشریف کی گزشتہ روز کی پریس کانفرنس بھی ایک طرح سے حکومت کیخلاف ہی چارج شیٹ ہے جن کے بقول انکے دور میں یوٹیلٹی بل اور اشیائے خورد و نوش سستی تھیں اور ڈالر بھی 104 روپے کی شرح پر ٹکا ہوا تھا۔ آج اگر میاں نوازشریف کے دور کے مقابلہ میں مہنگائی تین چار گنا بڑھ گئی ہے اور بجلی کے بھاری بلوں کی ادائیگی کی سکت نہ رکھنے والے غریب لوگ خودکشیوں کا راستہ اختیار کر چکے ہیں تو اسکی ذمہ داری اتحادی جماعتوں کی موجودہ حکومت پر ہی عائد ہوتی ہے۔ اس میں بھی طرفہ تماشا یہ ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی اتحادی پیپلزپارٹی مہنگائی کا سارا ملبہ مسلم لیگ (ن) پر ڈالتی نظر آ رہی ہے۔

شجرکاری، مستقبل کی سرمایہ کاری

مہمان کالم

سردار شاہد احمد لغاری

ہلال احمر پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس بار بھی مون سون میں پودے لگانے، پودے لگانے کی ترغیب دینے اور مشترکہ اقدامات سے شجرکاری میں کسی سے پیچھے نہیں رہا۔ ریڈ کراس ریڈ کریسنٹ ڈے کے موقع پر پورا ہفتہ مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ان تقریبات میں ایک دن شجرکاری کے لئے اور ایک دن صفائی مہم کے لئے مختص تھا۔ ہلال احمر کے سٹاف اور رضا کاروں نے جہاں لیک ویو کے مقام پر صفائی مہم چلائی وہیں مرکزی شاہراہ کے اطراف میں سیکڑوں پودے بھی لگائے۔ ہلال احمر پاکستان کی تمام برانچوں نے بھی شجرکاری کر کے نیک نامی سمیٹی ہے۔ درختوں سے محبت کرنا اور ان کا خیال رکھنا، کئی اقوام کی تاریخی، تمدنی اور معاشرتی اقدار کا حصہ رہا ہے۔ درختوں سے انسان کو بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ یہ فوائد معاشی بھی ہیں اور معاشرتی بھی۔ معاشی فوائد کا ذکر کریں تو درختوں سے حاصل ہونے والی لکڑی انسان کے بہت کام آتی ہے۔ کبھی یہ فرنیچر بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے تو کبھی جلانے کے لیے۔ کبھی اس کی شاخیں جانوروں کے چارے کے طور پر استعمال ہوتی ہیں تو کبھی اس کے سوکھے پتے کھاد بنانے میں استعمال ہوتے ہیں۔ پھلوں کا حصول ہو یا بچوں کے کھیل کا میدان، ہر جگہ درخت ہی انسان کے کام آتے ہیں۔ درختوں سے انسان کثیر زرِمبادلہ بھی کماتا ہے۔ اچھے معاشرے میں درختوں کی بہت قدر و قیمت ہوتی ہے۔ یہ تعلیمی اور تحقیقی مقاصد کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں اور ادویات کی تیاری میں بھی۔ درخت انسان کے دوست ہیں اور درخت لگانا شجرکاری کہلاتا ہے۔ شجرکاری نا صرف سنتِ رسولؐ ہے بلکہ ماحول کو خوبصورت اور دلکش بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ درخت جہاں دنیا بھر کے جانداروں کو چھاؤں مہیا کرتے ہیں وہیں ان کی خوشبو سے زمانہ مہکتا ہے۔ رنگ برنگے درخت کبھی ریگستان کو نخلستان میں بدلتے ہیں تو کبھی جنگل میں منگل کا سماں پیدا کرتے ہیں۔ درختوں پر بسنے والے پرندوں کی چہچہاہٹ پر فضا ماحول میں رس گھول دیتی ہے۔

درخت زندگی کے ضامن ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ پاکستان میں شجرکاری کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ آج گرم ترین موسم کا سامنا ہے، بارشیں بھی زیادہ ہو رہی ہیں، برف پگھل رہی ہے، لینڈ سلائیڈنگ رکنے کو نہیں آرہی اور پانی کے ذخائر کم ہوتے جا رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں نے موسم چھین لئے ہیں، موسموں کی یادیں چھین لی ہیں۔ انسان ہوں یا جانور، سبھی کو زندہ رہنے کے لیے آکسیجن کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ یہ آکسیجن درختوں، پودوں کے سوا اور کہیں سے نہیں ملتی۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب سے انسان نے دنیا میں آنکھ کھولی، درخت اس کی اہم ترین ضروریات میں شامل رہے ہیں۔ آج ہمارے پاس درخت گھٹتے جا رہے ہیں اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں تاکہ زندگی اسی طرح رواں دواں رہے۔ درخت ہمیں صاف ہوا فراہم کرتے ہیں۔ طوفانوں کا زور کم کرتے ہیں۔ آبی کٹاؤ کو روکتے ہیں، آب و ہوا کے توازن کو برقرار رکھتے ہیں، درجہ حرارت کو بھی اعتدال و توازن بخشتے ہیں۔ درخت فضائی جراثیم اپنے اندر جذب کرتے ہیں۔ نیز انسانوں اور حیوانات کی غذائی ضروریات فراہم کرتے ہیں۔ چرند، پرند اور متعدد حیوانات کا مسکن بھی یہ درخت ہیں۔ شجرکاری، باغات اور جنگلات کی اہمیت و ضرورت اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے، جب چاروں طرف آلودگی بسیرا ڈالے ہو، صاف و شفاف ہوا کے لیے جسم ترستا ہو، اور زہر آلود ہوائیں نسلِ انسانی کو گھن کی طرح کھا رہی ہوں۔ دورِ جدید کی سائنس و ٹیکنالوجی نے جہاں انسان کی سہولت و آسانی کے لیے لامحدود و اَن گنت وسائل مہیا کیے ہیں، زندگی کے مختلف شعبہ جات میں انسان کو بام عروج پر پہنچا دیا ہے، وہیں اس کے لیے مختلف بیماریوں اور آفات کے سامان بھی فراہم کر دیے ہیں۔ صنعتی ترقی کے اس دور میں ہر طرف آلودگی چھائی ہوئی ہے۔ ہوا، پانی اور زمین پر دیگر حیاتیات اپنی خصوصیات کھو رہی ہیں۔ جن کی بقا کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے۔ فضائی آلودگی، آبی آلودگی، زمینی آلودگی، صوتی آلودگی، سمندری آلودگی، تیزی سے بڑھتی فیکٹریاں، سڑکوں پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں، فضائی اور بحری جہازوں کا دھواں، مختلف صنعتوں کے فضلات سے مسئلہ مزید پیچیدہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ پہاڑوں پر پھیلے جنگلات لینڈ سلائیڈنگ کے خلاف مضبوط حصار ہوتے ہیں۔ یہ بارشوں کا بہت بڑا وسیلہ ہیں جن سے دھرتی کی آبیاری ہوتی ہے۔ یہی بارشیں موسمی اعتدال کا باعث بنتی ہیں۔ اللہ نے مخلوقات اور دیگر مظاہرِ کائنات کی تخلیق کو اس طرح مربوط کیا ہے کہ یہ سلسلہ بغیر کسی رکاوٹ کے جاری چلا آ رہا ہے۔ اللہ نے انسان کو نباتات کے پھلنے پھولنے کا ذریعہ بنایا ہے، جس کی وجہ سے فضا میں توازن قائم ہے۔ جدید تحقیق کے بعد ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر فضا میں کاربن کے اخراج کی مقدار بڑھتی رہی تو غذاؤں کی تاثیر تبدیل ہو جائے گی۔ پھلوں اور سبزیوں کی غذائیت کھو جائے گی۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ماحول دوست سرمایہ کاری کریں اور زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔ شجرکاری کی اہمیت و افادیت سے متعلق ذرائع ابلاغ کی تمام اصناف پر ہلال احمر کی آگاہی مہم جاری رہتی ہے۔ آیئے عہد کریں کہ ہم نے آنے والی نسلوں کو ایک خوشگوار مستقبل دینا ہے، شجرکاری کو فرض سمجھ کر نبھانا ہے۔ اگر آپ [نے ابھی تک اپنے حصے کا پودا نہیں لگایا تو مزید دیر نہ کیجئے۔ آج ہی اپنے حصے کا پودا لگا کر وطن سے محبت کا ثبوت دیں۔

ہلال احمر پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس بار بھی مون سون میں پودے لگانے، پودے لگانے کی ترغیب دینے اور مشترکہ اقدامات سے شجرکاری میں کسی سے پیچھے نہیں رہا۔ ریڈ کراس ریڈ کریسنٹ ڈے کے موقع پر پورا ہفتہ مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ان تقریبات میں ایک دن شجرکاری کے لئے اور ایک دن صفائی مہم کے لئے مختص تھا۔ ہلال احمر کے سٹاف اور رضا کاروں نے جہاں لیک ویو کے مقام پر صفائی مہم چلائی وہیں مرکزی شاہراہ کے اطراف میں سیکڑوں پودے بھی لگائے۔ ہلال احمر پاکستان کی تمام برانچوں نے بھی شجرکاری کر کے نیک نامی سمیٹی ہے۔د

سرسبز و شاداب پاکستان۔۔۔۔ ہلال احمر کی پہچان

افغان حکومت کا غیر سنجیدہ رویہ، فلسطین میں پولیو مہم اور چالیس ہزار شہادتیں

افغان حکومت کا غیر سنجیدہ رویہ، فلسطین میں پولیو مہم اور چالیس ہزار شہادتیں

محمد اکرم چوہدری Aug 18, 2024 رائے ※ کالم

پاکستان کے خلاف افغان سرزمین استعمال ہو رہی ہے اور جب سے طالبان نے حکومت سنبھالی ہے یہ سلسلہ تیز بھی ہوا ہے اس سے پہلے کسی اور طریقے سے افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی تھی۔ جب سے طالبان کی حکومت قائم ہوئی ہے پاکستان نے متعدد بار اس حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار بھی کیا ہے۔ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے پیچھے تحریک طالبان پاکستان کے شرپسند نظر آتے ہیں۔ پاکستان نے افغان حکومت کے ساتھ معلومات کا تبادلہ بھی کیا ہے لیکن افغان حکومت کے غیر سنجیدہ رویے کی وجہ سے معاملات میں بہتری نہیں آرہی۔ پاکستان نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کرتے ہوئے مشکل وقت میں ایک اچھے ہمسائے کا کردار ادا کیا ہے۔ اس بڑی قربانی کے باوجود آج افغانستان کے چند بھٹکے ہوئے افراد مختلف مواقع پر پاکستان کے خلاف زہر اگلتے دکھائی دیتے ہیں۔ انگلینڈ میں ہونیوالا کرکٹ میچ ہو یا پھر شارجہ کا کرکٹ گراونڈ یا پھر جرمنی بگڑے اور بھٹکے ہوئے افغانیوں نے ہر جگہ زہر اگلا ہے۔ حالانکہ پاکستان نے ہر حال میں افغانستان کا ساتھ دیا ہے۔ طویل افغان جنگ میں لاکھوں مہاجرین کو جگہ دی اور دہائیوں تک میزبانی بھی کی۔ گوکہ پاکستان کو اس کا بہت بھاری نقصان بھی برداشت کرنا پڑا ہے۔ بالخصوص دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کے بعد پاکستان نے کھربوں ڈالرز کا نقصان برداشت کیا ہے، ستر ہزار سے زائد قیمتی جانوں کی قربانی دی ہے، معصوم شہریوں نے جانیں قربان کی ہیں، اعلی صلاحیتوں کے حامل دفاعی اداروں کے افسران اور جوانوں نے وطن عزیز کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لیے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ ایک مرتبہ پھر پاکستان میں ٹی ٹی پی کے شرپسند کارروائیاں کر رہے ہیں۔ ان شرپسندوں کے پیچھے افغانستان کی سرزمین استعمال ہو رہی ہے۔ باوجود اس کے کہ افغان طالبان جانتے ہیں کہ امن دونوں ملکوں کی بنیادی ضرورت ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ پرامن افغانستان کی بات کرتے ہوئے پائیدار امن کے لیے اقدامات کیے ہیں لیکن افغان طالبان کا ٹی ٹی پی کے لوگوں بارے رویہ غیر سنجیدہ ہے۔ سفارتی سطح پر اس اہم ترین مسئلے پر کوئی پیشرفت نہ ہونا اہم مسئلہ ہے لیکن دورخی پالیسی اختیار کرتے ہوئے افغان حکومت کے ترجمان نے برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں پاکستان اور ٹی ٹی پی کے معاملے میں ثالثی کی پیشکش بھی کر دی ہے۔ یعنی اس پیشکش سے پاکستان کا یہ موقف تو درست ثابت ہوتا ہے کہ ٹی ٹی پی کو افغان طالبان کی پشت پناہی ہے۔ افغان حکومت اگر اس معاملے میں سنجیدہ ہے تو اسے سفارتی سطح پر پاکستان کے ساتھ بات کرنی چاہیے سب سے پہلے افغان سرزمین کا پاکستان مخالف استعمال روکنے کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے۔

محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

افغان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کہتے ہیں کہ پاکستان کے ساتھ اچھے اور بھائی چارے کے تعلقات چاہتے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان بہتر تعلقات پاکستان اور افغانستان کی ضرورت ہیں۔ کسی کو بھی افغانستان سے کسی دوسرے ملک میں جنگ کی اجازت نہیں دیتے، اگر پاکستان کے پاس اس حوالے سے کوئی معلومات ہے تو شیئر کرے۔ پاکستان چاہے تو ہم پاکستان اور ٹی ٹی پی کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کر سکتے ہیں، حکومت پاکستان چاہے تو پھر ہم بھائی چارے کے اصولوں پر اپنی کوششیں کریں گے، اگر پاکستان نہیں چاہتا تو مداخلت نہیں کر سکتے، پھر یہ ان کا کام ہے کیونکہ یہ ان کا اندرونی مسئلہ ہے۔

سب سے پہلی بات افغان سرزمین کا استعمال ہے، پاکستان کو ایسے فسادیوں کا دماغ درست کرنا آتا ہے۔ افغان حکومت ان شرپسندوں، دہشت گردوں کی سرپرستی سے باز آئے۔ افغان حکومت اپنی ذمہ داریاں نبھائے اگر وہ ان شرپسندوں کی سرپرستی بند کرے تو ثالثی کی ضرورت ہی پیش نہیں آئے گی کیونکہ پھر ان دہشتگردوں کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، بھاگنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ افغان حکومت اس معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے، پاکستان برسوں سے ایسے شرپسندوں کے خلاف لڑتا آیا ہے اور ہر مرتبہ کامیاب ہوا ہے۔ پاکستان اس مرتبہ بھی ان شرپسندوں کو منطقی انجام تک پہنچائے گا لیکن اگر کوئی بھی یہ سمجھتا ہے کہ وہ پاکستان کے امن کو تباہ کرنا چاہتا ہے تو اس کا جواب بہت دردناک بھی ہوگا، تیز بھی ہوگا اور بہت زیادہ تکلیف دہ بھی ہوگا۔ افغان حکومت کو یہ یاد رکھنا چاہیے امن دونوں ملکوں کی ضرورت ہے یہ صرف پاکستان کی ضرورت نہیں ہے۔ پس بنیادی چیزوں پر واپس آئیں اور کرنے والا کام کریں۔

خبر یہ ہے کہ اقوام متحدہ نے غزہ میں سات دن کے لیے جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے اور یہ مطالبہ اس لیے نہیں کہ وہاں گذشتہ چند ماہ میں چالیس ہزار شہادتیں ہو چکی ہیں بلکہ سات دن کے لیے جنگ بندی کا مطالبہ چھ لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے کیا ہے۔ کاش اقوام متحدہ مستقل بنیادوں پر جنگ بندی کا مطالبہ کرے، کاش اقوام متحدہ ظالم اسرائیل کے خلاف فیصلہ کرے لیکن یہ اقوام متحدہ بھی بے بس ہے، انہیں پولیو کے قطروں سے محروم بچے نظر آرہے ہیں لیکن جو بچے اسرائیلی فوجیوں کی گولیوں کا نشانہ بن رہے ہیں ان کی کوئی فکر نہیں ہے۔ کیا دوہرا معیار ہے بنیادی انسانی حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کا غزہ کے معاملے میں سب انسانیت پسندوں کے نقاب اتر رہے ہیں۔ فلسطینیوں کی نسل کشی ہو رہی ہے، مسلمانوں کے گھروں کو تباہ کیا جا رہا ہے اقوام متحدہ کو پولیو کے قطروں کی فکر کھائے جا رہی ہے۔ انسانیت کے نام نہاد علمبرداروں کو یاد رہے کہ سات اکتوبر سے اب تک شہید فلسطینیوں کی تعداد چالیس ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ بانوے ہزار سے زائد زخمی ہیں۔

غزہ کی وزارت دفاع کی جانب سے جاری کیے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق غزہ میں جنگ کے آغاز سے اب تک چالیس ہزار پانچ افراد اسرائیلی حملوں میں شہید اور بانوے ہزار چار سو ایک افراد اسرائیلی حملوں کی زد میں آکر زخمی بھی ہو چکے ہیں۔ ان چالیس ہزار سے زائد شہداء میں تینتیس فیصد بچے اور اٹھارہ فیصد سے زائد خواتین شامل ہیں۔ اسرائیلی حملوں میں تینتیس ارب ڈالرز سے زائد کا نقصان ہو چکا ہے۔ بنیادی ڈھانچہ تباہ کر دیا گیا ہے۔ کاش کوئی اقوام متحدہ تک یہ اعداد و شمار بھی پہنچا دے۔

آخر میں ساحر لدھیانوی کا کلام

ابھی اُٹھاوہ نیں دسے
تمہارا خواب دیکھ کے
ابھی تم ایک خواب ہو
ابھی پسِ حجاب ہو۔
میں چُھو کے تم کو دیکھ لُوں
کہ سچ میں میرے پاس ہو؟
مجھے تھی جس کی جستجو
وہی میری تلاش ہو؟
ابھی تو اِس تلاش کا
مِلا کوئی صِلہ نہیں
ابھی نہ جاؤ چھوڑ کر
کہ دِل ابھی بھرا نہیں۔
نہ جانے کب سے باغ تھے
تمہارے انتظار میں
ابھی بدلنا تھے تمہیں
خزاں کو بھی بہار میں
تم آ کے مُسکرا تو دو
یہ پھول پھر کِھلا تو دو
بدن کی بھینی نکہتیں
فِضاؤں میں مِلا تو دو
ابھی تو زُلفِ ناز کو
ھَوانے بھی چُھوا نہیں
ابھی نہ جاؤ چھوڑ کر
کہ دِل ابھی بھرا نہیں

عوامی بصیرت ملک کی بہتری کی ضامن بن سکتی ہے

14 اگست 2024ء کی صبح اٹھ کر یہ کالم لکھ رہا ہوں۔ یہ سطر پڑھنے کے بعد آپ یہ سوچیں گے کہ نیند سے بیدار ہوتے ہی قلم اٹھا لیا تھا۔ حقیقت مگر یہ ہے کہ منگل کی شب 6 بجے کے قریب ہمارے گھر کی بتی چلی گئی تھی۔ ٹی وی شو کرنے کے بعد سوا نو بجے گھر لوٹا تو میرا گھر ہی نہیں پوری گلی اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی۔ بجلی غائب ہونے کے تقریباً ایک گھنٹے بعد میری بیوی نے انٹرنیٹ کی مدد سے ہمارے سیکٹر میں بجلی کے مسائل سے مختص افسر کا ٹیلی فون نمبر ڈھونڈ کر اس سے رابطہ کیا تھا۔ اسے خوش گوار حیرت ہوئی کہ متعلقہ افسر نے دوسری گھنٹی کے بعد ہی فون اٹھا لیا۔ اسے علم تھا کہ اسلام آباد کے F-8 سیکٹر کی کس گلی میں بجلی موجود نہیں ہے۔ اسے تاہم اعتماد تھا کہ تقریباً نو بجے تک مسئلہ حل ہو جائے گا۔

اپنی بیوی اور بچی کے ہمراہ یو پی ایس کی مدد سے چلائے پنکھے کے نیچے بیٹھ کر ہم تینوں بجلی لوٹنے کا انتظار کرتے رہے۔ دس بجے کے بعد مگر یو پی ایس کی سانس بھی ڈگمگانے لگی تو میں نے اپنے ساتھی انور رضا کو فون کیا۔ وہ صحافیوں کی مختلف یونینوں کا متحرک کارکن ہے۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد کا صدر بھی منتخب ہوا تھا۔ میں بجلی اور گیس وغیرہ کے محکموں سے اپنے مسائل کی وجہ سے براہ راست رابطہ کروں تو خفا ہو جاتا ہے۔ نہایت خلوص سے یقین دلاتا ہے کہ اس کا 'سینئر' ہوتے ہوئے میں اس کے بڑے بھائی جیسا ہوں۔ 'چھوٹے موٹے مسائل' کے حل کے لیے سرکاری دفتروں سے میرا رابطہ کرنا اسے برا لگتا ہے۔ یو پی ایس کے آخری دموں نے اس سے رابطے کو لیکن مجبور کر دیا۔ چند ہی لمحوں بعد اس نے متعلقہ حکام سے رابطے کے بعد اطلاع دی کہ ہماری گلی کے کسی ایک گھر میں کوئی ایسی 'شے' زیر استعمال ہے جو سارے محلے کو بجلی دینے والے ٹرانسفارمر کو 'ٹرپ' کر دیتی ہے۔ اس کی وجہ سے کسی روز ٹرانسفارمر جل بھی سکتا ہے۔ بہرحال منگل کی رات ٹرانسفارمر محض ٹرپ ہوا تھا۔ اس کے ذریعے گلی کو بجلی فراہم کرنے والی تار مگر جل چکی تھی۔ اسے فکس کرنے میں مزید 15 سے 20 منٹ درکار تھے۔ انور کا فون شروع ہوتے ہی ہمارا یو پی ایس بیٹھ گیا۔ میں نے اس کی گفتگو کامل اندھیرے میں سنی۔ شکریہ ادا کرنے کے بعد تار فکس ہونے کا انتظار شروع ہو گیا۔ ہماری گلی اسلام آباد کے 'پوش' تصور ہوتے F-8/2 سیکٹر میں واقع ہے۔ ہماری گلی سے ملحق ایک گلی میں صدر آصف علی زرداری کا بلاول ہاؤس بھی ہے۔ اس گلی میں لیکن گزشتہ تین ہفتوں سے ہر دوسرے تیسرے روز بجلی گھنٹوں کو چلی جاتی ہے۔ دوبارہ اسے درست کرنے کو زمین کھود کر نئی زیر زمین کیبل بھی لگائی گئی۔ مسئلہ مگر قابو میں نہیں آرہا۔ منگل کی رات بجلی تو ساڑھے دس بجے کے بعد آگئی۔ اس کی آنکھ مچولی مگر جاری رہی۔ گھر کے ایک حصے میں نصب فیز رواں ہوتا تو دوسرا یا تیسرا حصہ کامل اندھیرے میں ڈوب جاتا۔ یوں رات کے ساڑھے چار بج گئے۔ ہم تینوں 'ہنگامی حالات' میں گھرے ایک دوسرے کو حوصلہ دیتی گفتگو میں مصروف رہے۔ بیوی اور بچی تو بالآخر تھک کر سو گئیں۔ میں اپنے بستر پر فقط کروٹیں ہی بدلتا رہا۔ جسم تھکن سے چور اور دل و دماغ مفلوج ہو چکے ہیں۔ چند گھنٹوں کی گہری نیند تریاق کی صورت درکار ہے۔ وہ مگر قریب پھڑکنے کو آمادہ نہیں۔ اسی کشمکش میں فیصلہ کیا قلم اٹھا کر روز کی روٹی روز کمالی جائے۔ کالم کا طویل ابتدائیہ اگر آپ نے پڑھ لیا ہے تو یقیناً سوچ رہے ہوں گے کہ اپنی ذات پر گزرے واقعہ کی وجہ سے میں یوم آزادی کے بارے میں جلے بھنے سوالات اٹھا کر سیاپا فروشی کی دوکان لگاؤں گا۔ میں لیکن اس دھرتی کا فرزند ہونے پر ہرگز شرمندہ محسوس نہیں کرتا۔ بطور صحافی دنیا کے بے شمار ملک دیکھے ہیں۔ ہمارے جیسے کئی ممالک میں کئی بار پیشہ وارانہ فرائض کی وجہ سے کچھ وقت گزارنے کے بعد بخوبی جان چکا ہوں کہ دیگر کئی پسماندہ ممالک اور خاص طور پر 'اسلامی' کہلاتے غریب ملکوں کے مقابلے میں پاکستان اب بھی کئی اعتبار سے ایک بہتر ملک ہے۔ اپنی جبلت کے اعتبار سے ہم 'بڑبولے' ہیں۔ اشرافیہ کی من مانیوں کو محض ایک حد تک ہی برداشت کر سکتے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد تقریباً ہر حکومت نے میڈیا کو گونگا بنانے پر توجہ مرکوز رکھی ہے۔ لوگوں کو باخبر رکھنے کے جنون میں ہمارے بزرگ صحافیوں نے مگر دل کی بات زبان پر لانے اور اسے اخبار میں چھپوانے کے ہزاروں ڈھنگ دریافت کر لیے تھے۔ رواں صدی کے آغاز میں الیکٹرانک میڈیا آیا۔ وہ بھی اپنی بہار دکھا کر اب منافع خوری کے ہاتھوں دم توڑ رہا ہے۔ سوشل میڈیا کا دور ہے۔ اسے گونگا بنانے کی کوششیں شروع ہو چکی ہیں۔ وہ بھی مگر ناکام ہوں گی۔

نصرت جاوید

nusrat.javeed@gmail.com

یہ بات حقیقت ہے کہ 2014ء سے 'جمہوریت' کے نام پر آدھا تیتر آدھا بٹیر والا جو ہائبرڈ نظام ہم پر مسلط کرنے کی کوشش ہو رہی ہے عوام کی بے پناہ اکثریت اس سے اب اکتا چکی ہے۔ وطن عزیز کی 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے وہ امید کھو چکے ہیں۔ ملک چھوڑنے کے بے قراری سے مواقع ڈھونڈ رہے ہیں۔ پاکستان کی آبادی مگر 25 کروڑ کو چھونے ہی والی ہے۔ ہم سب اپنی دھرتی چھوڑ کر دنیا کے دیگر ممالک میں آباد نہیں ہو سکتے۔ خاص طور پر ان دنوں جب امریکا اور یورپ کے تقریباً ہر ملک میں غیر ملکی تارکین وطن اور خاص طور پر مسلمانوں کے خلاف متعصبانہ نفرت اپنے عروج پر ہے۔ ہمارا جلنا کڑھنا مزید کتنے دنوں تک جاری رہ سکتا ہے؟ ماتم کنائی اور اپنی ملامت کی بھی لیکن ایک حد ہوتی ہے۔ اس کے بعد فقط دیوار سے ٹکر مارنا ہی باقی رہ جاتا ہے۔ مجھے سو فیصد یقین ہے کہ ماتم کنائی سے تھک کر جب آنکھ لگ گئی تو بیدار ہونے کے بعد ہمیں یہ سوچنا ہوگا کہ عوام کی اجتماعی بصیرت سے استفادہ کیے بغیر ہماری عقل کل اشرافیہ نے اپنی قوت کے بل بوتے پر ہمیں 'عالمی سطح' کا پہلوان بنانے کے نام پر جتنے بھی تجربات کیے وہ پاکستان کو کھائی کی جانب ہی دھکیلتے رہے ہیں۔ پاکستان کا قیام کسی 'دلاور' کے ایڈونچر کے سبب نہیں ہوا تھا۔ یہ اس خطے میں کم از کم ایک ہزار سال سے آباد مسلمانوں کی اجتماعی بصیرت کی رہنمائی میں کامل سیاسی جدوجہد کے نتیجے میں قائم ہوا ملک ہے۔ اس کے قیام کے بعد مگر 'دیدہ وروں' نے اجتماعی بصیرت کو حقارت سے ٹھکراتے ہوئے اپنی 'دلاوری' کے کمالات دکھانا شروع کر دیے۔ وقت آگیا ہے کہ 'دلاور' 'دیدہ ور' اپنی محدودات تسلیم کریں۔ عوامی بصیرت کے روبرو سرنگوں کرتے ہوئے اسے ہی وطن کی بہتری اور خوش حالی کے طریقے سوچنے دیں۔ ایسا نہ ہوا تو خلق خدا اور خاص طور پر یہاں کے نوجوان بالآخر عقل کل ہوئے حکمرانوں کو ویسے ہی یہاں سے بھاگنے کو مجبور کر دیں گے۔

پوری امت مسلمہ کی امید

پاکستان صرف پاکستانی عوام کا ہی نہیں، پوری امت مسلمہ کی امید ہے، پاکستان جب ایٹمی طاقت بنا تو اُمت نے انتہائی خوشی منائی کہ اب ہم طاقتور ہو گئے ہیں، لیکن یہ ایٹمی طاقت ہی معاشی بدحالی کا شکار ہو گی اور اس کے عوام بڑھتی مہنگائی، آضافی بجلی کے بم اور بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں، کیونکہ اس ملک پر لوٹ مار کرنے والے حکمران اشرافیہ قابض ہیں اور اپنے ہی غریب عوام کا بڑی بے دردی سے استحصال کر رہے ہیں، پاکستان نے پوری اُمت مسلمہ کو لیڈ کرنا تھا، لیکن یہ خود کو ہی سنبھال نہیں پا رہا ہے اور آگے جانے کے بجائے پیچھے ہی کی جانب چلا جا رہا ہے، اس کے ذمہ داران سے جان چھڑانا ہو گی۔

اس ملک کی بدحالی کے ذمہ دار کوئی اور نہیں، اس ملک کے اپنے ہی نااہل حکمران رہے ہیں، لیکن یہ اپنی نااہلیاں ماننے کیلئے تیار ہیں نہ ہی اپنی کوتاہیوں کا آزالہ کر رہے ہیں، بلکہ اپنی وہی پرانی غلطیاں ہی دہرائے چلے جا رہے ہیں اور اپنا ملبہ ایک دوسرے پر ہی ڈالے چلے جا رہے ہیں، اگر اس طرح بات نہ بنے تو ساری بات نظام پر ڈال دیتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف بھی بوسیدہ ملکی نظام کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں 77 سال کی پرانی بیماریوں سے جان چھڑانی پڑے گی 'وزیر اعظم بجا فرما رہے ہیں، لیکن ان کی ساری باتوں کا مخاطب نشانہ خود ان کی اپنی پارٹی اور اپنے ہی حلیف رہے ہیں، یہ سارے لوگ خود ہی بوسیدہ نظام کے چلے ہوئے کارتوس ہیں، اس نظام کی بوسیدگی میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کا مساوی حصہ رہا ہے، اس کے بعد اس بوسیدہ نظام سے جان چھڑانے کا صاف اور واضح مطلب ہے کہ ان آزمائے حکمرانوں سے ہی جان چھڑانا ہے۔

شاہد ندیم احمد

sadaaysehar@gmail.com

یہ انتہائی دلچسپ بات ہے کہ وزیر اعظم خود ہی ثبوت دیتے ہوئے دہرارئے جا رہے ہیں کہ ہر سال 500 ارب روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے اور یہ سب ملی بھگت سے ہی ہو رہا ہے، اس کا مطلب ہے کہ یہ ملی بھگت آپ ہی کے کل پرزوں کی جاری ہے، آپ کے اپنے ہی حواری سب کچھ کر رہے ہیں، کوئی باہر سے تو نہیں آیا ہے، وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ درآمدی ایندھن سے چلنے والے گھسے پٹے منصوبے بند پڑے ہیں' بعض بند پلانٹس اسکریپ ہو چکے ہیں، مگر وہاں بھی تنخواہوں اور مراعات کے نام پر اربوں روپے دیئے جا رہے ہیں، وزیر اعظم گزشتہ دو سال سے خود ہی وزیر اعظم ہیں اور اس سے قبل تین مرتبہ ان کے بھائی اور چار مرتبہ پیپلز پارٹی حکمراں رہی ہے اور اب بھی حکمرانی کے مزے لوٹ رہی ہے تو پھر درآمدی ایندھن سے چلنے والے گھسے پٹے منصوبے کیوں بند پڑے رہے اور اس میں تنخواہیں اور مراعات کون دیتا رہا ہے، یہ سارے ہی پلانٹ کس نے منظور کیے اور اس کے معاہدے کس نے کیے ہیں، یہ خود ہی سب خرابیوں کے ذمہ دار ہیں تو پھر ان سے ہی جان چھڑانا ہو گی۔

پاکستانی عوام اتنے بھولے نہیں ہیں کہ اس ملک کی بدحالی کے ذمہ داروں کو پہچانتے نہیں ہیں، عوام سب کچھ جانتے ہیں اور پہچانتے ہیں، آزمائے ہوؤں سے جان چھڑانا بھی چاہتے ہیں، انہیں عوام نے مسترد بھی کیا ہے، لیکن عوام کے فیصلے کو مانا جا رہا ہے نہ ہی عوام کی خواہشات کا احترام کیا جا رہا ہے، بلکہ عوام سے بند کمروں کے فیصلوں کو منوایا جا رہا ہے، اس کے خلاف عوام سراپہ احتجاج ہیں اور آواز اُٹھا رہے ہیں، عوام کی آواز کو دبایا جا رہا ہے اور دیوار سے لگایا جا رہا ہے، عوام سارے مظالم برداشت کرتے ہوئے بھی مزاحمت کر رہے ہیں اور ہر پیلٹ فارم پر اپنا احتجاج ریکارڈ کرا رہے ہیں، حکومت اظہار رائے کا ہر راستہ روک رہی ہے، انٹرنیٹ اور میڈیاز پر پابندیاں لگا رہی ہے، لیکن ان پابندیوں سے عوام کی آواز دبنے والی ہے نہ ہی حکومت مخالف تحریک روکنے والی ہے، اس حکومت کی اظہار رائے پر پابندی اور انسانی حقوق کی پامالی پر جتنی رسوائی اور جگ ہنسائی ہو رہی ہے، شاید کبھی اتنی کسی کی نہیں ہوئی ہے، اس کے باوجود کوئی شرم آ رہی ہے نہ ہی کوئی حیاء کہیں دکھائی دیے رہی ہے۔

اتحادی حکومت اپنا اقتدار بچانے اور چلانے کیلئے جو کچھ بھی کر رہی ہے، اس طرح اقتدار چلے گا نہ ہی زیادہ دیر تک اقتدار بچایا جا سکے گا، حکومت سمندر کے آگے بند باندھنے کی احمقانہ کوشش کر رہی ہے، اس سے سمندر تو نہیں رکے گا، البتہ ملک کو ناقابل تلافی نقصان ضرور پہنچ سکتا ہے، حکومت عوام کی زباں بندی کا ہدف حاصل کرنے کے خبط میں پابندیاں لگا کر پتھر کے زمانہ میں دھکیلنے کے بجائے جدید انفرمیشن ٹیکنالوجی انقلاب کی راہ پر گامزن کرے، اس میں ہی ملک وعوام کی بھلائی ہے، ورنہ عوام خود ہی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے آگے بڑھنے کی راہ تلاش کر کے آزمائے کو کسی گہری کھائی میں دھکیلنے سے گریز نہیں کریں گے۔

حتمی منظوری اور مٹکے والی سرکار

ذمہ دار طور کی زبانی اُڑتی سی اک خبر یوں ملی ہے کہ 9 مئی کے روز فوج کے جن 232 اہداف پر حملے کئے گئے تھے۔ ان کا تعین جنرل فیض نے کیا تھا جو اب باضابطہ سرکاری مہمان ہیں اور زیرِ کورٹ مارشل ہیں۔ اطلاع کے مطابق 9 مئی کے متعلق سارے فیصلے ایک سہ رکنی کمیٹی نے کئے تھے جس کے صدر جنرل فیض، مہمان خصوصی گریٹ خان اور ویٹو پاور ہولڈر مٹکے والی سرکار تھی اور اطلاع میں جو سب سے اہم بات بتائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ فیصلوں کی حتمی منظوری مٹکے والی سرکار کے مٹکے نے دی۔ مٹکے کے اردگرد کالے ماش کا دائرہ بنایا گیا۔ فیصلے اشاروں کی زبان میں کاغذ کی پرچیوں پر لکھے گئے، یہ پرچیاں مٹکے میں ڈالی گئیں، پھر منہ بند کر کے مٹکے کے اوپر لکڑی (یا کوئی اور شے) گھمائی گئی اور بعد ازاں پتہ چلا کہ مٹکا شریف نے تمام فیصلوں کی منظوری ہمراہ اس بشارت کے دے دی کہ پلان کامیاب ہوگا۔ موکلوں نے ٹھوک بجا کر تخمینہ لگایا کہ فیصلہ سعد گھڑی میں کیا گیا ہے، مہورت بہت ہی شبھ ہے اور شبھ شبھو میں کوئی شبہ، کوئی شائبہ نہیں۔

مٹکے والی سرکار کا اعتبار لیکن 9 مئی کی شام ٹوٹنے لگا اور بعد کے حالات میں پہلے گریٹ خان عرف دولہے میاں جیل پہنچے، پھر مٹکے والی سرکار اور اب قدرے دیر سے صاحب صدر بھی۔ اس سارے منترے میں گھوٹالا کیونکر ہوا، مٹکے والی سرکار بھی حیران ہے کہ ایک کے بعد ایک کے حساب سے سارے سیدھے کام بھی پھر الٹے ہی ہوتے گئے۔ کچھ کا کہنا ہے کہ احکامات کی ساعت کے دوران موکل دھوکہ کھا گئے، بعضوں کا خیال ہے کہ نہیں، خود موکل ہی دھوکے باز تھے، بے وفائی کر گئے یعنی لوٹا ہو گئے۔



عبداللہ طارق سہیل

جنرل فیض اپنے دورِ اختیار میں مردِ آہن کہلاتے تھے لیکن دورانِ حراست وہ خمیرہ ابریشم نکلے، یہ مٹکے والی بات بھی انہوں نے اپنے اس ابریشمی مرحلے میں بتائی اور صرف مٹکے والی سرکار ہی نہیں، اس تفتیش کے دوران انہوں نے کتنے ہی پردہ نشینوں کے نام بھی لے دیئے اور یہ بھی بتا دیا کہ کس نے کیا کیا کارنامے کئے۔

سُنا ہے درجنوں گرفتاریاں اس تفتیش کی روشنی میں ہوں گی۔ کچھ ریٹائرڈ، کچھ حاضر سروس، کچھ سول بیوروکریٹ، کچھ انقلاب پارٹی کے بڑے عہدیدار، کچھ ورکر، حتیٰ کہ کچھ ٹی وی میزبان اور یوٹیوبر اور مزید حتیٰ کہ بعض ججوں کے نام بھی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ بڑے منصف اور اس کے ساتھی منصفوں نے خان کو دیکھ کر جب ''گڈ ٹو سی یو'' کہا تھا تو ایسے ہی نہیں کہا تھا۔ اس کے پیچھے یہ ''یقین محکم'' تھا کہ بس دو چار دنوں کی بات ہے، انقلاب آیا کہ آیا، پھر ہم تم ہوں گے منگل ہوگا، رقص میں سارا جنگل ہوگا اور اگلے روز جو خان کیلئے ضمانتوں کا جمعہ بازار سجا اور احکامات صادر ہوئے کہ جو مقدمات ابھی بنے ہی نہیں، ان میں بھی ضمانتیں منظور کی جاتی ہیں تو اس ماجرے کے پیچھے بھی یہی ''یقین محکم'' کارفرما تھا اور یہ بھی پتہ چلا ہے کہ چھ نے جو خط لکھا تھا اور ریاست پر الزامات بلاثبوت لگائے تھے تو اس خط کی علّت اولیٰ بھی اسی چشمہ فیض سے پھوٹی تھی۔

خود گریٹ خان اب کیا کہتے ہیں؟۔ کہتے ہیں کہ میرا جنرل فیض سے کیا لینا دینا، میرے تو ان کے ساتھ محض پروفیشنل تعلقات تھے۔ میں وزیراعظم تھا اور وہ ادارے کے سربراہ، بس یہی ورکنگ ریلیشن شپ تھی۔

اس ایک ننھے منے سے فقرے نے پوری داستان یاد دلا دی۔ جب جنرل فیض کا تبادلہ کرنے کا فیصلہ ہوا تو کس طرح گریٹ خان نے زمین پر لیٹ کر ہاتھ پاؤں چلانے شروع کر دیئے تھے اور تب تک چلاتے رہے تھے جب تک تبادلے کا فیصلہ موخر نہیں ہو گیا۔ خان نے اس موقع پر کہا، میری حکومت کے استحکام کیلئے جنرل فیض کا اپنی جگہ رہنا ضروری ہے نیز افغان مسئلے کا بھی تقاضا ہے کہ انہیں اپنی جگہ سے نہ ہٹایا جائے۔

یہ التوا بہرحال عارضی تھا، کچھ عرصہ بعد تبادلہ بالآخر ہو گیا اور خان اور مٹکے والی سرکار دونوں ہاتھ ملتے رہ گئے۔ ایک موقع پر خان نے یہ بھی بتایا کہ کس طرح قانون سازی اور اعتماد کے ووٹ کے مرحلوں پر ہمارے بندے باغی ہو جاتے تھے اور کس طرح فیض صاحب انہیں گھیر گھار کر پکڑ پکڑ کر لاتے تھے۔ اور پھر وہ ملاقاتوں کے سلسلے، لوگوں کو اس کے علاوہ بھی بہت کچھ یاد ہے۔

بہرحال، خان کہتے ہیں کہ محض ''پروفیشنل'' تعلق تھا تو پھر سچ ہی کہتے ہوں گے۔

مٹکے والی سرکار کے پلّو سے بندھی لال حویلی کی سرکار بھی پھر منقار بالائے پر ہوئی ہے اور فرمایا ہے کہ اکتوبر میں ٹیکنو کریٹ حکومت دیکھ رہا ہوں۔

مطلب حتمی طور پر یہ نکلا کہ اکتوبر میں یا مابعد اکتوبر کوئی ٹیکنو کریٹ حکومت نہیں آ رہی۔ لال حویلی والی سرکار جب بھی کہتی ہے کہ میں فلاں شے کو دیکھ رہا ہوں تو مطلب یہی ہوتا ہے کہ وہ چیز کہیں بھی نظر نہیں آرہی۔

انہوں نے فرمایا، ملک میں خونیں انقلاب دیکھ رہا ہوں۔ سیانے سمجھ گئے تھے کہ شیخ جی دراصل یہ بتا رہے ہیں کہ سب امن رہے گا، کچھ برا نہیں ہونے والا۔ شیخ نے کہا میں ملک کو دیوالیہ ہوتے دیکھ رہا ہوں، سب سمجھ گئے کہ ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا۔

غدار کی بیٹی بھاگ گئی

بے شک اللہ حق ہے۔ آج بنگالیوں کی آنکھیں کھلنا شروع ہو گئیں، جس شخص کے سحر میں آ کر انہوں نے ملک کو دولخت کیا آج اپنے ہاتھوں سے اس کا مجسمہ توڑ رہے ہیں۔ جس کسی نے بھی اس ملک خداداد پاکستان اور اس کی طاقت افواج پاکستان کا نقصان سوچا اس کا انجام دردناک رہا۔ وہ وقت دور نہیں جب پاکستانی قوم دور حاضر کے شیخ مجیب کو جوتے مارے گی اور اپنی قسمت کو کوسے گی۔ بنگلہ دیش میں سیاسی ہلچل اور بحران کے بعد پاکستان کی انتشاری جماعت کے رہنما ذرائع ابلاغ پر اپنی شرمندگی چھپانے کے لیے پھر یوٹرن لے رہے ہیں جو اس جماعت اور اس کے بانی کا خاصہ ہے۔ سب کو یاد ہوگا کہ آج سے کچھ عرصہ قبل اسی جماعت کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ اور اس کے بانی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے غدار وطن شیخ مجیب الرحمان کو ہیرو بنا کر پیش کیا جا رہا تھا– شیخ مجیب الرحمان کی پاکستانی فوج کی اعلی قیادت کے ساتھ تصاویر لگا کر غداری اور حب الوطنی کے سرٹیفیکیٹس بانٹے جا رہے تھے۔ اسی جماعت کو بانی پی ٹی آئی اور اس کے رہنما عوام کی طاقت قرار دے رہے تھے مگر آج جب بنگلہ دیش کے عوام نے اپنی اصل طاقت دکھائی اور ایک غدار کی بیٹی کو معصوم لوگوں کا قتل عام کرنے پر نہ صرف وزارت عظمیٰ چھوڑنے پر مجبور کیا بلکہ شیخ مجیب کے بت بھی توڑے تو یہ اعلان تھا کہ مشرقی پاکستان کا اصل غدار کون تھا۔۔۔۔؟

بنگلہ دیشی عوام کی جانب سے شیخ مجیب اور اس کی بیٹی کو غدار قرار دیے جانے کے بعد اپنی شرمندگی چھپانے کے لیے انتشاری ذہنیت کی پیداوار جماعت کے رہنما اب یہ بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ جب عوام کی طاقت سامنے آتی ہے تو حال یہ ہوتا ہے جیسا حسینہ واجد کا ہوا– حالانکہ اس حسینہ واجد کا غدار وطن والد شیخ مجیب الرحمان کل تک بانی انتشار کا ہیرو تھا اور اس کو آئیڈیل بنا کر پاکستان میں نفرت اور تقسیم کا بیج بو رہا تھا مگر آج جس طرح اس جماعت اور اس کے بانی نے یوٹرن لیا ہے اس کی بھی مثال کم ہی ملتی ہے۔ بانی انتشار کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ عوامی طاقت محب وطن لوگوں کے ساتھ نکلتی ہے، غداروں اور 9 مئی والوں کے ساتھ کبھی باہر نہیں نکلتی۔ جس وقت یہ 1971ء کے حوالے سے منفی بیانیہ لیکر چل رہے تھے تو پورے ملک کے عوام کی جانب سے ان پر لعن طعن کی گئی تھی۔ ان کے اس عمل کو غداری سے تعبیر کیا تھا۔ آج جو انتشاری رہنما ٹی وی چینلز پر بیٹھ کر بنگلہ دیش کی صورتحال کا اپنے ملک سے موزانہ کرکے جو بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں دراصل اپنی شرمندگی کو چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جس بیانیہ کو لیکر انتشاری چل رہے تھے کہ شیخ مجیب الرحمان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اس بیانیے کو تو آج 49 سال بعد بنگلہ دیش کے غیور عوام نے دفن کر دیا ہے۔ جیسا انجام شیخ مجیب الرحمان کے بیانیے کا ہوا ہے وہی انجام بانی انتشار کا ہونے جا رہا ہے، یہ جو بیانیہ بنانے کی کوشش کرتا رہا ہے کہ عوام باہر نکلیں تو عوام کبھی بھی آپ کے کہنے پر باہر نہیں نکلیں گے کیونکہ باشعور عوام 9 مئی کے وطن دشمن بیانیے کو مسترد کر چکے ہیں۔ مشرقی حسینہ تو بھاگ گئی، مغربی ہینڈسم بھی سلاخیں توڑنے کے لئے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگانے لگا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے نو مئی سے متعلق پاک فوج کا بیان ایک مرتبہ پھر دہراتے ہوئے کہا ہے کہ 9 مئی کے حوالے سے مخصوص سیاسی ٹولا جب تک صدقِ دل سے معافی نہیں مانگ لیتا تب تک مذاکرات نہیں ہوں گے، مافیا کو تکلیف ہے کہ پاک فوج اور عوام مل کر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں، مافیاز عوام کو غربت میں ڈال کر ان کا استحصال کرنا چاہتے ہیں جو پاکستانی عوام کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا ملک میں انتشار پھیلانے والے دشمن عناصر غزہ، فلسطین اور کشمیر میں استحصال پر خاموش ہیں، پاکستان میں انتشار پھیلانے میں ان کو فائدے ہیں مگر پاک فوج اور عوام ان دشمن عناصر سے بخوبی واقف ہیں۔۔۔ یاد رہے کہ بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے گذشتہ ایک ماہ سے جاری پرتشدد احتجاج کے بعد پیر کو اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اور وہ ملک چھوڑ کر بھارت بھاگ گئی ہے۔

مکتوب امریکہ

طیبہ ضیا

جولائی میں سرکاری نوکریوں میں کوٹہ سسٹم کے خلاف شروع ہونے والی طلبہ کی تحریک میں اب تک مجموعی طور پر 300 سے زیادہ افراد ہلاک ہو چکے ہیں اور ملک بھر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔

شیخ حسینہ کے استعفے کے بعد ملک کی فوج کے سربراہ نے قوم سے خطاب میں کہا ہے کہ ملک میں عبوری حکومت قائم کی جائے گی جس کے لیے بات چیت جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ 'ہمارے ساتھ تعاون کریں، ہم ساتھ مل کر ایک بہتر مستقبل کی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔' غدار مجیب الرحمان کی بیٹی کو بھارت میں محفوظ خفیہ مقام پر رہائش دیدی گئی یعنی پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا۔ دشمن نے غداروں کی مدد سے پاکستان کو دولخت کیا مگر آج پاکستان کے بزرگوں کی قربانیوں کا لہو رنگ لایا اور حق کا بول بالا ہوا۔ مشرقی پاکستان کو بنگلہ دیش بنانے والے ننگے ہوئے۔ پاکستان میں آج بھی غدار دشمن سے مل کر نعوذ باللہ پاکستان کے تین ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں مگر پاک فوج کا عزم اور عوام کی سیسہ پلائی دیوار کے سامنے آج کے مجیب الرحمان اور شرپسند ٹولے ڈھیر ہو رہے ہیں۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے ہوم ٹیسٹ میچوں میں کوکابورا گیندیں استعمال ہونگی

ڈومیسٹک ریڈ بال کرکٹ میں ڈیوک اور وائٹ بال کرکٹ میں کوکابورا استعمال ہونگی مختلف برانڈز کی گیندوں کے استعمال اور بہترین پچز کی تیاری کا مقصد کھیل کا معیار بلند کرنا ہے، پی سی بی

لاہور (شیروز میاں) پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے سات ہوم ٹیسٹ میچوں کے لیے کوکابورا کرکٹ گیندوں کے استعمال کا فیصلہ کیا ہے۔ ان میچوں میں بنگلہ دیش کے خلاف دو ٹیسٹ، انگلینڈ کے خلاف تین ٹیسٹ اور ویسٹ انڈیز کے خلاف دو ٹیسٹ شامل ہیں۔ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ پلیئنگ کنڈیشنز کے مطابق ہوم بورڈ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کرکٹ کی گیندوں کے برانڈ کے بارے میں فیصلہ کرے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے 25-2024 کے سیزن میں استعمال ہونے والی کرکٹ گیندوں کے برانڈز کی تفصیل بھی جاری کی ہے جو ایک اسٹریٹجک قدم ہے جس کا مقصد کھیل کے معیار کو بڑھانا ہے تاکہ وہ ہوم پلیئنگ کنڈیشنز کی مخصوص ضروریات کے مطابق ہوسکے۔ یاد رہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ سیزن اگلے ماہ شروع ہونے والا ہے۔ پی سی بی نے اعلان کیا ہے کہ ڈیوک گیندیں تمام سینئرز ریڈ بال ڈومیسٹک ایونٹس میں استعمال کی جائیں گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ گراس روٹ لیول اور پاتھ وے کرکٹ میں aceline ایسلائن اور grays گریز برانڈ کی گیندیں استعمال کرے گا جن میں انڈر 13 انڈر 17 انڈر 19 ٹورنامنٹس اسکولز۔ یونیورسٹیز کلب اور انٹرڈسٹرکٹس مقابلے شامل ہیں۔ یہ فیصلہ ڈومیسٹک وینیوز پر گراؤنڈ اور پچ کنڈیشنز کے مکمل تجزیے کے بعد کیا گیا ہے۔ جس میں ڈیوک گیند کو مقامی پچوں کی خصوصیات کے مطابق اپنی مرضی کے مطابق بنایا گیا ہے۔ ڈومیسٹک 50 اوورز اور ٹی ٹوئنٹی مقابلوں کے لیے پی سی بی بین الاقوامی معیار کے ساتھ مستقل مزاجی کو برقرار رکھتے ہوئے کوکابورا کرکٹ گیندوں کا استعمال کرے گا کیونکہ آئی سی سی ایونٹس سمیت دنیا بھر میں تمام وائٹ بال کرکٹ کوکابورا گیندوں سے کھیلی جاتی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے یقین ظاہر کیا ہے کہ ٹونی ہیمنگ کی چیف کیوریٹر کے طور پر حالیہ تقرری کے ساتھ 25-2024 کے پورے سیزن میں پچز مختلف کرکٹ گیندوں کے استعمال میں معاونت کے لیے تیار کی جائیں گی۔ ہیمنگ متعلقہ ڈپارٹمنٹس کے ساتھ مل کر ایسی پچز تیار کریں گے جو نہ صرف کھیل کے معیار کو بڑھاتی ہیں بلکہ بیٹ اور گیند کے درمیان مسابقتی توازن بھی برقرار رکھتی ہیں ٹونی ہیمنگ پچز کی تیاریوں کے علاوہ مقامی کیوریٹرز کی تربیت اور کوچنگ کے بھی ذمہ دار ہوں گے۔

چار ممالک کی ٹریول ایڈوائزریز، ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کا بنگلادیش میں انعقاد مشکل

ICC
T20
ICC WOMEN'S T20 WORLD CUP

دبئی (اے ایف پی) آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے بنگلادیش میں انعقاد پر خدشات تاحال برقرار، 4 ممالک کی ٹریول ایڈوائزری کی وجہ سے ایونٹ کا بنگلادیش میں انعقاد مشکل ہوگیا۔ آئی سی سی نے بنگلادیش کو ایونٹ کی میزبانی کا گرین سگنل نہیں دیا، آئی سی سی ٹریول وارننگ ختم ہونے کا منتظر ہے کیونکہ 4 ممالک کی ٹریول ایڈوائزری میں بنگلادیش کا سفر نہ کرنا شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ انڈیا، آسٹریلیا، انگلینڈ اور نیوزی لینڈ نے بنگلادیش کے حالیہ واقعات کی وجہ سے ٹریول ایڈوائزریز جاری کر رکھی ہیں، چاروں ممالک کے ٹریول ایڈوائزری سے دستبردار ہونے کی صورت میں ہی ایونٹ بنگلادیش میں ہوگا۔ میڈیا رپورٹس میں مزید بتایا گیا ہے کہ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے ایک آفیشل کا کہنا ہے کہ میزبان ہونے کی حیثیت سے آئی سی سی کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ 4 ممالک کی ٹریول ایڈوائزری کی وجہ سے خدشات پائے جاتے ہیں۔

کرکٹ بورڈ کی چار بااثر شخصیات کو خلاف ضابطہ الاونسز دیے جانیکا انکشاف

اجلاس پانچ دن، ادائیگیاں 116 دن کی ہوئی، آڈیٹر جنرل کی ریکوری کرنے کی سفارش

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز اجلاس کے بغیر ہی ادائیگیوں کا انکشاف، دسمبر 2022 سے جون 2023 تک بورڈ کے صرف 5 اجلاس ہوئے، چار بااثر ممبران کو 116 روز کے الاونسز کی مد میں ادائیگیاں کی گئیں، آڈیٹر جنرل کی ادائیگیاں خلاف ضابطہ قرار دیتے ہوئے ریکوری کرنے کی سفارش کر دی۔ تفصیلات کے مطابق آڈیٹر جنرل کی رپورٹ کے مطابق پی سی بی کے چار بااثر ممبران کو 1 کروڑ 17 لاکھ کی اضافی ادائیگیاں کی گئیں، نجم سیٹھی، شکیل شیخ، اعزاد سید، ہارون رشید اضافی ادائیگیاں لینے والوں میں شامل ہیں، دسمبر 2022 سے جون 2023 تک بورڈ کے صرف 5 اجلاس ہوئے، چاروں ممبران پانچ روز اجلاس میں شرکت کی

مکسڈ مارشل آرٹس ایشین چیمپئن شپ کیلئے بھارتی ٹیم نے ایکسرسائز شروع کر دی

لاہور (شیروز میاں) مکسڈ مارشل آرٹس ایشین چیمپئن شپ میں شرکت کیلئے بھارتی فائٹرز اور ایتھلیٹز نے ایکسرسائز شروع کر دی ہے، یہ لوگ گزشتہ روز واہگہ بارڈر کے راستے لاہور پہنچے۔ 13 رکنی بھارتی مکسڈ مارشل آرٹس ٹیم کا استقبال پاکستان ایم ایم اے فیڈریشن کے نمائندوں نے کیا۔ مہمان ٹیم کو واہگہ بارڈر سے سخت سکیورٹی حصار میں لاہور کے نجی ہوٹل منتقل کر دیا گیا۔ بھارتی اسکواڈ میں دو خواتین فائٹرز بھی شامل ہیں اور مکسڈ مارشل آرٹس کے مقابلوں کا آغاز 18 اگست سے ہوگا۔ پاکستان اور بھارتی ٹیموں کے کپتانوں رضوان علی اور شری کانت شیکھر نے سنسنی خیز مقابلوں کی امید ظاہر کی ہے۔

بنگلادیشی کرکٹر محمود الحسن پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز سے باہر

اسلام آباد (اے ایف پی) بنگلادیشی بلے باز محمود الحسن جوئے پاکستان کے خلاف 2 ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے باہر ہوگئے۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے چیف فزیشن نے کرکٹ ویب سائٹ کو تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں محمود الحسن کے حوالے سے ایک ای میل موصول ہوئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ان کی کمر میں چوٹ آئی ہے اور اس کے نتیجے میں انہیں 3 ہفتوں کیلئے آرام دیا جا رہا ہے۔ کمر کی چوٹ کی وجہ سے محمود الحسن پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے باہر ہوگئے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 21 اگست سے راولپنڈی میں شروع ہوگا جبکہ دوسرا میچ 30 اگست کو کراچی میں کھیلا جائے گا۔

اولمپکس میں سلور میڈل کے باوجود نیرج کی برانڈ ویلیو بڑھ گئی

نیرج چوپڑا نے برانڈ ویلیو میں اضافہ کے بعد اپنی فیس بھی 40 سے 50 فیصد بڑھا دی

نئی دہلی (این این آئی) پیرس اولمپکس میں سلور میڈل جیتنے کے بعد بھارت کے 26 سالہ ایتھلیٹ نیرج چوپڑا کی برانڈ ویلیو میں اضافہ ہوگیا۔ پیرس اولمپکس میں جیولین تھرو میں پاکستان کے ارشد ندیم نے 97.92 میٹر تھرو کرکے نیا اولمپک ریکارڈ قائم کیا اور گولڈ میڈل جیتا تھا۔ نیرج چوپڑا دوسرے نمبر پر آئے تھے اور سلور میڈل کے حقدار ٹھہرے تھے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلسل کامیابیوں کے بعد نیرج چوپڑا کی برانڈ ویلیو میں اضافہ ہوگیا ہے اور انہوں نے اپنی فیس بھی 40 سے 50 فیصد بڑھا دی ہے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ اولمپکس میں سلور میڈل کے بعد نیرج سے مزید کمپنیاں ڈیل کرنے پر آمادہ ہیں جس کے بعد وہ کرکٹ کے علاوہ سب سے زیادہ برانڈ کے ساتھ شراکت کرنے والے ایتھلیٹ بن جائیں گے۔

آئی سی سی انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2025 کے شیڈول کا اعلان، ملائیشیا میزبان

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا۔ دوسرے انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی میزبانی ملائیشیا کرے گا اور ایونٹ 18 جنوری سے 2 فروری 2025 تک کھیلا جائے گا۔ انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں 16 ٹیمیں حصہ لیں گی، بھارتی ٹیم اعزاز کا دفاع کرے گی۔ گروپ اے میں انڈیا، ویسٹ انڈیز، سری لنکا اور ملائیشیا شامل ہوں گی جب کہ گروپ بی میں پاکستان، انگلینڈ، آئرلینڈ اور امریکا کی ٹیمیں شامل ہیں۔ گروپ سی میں نیوزی لینڈ، جنوبی افریقا، افریقا کوالیفائر اور سماؤ شامل ہیں، اس کے علاوہ گروپ ڈی میں آسٹریلیا، بنگلا دیش، ایشیا کوالیفائر اور اسکاٹ لینڈ شامل ہیں۔ ہر گروپ کی ٹاپ تین ٹیمیں سپر 6 مرحلے کے لیے کوالیفائی کریں گی، ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز 31 جنوری جبکہ فائنل 2 فروری کو ہوگا۔ 12 ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا، گروپ اے اور ڈی کی ٹاپ تین تین ٹیمیں گروپ 1 اور بی اور سی کی ٹاپ تین تین ٹیمیں گروپ ٹو میں شامل ہوں گی۔

آسٹریلیا کا ٹیسٹ کرکٹ کے 150 سال مکمل ہونے پر جشن، انگلینڈ کیخلاف میچ کا اعلان

میلبرن (اے ایف پی) کرکٹ آسٹریلیا نے ٹیسٹ کرکٹ کے 150 سال مکمل ہونے پر جشن منانے کا اعلان کر دیا۔ اس حوالے سے کرکٹ آسٹریلیا نے واحد ٹیسٹ کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے بتایا کہ آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان ٹیسٹ میچ مارچ 2027 میں کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ کرکٹ کے 150 سال مکمل ہونے پر ٹیسٹ میچ کی میزبانی تاریخی میلبرن کرکٹ گراؤنڈ کرے گا۔

آئی سی سی انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2025 کے شیڈول کا اعلان

دبئی (اے ایف پی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا۔ دوسرے انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی میزبانی ملائیشیا کرے گا اور ایونٹ 18 جنوری سے 2 فروری 2025 تک کھیلا جائے گا۔ انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں 16 ٹیمیں حصہ لیں گی۔

راولپنڈی: پاکستان ٹیم کے کھلاڑی بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل پریکٹس سیشن میں حصہ لے رہے ہیں

ٹاپ اینڈ ٹی 20 سیریز سیمی فائنل، ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز نے پاکستان شاہینز کو 30 رنز سے ہرا دیا

PEPSI
PAKISTAN

ڈارون (اے ایف پی) ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے سیمی فائنل میں ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کی ٹیم نے پاکستان شاہینز کو 30 رنز سے ہرا کر فائنل میں کوالیفائی کر لیا، پاکستان شاہینز 198 رنز ہدف کے تعاقب میں 18. 1 اوورز میں 167 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی، عباس آفریدی 54 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ اس کے علاوہ عثمان خان 32، محمد حارث 19 اور عارف یعقوب نے 15 رنز اسکور کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈارون میں جاری ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر ایڈیلیڈ سٹرائیکرز کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی، سٹرائیکرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 197 رنز بنائے، 57 رنز پر 3 وکٹیں گر جانے کے بعد جیک ونٹر اور ہیری مینینٹی نے 73 رنز کی شراکت قائم کر کے ٹیم کی پوزیشن کو بہتر کیا۔ جیک ونٹر نے جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور 8 چھکوں اور 6 چوکوں کی مدد سے 104 رنز بنائے، انہوں نے فیصل اکرم کے ایک ہی اوور میں 5 چھکے مارے، ہیری مینینٹی نے 52 رنز بنائے جس میں ایک چھکا اور 9 چوکے شامل تھے۔ پاکستان کی جانب سے عباس آفریدی نے تین اور فیصل اکرم نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں پاکستان شاہینز کی ٹیم 1.18 اوورز میں 167 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

تماشائیوں کے بغیر میچ کروانے پر سابق کرکٹر نے بورڈ کو آڑے ہاتھوں لے لیا

یہ میچ فیصل آباد یا ملتان میں بھی کروایا جاسکتا تھا جہاں اسٹیڈیم میں سہولیات اور فینز انجوائے کرسکتے، کامران اکمل

بورڈ کے اعلیٰ حکام میں یہ جسکا بھی فیصلہ ہے، چیئرمین سے سوال پوچھا جانا چاہیے، یوٹیوب چینل پر وی لاگ

لاہور (اے ایف پی) قومی ٹیم کے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے بنگلادیش کے خلاف کراچی ٹیسٹ اسٹیڈیم میں بغیر شائقین کے کروانے کے فیصلے پر بورڈ کو تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ کامران اکمل نے اپنے یوٹیوب چینل پر کامران اکمل نے کہا کہ بنگلادیش کیخلاف کراچی ٹیسٹ میچ میں اسٹیڈیم میں شائقین کے بغیر میچ کروانے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے مشورہ دیا کہ یہ میچ فیصل آباد یا ملتان میں بھی کروایا جاسکتا تھا جہاں اسٹیڈیم میں سہولیات اور فینز انجوائے کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی کیلئے اسٹیڈیم میں تزئین و آرائش کے کام ہو رہے ہیں، یہ تو مذاق بنوانے والی بات ہے کہ ٹیسٹ میچ بغیر کراؤڈ کے کروا رہے ہیں، یہاں کوئی 3،2 اسٹیڈیم تھوڑی ہیں! ہمارے پاس فیصل آباد اسٹیڈیم ہے میچ وہاں بھی منتقل کیا جاسکتا تھا۔ اسکے علاوہ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم ہے وہاں بھی اچھا کراؤڈ دیکھنے کو مل سکتا تھا تو کیوں کراچی کے خالی اسٹیڈیمز میں میچ کروا رہے ہیں۔ کامران اکمل نے کہا کہ بورڈ کے اعلیٰ حکام میں یہ جسکا بھی فیصلہ ہے، چیئرمین سے سوال پوچھا جانا چاہیے۔ ہوم سیریز میں بھی کراؤڈ نہیں ہوگا تو میچز کا فائدہ کیا ہے؟

SHOWBIZ
قوت

ہارٹ اٹیک نہیں ہائی بلڈ پریشر تھا: آئمہ بیگ کی وضاحت

اداکارہ نے اپنی صحت سے متعلق مداحوں کی تشویش اور دعاؤں پر تشکر کا اظہار کیا

کراچی (این این آئی) کچھ روز قبل آئمہ بیگ نے سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے مداحوں کو آگاہ کیا تھا کہ مسلسل سفر، فلائٹس اور شوز کی وجہ سے نیند پوری نہیں ہوئی جس کے باعث منی ہارٹ اٹیک کا سامنا کرنا پڑا۔ تصویر میں آئمہ کو اسپتال کے بیڈ پر لیٹے بھی دیکھا گیا تھا جس کے بعد گلوکارہ کے مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی تھی۔ اب آئمہ نے ایک طویل پوسٹ کے ذریعے مداحوں کو واضح کیا ہے کہ انہیں ہارٹ اٹیک نہیں بلکہ ہائی بلڈ پریشر تھا جس کی وجہ صحت کے ساتھ کی گئی لاپرواہی تھی۔ اداکارہ نے اپنی صحت سے متعلق مداحوں کی تشویش اور دعاؤں پر تشکر کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ کسی شخص کی ذہنی صحت ہو یا جسمانی، سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ صحت کے معاملے پر لاپرواہی برتتے ہوئے نیند کے بغیر اور کچھ کھائے پیے بغیر کئی ہفتوں سے سفر کر رہی تھیں۔ اداکارہ کے مطابق انہیں ’ہارٹ اٹیک‘ نہیں ہوا تھا۔

فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بعد اداکاری چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا، شاہ رخ خان

ممبئی (این این آئی) 3 دہائیوں سے بھارتی فلم انڈسٹری پر راج کرنے والے بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنی فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بعد عارضی طور پر اداکاری چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شاہ رخ خان نے اپنے حالیہ انٹرویو میں سال 2018 کی اپنی فلاپ فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بارے میں کھل کر بات کی۔ شاہ رخ خان نے کہا کہ فلم ’زیرو‘ کی ناکامی نے میرے کیریئر پر گہرا اثر ڈالا تھا، میں نے اس ناکامی کے بعد کچھ عرصے کے لیے فلموں سے وقفہ لینے کا فیصلہ کر لیا تھا اور یہ وقفہ تقریباً 5 سال کا رہا یعنی میں نے سال 2023 میں فلم ’پٹھان‘ کے ذریعے دوبارہ فلمی دنیا میں واپسی کی۔ میگا اسٹار نے کہا کہ دسمبر 2018 میں فلم ’زیرو‘ فلاپ ہوئی اور اس کے بعد جنوری 2019 میں مجھے نئی فلم کی شوٹنگ کا آغاز کرنا تھا لیکن ایک دن میں صبح اٹھا اور میں نے فلم کے پروڈیوسر کو فون کر کے کہا کہ میں اس فلم کی شوٹنگ نہیں کرنا چاہتا، میں ایک سال تک کوئی کام نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ اس فلم کا نام ’سارے جہاں سے اچھا‘ تھا اور یہ خلا میں جانے والے پہلے بھارتی راکیش شرما کی زندگی پر مبنی تھی لیکن میں نے آخری وقت میں فلم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

برطانوی اداکارہ کو لندن میں ریسٹورنٹ کے باہر دن دہاڑے لوٹ لیا گیا

لندن (این این آئی) برطانوی ٹی وی اسٹار جارجیا ہیریسن کو لندن میں ریسٹورنٹ کے باہر دن دہاڑے لوٹ لیا گیا۔ برطانوی ویب سائٹ ڈیلی میل کے مطابق مشہور ویب سیریز لو آئس لینڈ کی اداکارہ جارجیا ہیریسن نے اپنے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ 29 سالہ اداکارہ نے لوٹ مار کے واقعے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ایک چور ان کا پرس اور قیمتی ہار چھین کر لے گیا ہے۔ اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر اداکارہ نے ملزم سے درخواست کی ہے کہ وہ انہیں ان کا پرس اور ہار واپس کر دے، کیونکہ یہ دونوں چیزیں ان کیلئے بہت قیمتی ہیں۔

”استری 2“ کی باکس آفس پر دھوم، 100 کروڑ کیساتھ نیا ریکارڈ قائم

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ شردھا کپور اور اداکار راج کمار راؤ کی نئی ہارر کامیڈی فلم ’استری 2‘ نے باکس آفس پر دھوم مچاتے ہوئے نیا ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ شردھا کپور 15 اگست کو ریلیز ہونے والی اپنی نئی فلم ”استری 2“ میں اپنے کردار ”استری“ کی وجہ سے فلمی دنیا میں چھا گئی ہیں، اداکارہ جہاں اپنے منفرد کردار کی بدولت مداحوں کی تعریفیں سمیٹ رہی ہیں تو وہیں ان کی اور راج کمار راؤ کی اس فلم نے باکس آفس پر دھماکے دار اوپننگ کر کے سب کو حیران کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم ”استری 2“ نے اپنی کامیاب سٹوری لائن، ہارر اور کامیڈی کے تڑکے کی بدولت ریلیز کے صرف دو دن میں بھارتی باکس آفس پر 100 کروڑ سے زائد کا بزنس کر لیا۔

اداکارہ میرا کسی کی بھی دوست نہیں ہیں انہیں چغلیاں چھوڑ دینی چاہئیں، ریشم

لاہور (این این آئی) ماضی کی معروف پاکستانی فلم اسٹار ریشم نے اداکارہ میرا کو لوگوں کی چغلیاں نہ کرنے کا مشورہ دے دیا۔ حال ہی میں ریشم نے کامیڈین و میزبان احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کی تھی جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور پاکستان کی سیاست سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ ریشم نے اداکارہ میرا کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میرا اگر مجھ سے ملتی ہیں تو میرے سامنے دو تین لوگوں کی برائیاں کرتی ہیں اور اسی طرح جب دوسرے لوگوں سے ملتی ہیں تو ان کے سامنے میری چغلیاں کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے حال ہی میں معلوم ہوا کہ میرا نے لوگوں کے سامنے میرے بارے میں برائیاں کی ہیں۔

بھارت میں خواتین، بچے اور جانور محفوظ نہیں: جان ابراہم بھی چیخ اٹھے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار جان ابراہم نے کہا ہے کہ بھارت میں خواتین، بچے اور جانور محفوظ نہیں۔ ایک ہفتے قبل بھارت کے شہر کلکتہ میں ایک 31 سالہ لیڈی ٹرینی ڈاکٹر کی لاش میڈیکل کالج کے کمرے سے ملی تھی۔ لاش کے پوسٹ مارٹم میں خاتون ڈاکٹر سے زیادتی کی تصدیق ہوئی تھی جس کے بعد مختلف اسپتالوں میں ڈاکٹرز نے کام چھوڑ دیا تھا اور بڑے پیمانے پر مظاہرے بھی کیے گئے تھے۔ اس وقت بالی ووڈ سمیت دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات اس بہیمانہ قتل کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ بالی ووڈ اداکار جان ابراہم نے بھی حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بھارت میں خواتین سے ہونے والے زیادتی کے واقعات پر بات کی ہے۔ جان ابراہم کا کہنا تھا کہ بھارت میں خواتین، بچے اور جانور محفوظ نہیں ہیں، یہ بہت افسوس کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی مردوں کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ خواتین کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے اور یہ بہت اہم ہے، ہر عورت کیلئے ایک آدمی کو محافظ ہونا چاہیے کیونکہ میں ہندوستان سے پیار کرتا ہوں۔ بالی ووڈ اداکار کا کہنا تھا کہ میں بھارت لور ہوں اور بہت ضروری ہے کہ میں بھارت پر تنقید کروں، حب الوطنی اور جنگوازم میں فرق ہے، میرا بھارت مہان کہنے سے آپ بھارت لور نہیں بنتے، آپ جب ہی بھارت لور بنیں گے۔

ماورا حسین کی شادی سے متعلق مبہم پوسٹ نے مداحوں کو شش و پنج میں ڈال دیا

ہم سب تیار ہیں اب بس دولہا تلاش کرنے کی ضرورت ہے

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ماورا حسین کی شادی سے متعلق مبہم پوسٹ نے مداحوں کو شش و پنج میں ڈال دیا۔ اداکارہ ماورا حسین سوشل میڈیا پر اکثر و بیشتر اپنی سیر و تفریح اور پروجیکٹس کی تصاویر شیئر کرتی رہتی ہیں جسے ان کے مداحوں کی جانب سے بھی سراہا جاتا ہے۔ ماورا حسین نے شوبز کیریئر کا آغاز 2011 میں کیا تھا وہ بھارتی فلم ’صنم تیری قسم‘ میں بھی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔ اداکارہ کی بہن عروہ کی شادی کے بعد مداح ان کی شادی کو لے کر بھی کافی پرجوش ہیں اور ان سے سوشل میڈیا پر اکثر شادی سے متعلق ہی سوال پوچھے جاتے ہیں۔ اب اس موضوع کی بحث ایک بار پھر خود ماورا نے ہی سوشل میڈیا پر چھیڑ دی ہے۔ اداکارہ نے انسٹا اسٹوری شیئر کی جو کے کسی شادی کے مقام کی تصویر ہے اور اس میں روشنیاں جگمگاتی دیکھی جا سکتی ہیں۔ ماورا نے تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ ’مجھے قبول ہے، مجھے قبول ہے، مجھے قبول ہے‘ شادی کا مقام طے ہو چکا ہے۔

ریشم کو انڈسٹری میں متعارف کرایا لیکن وہ مجھے استاد نہیں مانتی، سید نور کا اداکارہ سے شکوہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے نامور ہدایت کار سید نور نے اداکارہ ریشم سے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ پتہ نہیں ریشم مجھے اپنا استاد کیوں نہیں مانتی۔ سید نور نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے کہا کہ ریشم ایک ذہین اداکارہ ہے، فلم انڈسٹری میں ریشم کو میں نے متعارف کروایا لیکن بدقسمتی سے وہ آج مجھے اپنا استاد نہیں سمجھتی۔ انہوں نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے استادوں میں ایوب خاور سمیت دیگر کا نام لیتی ہے جس کا مجھے کوئی دکھ نہیں، میں خوش ہوں کہ میں نے اداکارہ کو متعارف کروایا اور ان کے پہناوے و شخصیت کو نکھارا۔ سید نور نے ریشم کے انڈسٹری میں کام سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ وہ کام کیوں نہیں کر رہی یا لوگ اسے کاسٹ کیوں نہیں کر رہے لیکن میرے پاس اس وقت اداکارہ کیلئے کوئی کردار نہیں ہے۔ ہدایتکار نے مزید کہا کہ اگر میرے پاس ریشم کے لیے کوئی کردار ہوا تو میں انہیں ضرور دوں گا، وہ مجھے کبھی اپنا استاد تسلیم نہیں کرتی، وہ مجھے اپنے ساتھ دوسرے اساتذہ کا کام دکھائے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر دفتر میں ڈی سی سی/ کے پی آئیز کا اجلاس: ڈی سی محمود بشیر ورک نے صدارت کی

جو ایشوز پارلیمنٹیرینز نے گزشتہ اجلاس میں ہائی لائٹ کیے تھے ان کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

گوجرانوالہ: کنونیئر ڈی سی محمود بشیر ورک، ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی، سی پی او ایاز سلیم ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں، ممبران اسمبلی اور محکموں کے افسران شریک ہیں۔

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر دفتر میں ڈی سی سی/ کے پی آئیز کا اجلاس منعقد، کنوینئر ڈی سی محمود بشیر ورک نے اجلاس کی صدارت کی جو ایشوز پارلیمنٹیرینز نے گزشتہ اجلاس میں ہائی لائٹ کیے تھے ان کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور عمل درآمد نہ ہونے پر متعلقہ محکموں کی سرزنش بھی گئی اور ان سے جو ہے تا آئندہ اجلاس تک ان پہ عمل درآمد رپورٹ طلب کرلی۔ گوجرانوالہ کے پی آئی میں رواں ہفتے بھر پنجاب کی دوسری پوزیشن پر رہا اور پولیس کے جو کے پی آئی ہیں ان میں گوجرانوالہ نمبرون رہا جس پر تمام پارلیمنٹیرینز نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ اور سی پی او گجرانوالہ کو اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دی اور اس کے علاوہ یوم آزادی کی تقریبات میں آزادی فلوٹ، آزادی میراتھن ریس، ہاکی، کرکٹ، فٹبال اور دیگر میچوں اور آزادی فلوٹ کو بھرپور طریقے ویلکم کرنے پر اور یوم آزادی کی شاندار تقریبات کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ اسپورٹس، تعلیم اور دیگر متعلقہ محکموں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور ہم عوامی نمائندے عوام کی خدمت پر مامور ہیں اور ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ایسے اقدامات کریں جن سے لوگوں کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بارشوں کا سلسلہ جاری ہے، واسا، جی ڈبلیو ایم سی، میونسپل کمیٹیز، ضلع کونسل، کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کی ذمہ داری بڑھ گئی ہے اور تمام افسران وعملہ اپنی ذمہ داریاں مزید مستعدی سے ادا کریں، جہاں بھی نکاسی آب، سیوریج، روڈز کی تعمیر مرمت، کھلے مین ہالز، تعمیراتی کاموں کے مسائل، ناقص میٹریل کے استعمال اور دیگر پر متعلقہ محکموں کے افسران خود فوری طور پر ایکشن لیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی نے اس موقع پر کہا کہ جو غیر معیاری کام کرنے والے کے خلاف اینٹی کرپشن کے حوالے کیس بھجوائیں گے اور ایسی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کا پیسہ امانت ہے تمام کاموں کو شفافیت سے خرچ کرنا اور حکومتی ویژن کے تحت حکومتی سطح پر کرنے والے کاموں کے ثمرات عوام تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تجاوزات کے خلاف میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کی طرف سے سیٹلائیٹ ٹاؤن میں آپریشن کو سراہا گیا اور اسی طرز پہ انہیں ہدایت کی گئی کہ جی ٹی روڈ کے اوپر راہوالی سے چندا قلعہ تک جو تجاوزات ہیں جن میں پختہ، عارضی ریڑھیوں ٹھیلے وغیرہ اور دیگر تجاوزات کو ختم کیا جائے۔ غیر قانونی تجاوزات کی وجہ سے روڈز کے اوپر ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالتے ہیں اور ٹریفک حادثات کا سبب بنتے ہیں ان کے خلاف سٹی ٹریفک پولیس اور کارپوریشن مشترکہ آپریشن کریں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گوجرانوالہ کے پی آئیز میں 100 میں سے 63.92 نمبر حاصل کئے گئے۔ اور ایسے سیکٹرز جن میں نمبر کم آئے ان کو بہتر کرنے کی ہدایت کی۔

شیخوپورہ: مختلف واقعات میں

5 افراد لہولہان ہو گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مختلف واقعات میں 5 افراد لہولہان ہو گئے، ریسکیو اہلکاروں نے طبی امداد دیتے ہوئے زخمیوں کو ہسپتالوں میں منتقل کردیا محلہ رحمانپورہ میں مخبوط الحواس 30 سالہ شخص نے تیز دھار آلہ اپنی شہہ رگ پر پھیر لیا جسکو مضروبی حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

عامر خان کو پولیس لائزنگ کمیٹی لاہور ڈویژن برائے بزنس کمیونٹی کے فوکل پرسن مقرر

شیخوپور: ایڈیشنل آئی جی شہزادہ سلطان محمد عامر خان کو نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل آئی جی شہزادہ سلطان نے مرکزی انجمن تاجران اور شیخوپورہ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے میڈیا کوآرڈینیٹر عامر خان کو پولیس لائزنگ کمیٹی لاہور ڈویژن برائے بزنس کمیونٹی کا فوکل پرسن نامزد کردیا ہے جن کی نامزدگی کا گزشتہ روز نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا جو ایڈیشنل آئی جی نے عامر خان کو منعقدہ تقریب میں دیا، اس موقع پر چیئرمین شیخوپورہ چیمبرز آف کامرس منظور الحق ملک، صدر طارق اقبال مغل، مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ و دیگر موجود تھے۔

سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تحصیل شرق پور کی جانب سے جشن آزادی سیمینار

تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شرق پور مس فاطمہ ارشد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

شیخوپورہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تحصیل شرقپور اور ہیلپ فاؤنڈیشن کے اشتراک سے جشن آزادی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شرقپور مس فاطمہ ارشد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال میاں اشفاق علی، ہیلپ فاؤنڈیشن کے صدر اختر علی موونگا، نورالعین نقوی، آکاش احمد و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں دوسری طرف پودا لگایا جارہا ہے۔

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تحصیل شرق پور اور ھیلپ فاؤنڈیشن کے اشتراک سے جشن آزادی کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں کیک کاٹنے سمیت ملکی سلامتی وخوشحالی کی خصوصی دعا کی گئی، تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شرق پور مس فاطمہ ارشد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال میاں اشفاق علی، ھیلپ فاؤنڈیشن کے صدر اختر علی موونگا، نورالعین نقوی، آکاش احمد سمیت اساتذہ وطلبہ اور سول سوسائٹی کی نمائندہ شخصیات شریک ہوئیں، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شرق پور مس فاطمہ ارشد نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کیلئے ہمیں دن رات کام کرنے کی ضرورت ہے ملکی ترقی و استحکام کی خاطر ہمیں کسی قربانی سے دریغ نہ کرنے کے جذبہ سے سرشار ہونا ہوگا پاکستان اللہ تعالیٰ کا انعام ہے جس کے حصول کی خاطر لاکھوں قربانیاں دی گئیں ہم اکابرین تحریک آزادی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ مملکت خداداد پاکستان کو ترقی و خوشحالی کا گہوارہ بنانے کی خاطر بھرپور کردار ادا کریں گے، انہوں نے تقریب میں پرفارم کرنے والے طلبہ کو بھی خوب داد دی اور اساتذہ کی خدمات کو سراہا، تقریب کے اختتام پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تحصیل شرق پور میاں اشفاق علی نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا بعدازاں شجر کاری مہم کے سلسلہ میں پودے بھی لگائے گئے۔

قصور: گھریلو ناچاقی پر شوہر نے فائرنگ کرکے اپنی بیوی کو قتل کردیا

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواحی علاقے سعد میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے فائرنگ کرکے اپنی بیوی کو قتل کردیا۔ قصور کے نواحی علاقے سعد میں میاں بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا ہوگیا جس پر شوہر نے اپنی بیوی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا، دلاور حسین نے معمولی تلخ کلامی پر اپنی بیوی 30 سالہ شازیہ بی بی کو قتل کیا۔ پولیس تھانہ تھہ شیخم مصروف تفتیش ہے۔

میونسپل کمیٹی وزیر آباد کے آفسران کی ملی بھگت سٹی پارک سے راتوں رات قیمتی درخت کاٹ کر غائب کردیئے گئے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) میونسپل کمیٹی وزیر آباد کے آفسران کی ملی بھگت سٹی پارک سے راتوں رات قیمتی درخت کاٹ کر غائب کردیئے گئے پنجاب حکومت کا نعرہ سرسبز پنجاب کی دھجیاں بکھیر دی گئی۔ زرائع کے سٹی پارک وزیر آباد میں لگے قیمتی درخت مبینہ طور پر 9/10 اگست کی رات مالی حنیف کی موجودگی میں ایم۔او۔آئی وقار حسین۔ گارڈین سپریڈنٹ بابر علی کی مبینہ ملی بھگت سے کاٹے کر غائب کیے گئے۔ زرائع کے مطابق میونسپل کمیٹی وزیر آباد کے آفسران نے وزیر اعلی پنجاب کا نعرہ سرسبز پنجاب کی دھجیاں بکھیرتے ہوئے سٹی پارک میں لگے قیمتی درخت راتوں رات کٹوا کر مبینہ طور پر فروخت کیے مقامی شہری سماجی حلقوں نے احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلی پنجاب۔ کمشنر گوجرانوالہ۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ۔ صوبائی محتسب پنجاب سے نوٹس لیتے ہوئے درخت کٹوانے میں ملوث آفسران کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب متعلقہ حکام سے موقف کیلیے رابطہ کیا گیا مگر انہوں نے کوئی معقول جواب نہ دیا۔

خستہ حال دیوار گرنے سے قریب کھیلتا بچہ ملبے تلے دب کر جاں بحق

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواحی سرائے مغل میں خستہ حال دیوار گرگئی، دیوار کے رقریب کھیلتا ہوا کمسن بچہ ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگیا۔ قصور کے نواح سرائے مغل میں 06 سالہ بچہ عمر اپنے گھر کے آنگن میں کھیل رہا تھا اور کھیلتے ہوئے ہمسایوں کی دیوار کے پاس چلا گیا اچانک وہ خستہ حال دیوار اس کے اوپر آگری، کمسن عمر ملبے تلے دب کر شدید مضروب ہوگیا جسے علاج کے لیے ہسپتال بھی منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکا، پولیس تھانہ تھانہ سرائے مغل مصروف کاروائی ہے۔

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن کی زیر صدارت ڈویژنل انوائرمنٹ اپروول کمیٹی کا اجلا

ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات اور ممبر انوائرمنٹل اپروول کمیٹی کی اجلاس میں شرکت

گوجرانوالہ: کمشنر نوید حیدر شیرازی ڈویژنل انوائرنمنٹ اپروول کمیٹی (ڈی ای اے سی) کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل انوائرمنٹ اپروول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات وسیم احسن چیمہ اور ممبر انوائرمنٹل اپروول کمیٹی ڈاکٹر مجاہد فرید نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں گوجرانوالہ ڈویژن سے پیٹرول پمپ کے 6 اور ایک ہسپتال کا کیس منظوری کے لیے پیش کیا گیا لیکن تمام ساتوں کیسز ضابطہ اخلاق پر پورا نہ اترنے اور کمیٹی کی جانب سے اعتراضات کے باعث مؤخر کردیا گیا۔ کمشنر نوید حیدر شیرازی نے انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت کی کہ اس کمیٹی میں پیش کئے جانے والے تمام کیسز کی جانچ پڑتال کے لیے خود موقع پر جا کر تمام پہلوؤں سے جائزہ لیا جائے اور این او سی جاری کرتے ہوئے تمام بلڈنگ مالکان سے انڈر ٹیکنگ لی جائے کہ بلا اجازت نقشے میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں این او سی کینسل کردیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ ضابطہ اخلاق پر پورا اترنے والوں کو ہی این او سی جاری کئے جائیں گے۔

چوکی کوٹ نورشاہ: چوری کے شبہ میں پولیس کا چھاپہ: حاملہ خاتون پر تشدد، بچی ماں کے پیٹ میں ہلاک، تحریری درخواست دیدی گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ فیکٹری ایریا کے علاقہ چوکی کوٹ نورشاہ میں چوری کے شبہ آبادی کوٹ عبدالمالک میں پولیس کا چھاپہ دوران تشدد حاملہ خاتون کی بچی ماں کے پیٹ میں ہی ہلاک ہوگئی لواحقین کا چادر اور چار دیواری پامال کرکے خاتون پر تشدد کرنے اور ملزمان پولیس اہلکاروں کے خلاف دی جانے والی تحریری درخواست پر مقدمہ درج نہ کرنے کے خلاف مشتعل افراد نے جی ٹی روڈ کی ٹریفک معطل کرکے پولیس کے خلاف شدید نعرہ بازی کی دالخراش واقعہ پر ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے نوٹس لیتے ہوئے انکوائری کمشن مقرر کرکے 24 گھنٹے میں رپورٹ طلب کرلی، بتایا گیا ہے کہ کوٹ عبدالمالک سکیم نمبر 3 کے رہائشی علی رضا کے گھر میں رات کی تاریکی میں درجن سے زائد مسلح پولیس اہلکاروں نے دروازے توڑ کر داخل ہوگئے اور توڑ پھوڑ شروع کردی اس دوران حاملہ خاتون طیبہ بی بی کے بالوں سے پکڑ کر چوکی انچارج کوٹ نورشاہ ابرار اور دیگر پولیس اہلکاروں نے تشدد کا نشانہ بنا شروع کردیا شبیر اعوان اے ایس آئی نے خاتون کو بالوں سے پکڑ کر گھسیٹا اور ٹانگ خاتون کے پیٹ دے ماری جس سے طیبہ کے پیٹ میں ہی بچی کی ہلاکت ہوگئی جس کو ڈاکٹروں نے مردہ حالت میں پیٹ سے نکالا درخواست گزار علی رضا کی طرف سے

گوجرانوالہ: ایڈمنسٹریٹر بلدیہ کا شہر بھر میں تجاوزات کا سخت نوٹس

18 اگست تک شہر بھر سے جائز تجاوزات کے خاتمے کا حکم نامہ جاری کردیا

گوجرانوالا (نویدہ بخاری قوت بیورو) ایڈمنسٹریٹر بلدیہ کمشنر گوجرانوالا نوید حیدر شیرازی نے شہر بھر میں قائم ہونے والی غیر قانونی ناجائز تجاوزات بارے سخت نوٹس لیتے ہوئے 18 اگست تک شہر بھر سے ناجائز تجاوزات کے خاتمے کا حکم نامہ جاری کر دیا۔ تفصیلات مطابق کچھ روز قبل میونسپل کارپوریشن کی ریگولیشن برانچ کے انچارج سمیر چیمہ اور پانچ زون کے انکروچمنٹ انسپکٹرز و سپریٹنڈنٹ رحمت علی انصاری کو بلا کر سخت ترین سرزنش کرتے ہوئے۔ 18 اگست تک شہر بھر کے اندرون و بیرون بازاروں کے اندر حدود میونسپل کارپوریشن پر چاک لائن سے نشان لگا کر غیر قانونی ناجائز تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات کرنے کا حکم نامہ جاری کردیا۔ اگر کوئی بھی سیاسی سفارشات کا زور دیکھاتا ہے تو اسے میرے پاس بھجوائے مگر ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ جبکہ تین روز گزر جانے کے باوجود تا حال آج بھی محض فرضی اور خود ساختہ فوٹو سیشن جاری روزانہ کی بنیاد پر ایک ہزار روپے کیمرہ مین کے لیئے فکس کردیے سپرینٹنڈنٹ رحمت علی انصاری نے سیاسی۔و۔سماجی حلقون نے نمائندہ اخبار سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے دو سال سے میونسپل کارپوریشن کے خزانے کو دیمک کیطرح چاٹ کر کھانے والے اور کھلوانے والوں سے شہر بھر کی عوام کا ایک ہی مطالبہ پچھلے دو سال کا سخت ترین آڈٹ کروانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جو کرین کے کرایہ کی مد میں۔ پانچ سے چھے کروڑ روپے جعلی اور خود ساختہ بوگس بلوں کے چکروں میں ڈال کر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اور ریگولیشن۔ برانچ کے انچارج سمیر چیمہ اور سپرینٹنڈنٹ رحمت علی انصاری نے مبینہ طور ملی بھگت کرکے اپنے افسران سے اور من پسند ٹھیکیداروں کی وساطت سے گورنمنٹ کے خزانے کو جو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا گیا ہے اسکا حساب ہونا نہایت ہی ضروری ہیں۔

برج حرم درود گلوٹیاں موڑ نئی آبادی برج ارائیاں جامع مسجد حرم درود کے وضوخانہ کی تنصیب مکمل

ہر ایک اینٹ پر 40 سے لیکر ڈیڑھ لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھ کر انکو نصب کیا گیا ہے، پیر اظہر عرفان قادری کا خطاب

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) برج حرم درود گلوٹیاں موڑ نئی آبادی برج ارائیاں جامع مسجد حرم درود کے وضوخانہ کی تنصیب مکمل کرلی گئی۔ اس کا باقاعدہ افتتاح پاکستان کے معروف عالم دین پروفیسر حافظ محمد اعظم نوری، پروفیسر ڈاکٹر طاہر تتولی، پروفیسر ڈاکٹر عقیل احمد صاحب دامت برکاتہم نے اپنے دست مبارک سے کیا۔ اس موقع پر بانی وسرپرست اعلیٰ پیر اظہر عرفان قادری، پیر سید مطلوب حسین شاہ، وجاہت عزیز گل محمد آصف، حبیب حسن، پروفیسر محمد یوسف مغل محمد یاسین و ناظمین حرم درود حافظ محمد رافع صفی، عطا مصطفیٰ نور و دیگر ممبران جامع مسجد حرم درود بھی اس موقع پر موجود تھے بانی وسرپرست اعلیٰ پیر اظہر عرفان قادری نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ جامع مسجد حرم درود کی یہ خصوصیت ہے کہ اسکی ایک ایک اینٹ پر اچھی خاصی تعداد میں کلمہ شریف اور درود شریف پڑھا گیا پھر تعمیر کا عمل شروع کیا گیا اور اس مسجد کی تعمیر کے مقصد کا حصول صرف اور صرف درود شریف کی تکلین و ترویج ہے اور حرم درود کا پلیٹ فارم شب و روز درود شریف کو فروغ دینا ہی ہمارا مطمع نظر ہے یہی وجہ ہے کہ اس مسجد کا نام جامع مسجد حرم درود رکھا گیا ہے اور اسی محبت کے ساتھ جو اس کا وضو خانہ بنایا گیا ہے دنیا میں اس مسجد کو ایک خاص خصوصیت یہ بھی حاصل ہے کہ خانہ کعبہ کے جو میزاب رحمت کے پرنالے ہیں انہی کی طرز پر وضو خانہ تعمیر کیا گیا ہے کہ جس طرح میزاب رحمت سے پانی آتا ہے اسی کو نقل کیا گیا ہے، نیز یہ بھی دنیا میں ایک اچھوتا کام ہے کہ ہر ایک اینٹ پر 40 سے لیکر ڈیڑھ لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھ کر انکو نصب کیا گیا ہے اور اس طرح دنیا بھر میں اپنی نوعیت کی یہ پہلی مسجد کا اعزاز حاصل ہے انہوں نے مزید کہا کہ جس جگہ مسجد تعمیر ہوجاتی ہے تو وہ تحت الثری سے لے کر عنان سما تک ہمیشہ کے لیے مسجد ہوجاتی ہے تقریب کے اختتام پر معروف عالم دین پروفیسر ڈاکٹر محمد اعظم نوری، پروفیسر ڈاکٹر طاہر تتولی، پروفیسر ڈاکٹر عقیل احمد نے وضوخانہ کے تاقیامت دوام اور ملکی ترقی وخوشحالی اور استحکام وسلامتی کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔

انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے زیر اہتمام مستقبل کی تشکیل

ایک خوشحال اور سماجی طور پر ذمہ دار مستقبل کی تعمیر کے لیے یہ انضمام انتہائی ضروری ہے، مصدق ذوالقرنین کا خطاب

کانفرنس میں (آئی کیپ) ICAP کے صدر فرخ رحمان نے عالمی معاشی منظرنامے، ٹیکنالوجی اور گورننس کے انضمام میں چارٹرڈ اکاؤنٹس کے کردار پر روشنی ڈالی

فیصل آباد۔ (ملک۔ بشیر احمد) انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے زیر اہتمام مستقبل کی تشکیل: پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے ٹیکنالوجی اور گورننس کا امتزاج کے عنوان سے ایک کانفرنس کامیابی کے ساتھ منعقد کی گئی۔ اپنے ابتدائی بیان میں آئی کیپ کی کونسل کے رکن اور پی ڈی کمیٹی کے چیئرمین اسد فیروز نے مہارت اور علم کو مسلسل اپ ڈیٹ کرکے بڑھتے ہوئے پیچیدہ کاروباری ماحول میں آگے رہنے کی اہمیت پر زور دیا مہمان خصوصی کی حیثیت سے انٹرلوپ ہولڈنگز کے چیئرمین مصدق ذوالقرنین نے جدت اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے لیے ٹیکنالوجی کو گورننس کے ساتھ مربوط کرنے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے زور دیا کہ ایک خوشحال اور سماجی طور پر ذمہ دار مستقبل کی تعمیر کے لیے یہ انضمام انتہائی ضروری ہے۔ کانفرنس میں (آئی کیپ ICAP) کے صدر فرخ رحمان نے بدلتے ہوئے عالمی معاشی منظرنامے، ٹیکنالوجی اور گورننس کے انضمام میں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے منفرد کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تیزی سے بدلتے ہوئے ماحول میں لچک اور مطابقت پذیری کو یقینی بنانے کے لیے بھی اس نقطہ نظر کی اہمیت پر زور دیا۔ الائیڈ بینک لیمٹڈ میں آڈٹ پالیسی، مانیٹرنگ اور کوالٹی ایشورنس گروپ کے ہیڈ فیضان ارشاد نے روبوٹک پروسیس آٹومیشن (آر پی اے) پر ایک پریزنٹیشن دی اور آٹومیشن کے ذریعے کارکردگی اور درستی میں اضافہ کرکے اسے ٹیکسٹائل انڈسٹری کے لیے گیم چینجر قرار دیا۔ مینوفیکچرنگ اور ٹیکسٹائل سیکٹر میں ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت بطورفن کے موضوع پر اپنے کلیدی خطاب میں ایکسی لینس ڈیلیورڈ کے چیئرمین سجاد سید نے اس بات پر اظہار خیال کیا کہ ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت مینوفیکچرنگ اور ٹیکسٹائل کی صنعتوں میں کس طرح انقلاب برپا کررہے ہیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

جہلم شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں کم عمر بچوں کا موٹر سائیکل چلانے کا رجحان بڑھنے لگا

بچوں کے پاؤں موٹر سائیکل کی بریک تک نہیں پہنچ پاتے اور وہ سڑکوں پر موٹر سائیکلیں دوڑاتے نظر آتے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں کم عمر بچوں کا موٹر سائیکل چلانے کا رجحان بڑھنے لگا، بچوں کے پاؤں موٹر سائیکل کی بریک تک نہیں پہنچ پاتے اور وہ سڑکوں پر موٹر سائیکلیں دوڑاتے نظر آتے ہیں، ٹریفک پولیس کے افسران و اہلکار خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہے شہریوں نے آئی جی پنجاب، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت ملحقہ علاقوں کی سڑکوں پر کم عمر بچے موٹر سائیکلیں دوڑاتے دکھائی دیتے ہیں، ایک زمانہ تھا جب والدین بچوں کو خود ہاتھ پکڑ کر اپنی سائیکل اور سائیکل چلانا سکھاتے تھے۔ وقت جیسے جیسے گزرتا گیا سائیکل کی جگہ موٹر سائیکل نے لے لی کسی گھر میں سائیکل کا ہونا امیری کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ بعد میں موٹر سائیکل نے سائیکل کی جگہ لے لی، یہ سواری صرف 2 افراد کیلئے بنائی گئی تاکہ وہ آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرسکیں، مگر آج کل موٹر سائیکل گدھا گاڑی سے بھی بدتر ہو چکی ہے۔ پوری فیملی موٹر سائیکل پر سوار ہوجاتی ہے۔ میاں بیوی بچوں سمیت سب کو خطرات لاحق ہوتے ہیں، مگر لوگ اس کے باوجود موٹر سائیکل پر سفر کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، جبکہ مضافاتی علاقوں میں زمین دار موٹر سائیکلوں پر چارہ لوڈ کرکے مویشیوں کے لیے لے جاتے دکھائی دیتے ہیں۔

قصور اور اسکے نواح میں شارٹ سرکٹ سے اچانک آگ بھڑک اٹھی

ریسکیو عملے نے بروقت کاروائی کرکے بڑے نقصان سے بچالیا

قصور (بیورو رپورٹ) قصور اور اسکے نواح میں شارٹ سرکٹ سے اچانک آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو عملے نے بروقت کاروائی کرکے بڑے نقصان سے بچالیا۔ ملتان روڈ دینہ ناتھ کے قریب ایک نجی ٹیکسٹائل میں اچانک آگ بھڑک اٹھی اور دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے چاروں طرف پھیل گئی آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی جو گودام میں پڑی روئی میں جالگی وقوعہ کی اطلاع پر ریسکیو عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا آگ بجھانے کے عمل میں پھولنگر، الہ آباد اور لاہور کی ٹیموں نے بھی حصہ لیا، مقامی پولیس مصروف کاروائی ہے جبکہ قصور پل قتل گڑھی نجی بینک کی چھت پر پڑے جنریٹر سے اچانک آگ بھڑک اٹھی، وقوعہ کی اطلاع پاکر ریسکیو 1122 کا عملہ بروقت موقع پر پہنچا اور بہت ہی کم وقت آگ پر قابو پاکر نجی بینک کو ہونے والے ایک بڑے نقصان سے بچا لیا۔ مقامی پولیس مصروف کاروائی ہے۔

قصور: عملہ تہہ بازاری کا تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن

دوکانوں سے باہر سامان رکھنے اور فٹ پاتھوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر کی تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے جاری کردہ ہدایات کے مناسبت سے اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت مدنی نے سی ای او میونسپل کمیٹی مصطفیٰ آباد شیخ وقاص کے ہمراہ سروس روڈ بازار میں مین روڈ پر دکانوں، ہوٹلز/ ریسٹورنٹس اور سٹورز کا دورہ کیا۔ مذکورہ روڈز پر دکانداروں اور ہوٹلز/ ریسٹورنٹس کی جانب سے بنائے گئے عارضی تجاوزات کو فی الفور ہٹادیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے دکانداروں اور ہوٹلز مالکان سے ملاقات کی اور ان کو تجاوزات کے خاتمے اور سامان دکانوں کے اندر رکھنے کی ہدایت جاری کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت مدنی نے بازار کے تاجروں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن میں اپنا کردار ادا کریں اور ضلعی انتظامیہ سے مکمل تعاون کریں۔ ضلعی انتظامیہ قصور کی جانب سے غیر قانونی تجاوزات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے اور دکانوں سے باہر سامان رکھنے اور فٹ پاتھوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔

تایا کی 10 سالہ بھتیجی کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) تایا کی 10 سالہ بھتیجی کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش پولیس نے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے تفتیش کا آغاز کردیا ہے بتایا گیا ہے کہ محلہ شریف پورہ میں 10 سالہ (م) کے اہلخانہ کمرے میں سو رہے تھے کہ بچی کی رونے کی آواز آئی جس پر اہلخانہ اٹھ گئے بچی نے بتایا کہ تایا نے زیادتی کی کوشش کی ہے بچی کا تایا موقع سے فرار ہوگیا تھانہ نارنگ پولیس نے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

جہلم تھانہ کالا گجراں کے علاقہ کوٹھہ پرانا میں 13 سالہ بچے نے 5 سالہ بچے کو قتل کردیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تھانہ کالا گجراں کے علاقہ کوٹھہ پرانا میں 13 سالہ بچے نے 5 سالہ بچے کو قتل کردیا۔ معصوم کی لاش جھاڑیوں سے برآمد، ملزم نے اقبال جرم کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کالا گجراں کے علاقہ کوٹھہ پرانا میں 13 سالہ لڑکے نے 5 سالہ معصوم بچے کو چھریاں مار کر قتل کردیا۔ گرفتار 13 سالہ لڑکے عبداللہ نے انکشاف کیا کہ 5 سالہ عثمان نے میری ماں کو گالیاں دی تھیں جس کا مجھے رنج تھا۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ قاتل اور مقتول دونوں آپس میں قریبی رشتے دار بھی ہیں، تاہم پولیس نے آلہ قتل برآمد کرکے تفتیش آغاز شروع کررکھا ہے۔

مشین چلاتے ہوئے کرنٹ لگنے کے باعث پینتالیس سالہ شخص جاں بحق

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مشین چلاتے ہوئے کرنٹ لگنے کے باعث پینتالیس سالہ شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق محلہ شادی ملنگ کے علاقہ میں ارشد سلائی مشین چلاتے ہوئے کرنٹ لگنے کی وجہ سے موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا وقوعہ کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 چنیوٹ کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چنیوٹ منتقل کردیا۔

قصور کوٹ مراد خاں: سلنڈر پھٹنے سے ماں بیٹا جھلس کر شدید زخمی ہوگئے

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کوٹ مراد خاں کے علاقے میں گیس سلنڈر پھٹنے سے ماں بیٹا جھلس کر شدید زخمی ہوگئے، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ قصور کوٹ مراد خاں میں 50 سالہ عابدہ نے چولہا جلانے کی غرض سے آگ جلائی گیس سلنڈر لیک ہونے کی وجہ سے وہاں پر گیس پھیلی ہوئی تھی اور آگ جلتے ہی وہاں پر دھماکہ ہوگیا جس کی زد میں آکر 8 سالہ علی اور 50 سالہ عابدہ شفیق دونوں ہی شدید جھلس گئے، ماں بیٹا 50 سے 60 فیصد تک اس حادثے میں جل گئے ہیں۔ دونوں کو تشویشناک حالت میں علاج کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، پولیس تھانہ بی ڈویژن مصروف کاروائی ہے۔

اوکاڑہ: پولیس کا جرائم پیشہ افراد کیخلاف کریک ڈاؤن

دوران ناکہ بندی لاکھوں روپے مالیت کی چوری شدہ موٹر سائیکلوں اور ناجائز اسلحہ کی برآمدگی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایس۔پی پیٹرولنگ فتح احمد کاہلوں کی زیر قیادت جرائم پیشہ افراد کیخلاف پیٹرولنگ پولیس اوکاڑا ان ایکشن۔ دوران ناکہ بندی لاکھوں روپے مالیت کی چوری شدہ موٹر سائیکلوں اور ناجائز اسلحہ کی برآمدگی پر متعدد مقدمات درج ملزمان پابند سلاسل۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرولنگ پولیس چیک پوسٹ سکھ پور سے سب انسپکٹر امداد علی نے ملزم مدثر حسین کے قبضہ سے پسٹل 30 بور بمعہ بولٹس برآمد کرلیں 2۔ پیٹرولنگ پولیس چوکی بھومن شاہ سے اے۔ایس۔آئی عامر علی نے ملزم محمد اعظم کے قبضہ سے جعلی نمبر پلیٹس لگی مشتوق موٹر سائیکل برآمد کرکے ملزمان کیخلاف تھانہ صدر دیپالپور میں مقدمات درج کروا دیے۔ 3۔ پیٹرولنگ چیک پوسٹ بونگہ صالح سے سب انسپکٹر طاہر اقبال نے ملزم علی رضا کے قبضہ سے جعلی نمبر پلیٹس لگی مشتوق موٹر سائیکل برآمد کرکے تھانہ چورستہ میاں خاں میں مقدمہ درج کروا دیا۔ پیٹرولنگ چیک پوسٹ چک نمبر 48 ٹو ایل سے اے۔ایس۔ائی محمد عارف نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم غلام محی الدین کے قبضہ سے علاقہ تھانہ صدر بہاولنگر سے جعلی نمبر پلیٹس لگی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرکے تھانہ صدر اوکاڑا میں مقدمہ درج کروا دیا۔ 5۔ پیٹرولنگ چیک پوسٹ چک میراں شاہ سے سب انسپکٹر کاشف سلیم نے دوران سنیپ چیکنگ ملزم مظہر کے قبضہ سے جعلی نمبر پلیٹس لگی علاقہ تھانہ جوہر ٹاؤن سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرکے تھانہ گوگیرہ میں مقدمہ درج رجسٹر کروا دیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس کیجانب سے 05 کس ملزمان کیخلاف مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا۔

مانانوالہ پولیس: ایس ایچ او لیاقت علی جٹ کی سربراہی میں منشیات فروش کو گرفتار کرلیا گیا

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی مانانوالہ پولیس نے ایس ایچ او لیاقت علی جٹ کی سربراہی میں منشیات فروش کو گرفتار کرلیا عمران نامی منشیات فروش کو مخبر کی اطلاع پر گرفتار کیا گیا منشیات فروش عمران سے دس کلو منشیات برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا ڈی ایس پی سرکل صفدر آباد آغا محمود خان کا کہنا ہے کہ علاقے میں منشیات کا خاتمہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

چنیوٹ: جرم ثابت ہونے پر ملزمان کو سزائیں سنادی گئیں

منشیات فروش صدر عباس حق نواز کو عمر قید اور 80 ہزار جرمانے کی سزائیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کو سزائیں دلوانے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ قتل، منشیات سمیت دیگر سنگین مقدمات میں بہتر انوسٹی گیشن، پراسیکیوشن کی بدولت ملزمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جارہی ہیں۔ عدالت نے جرم ثابت ہونے پر ایک قتل اور تین منشیات کے مقدمات میں ملزمان کو سزائیں سنائیں۔ منشیات فروش صدر عباس حق نواز کو عمر قید 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزائیں سنائی گئیں۔ منشیات فروش زاہد کو 9 سال قید 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزائیں سنائی گئیں۔ منشیات فروش سرفراز کو 9 سال قید 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزائیں سنائی گئیں۔ قتل کے مقدمہ میں شان کو سزائے موت 5 لاکھ روپے جرمانہ کی سزائیں سنائی گئیں۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ معیاری تفتیش اور ثبوتوں کو بہترین انداز میں عدالت کے سامنے پیش کرکے سنگین وارداتوں میں ملوث مجرمان کو سزائیں دلوائی جارہی ہیں۔

عدالتی حکم کی تعمیل کیلئے ایس ایچ او کا شہری کے گھر چھاپہ: قیمتی اشیاء کی توڑ پھوڑ

پولیس نے عدالت کے حکم پر بچے کی برآمدگی کیلئے کوٹلی سیہول کے رہائشی چوہدری محمد علی سیہول اور قمر عباس ایڈووکیٹ کے گھر چھاپہ مارا

ایس ایچ او نے میرے گھر میں توڑ پھوڑ اور ملازمین کو گالم گلوچ کرتے ہوئے میرے والد کو گرفتار کرکے حبس بے جا میں رکھا، قمر عباس سیہول ایڈووکیٹ

ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کو ایس ایچ او، انسپکٹر سمیت 8 کانسٹیبلز کیخلاف کارروائی کیلئے درخواست دے دی، میڈیا سے گفتگو

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) میاں بیوی کی لڑائی عدالت کا بیٹے کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم بچے کی برآمدگی کے لئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل نے انسپکٹر محمود ورک اور نفری کے ہمراہ سرچ وارنٹ کے حصول کے بعد عدالتی حکم کی تکمیل کے لئے بچے محبوب دانش برآمدگی کے لئے مخبر کی اطلاع پر نواحی گاؤں کوٹلی سیہول کے رہائشی چوہدری محمد علی سیہول اور قمر عباس ایڈووکیٹ کے گھر چھاپہ مارا اور توڑ پھوڑ کی اور محمد علی سیہول کو گرفتار کرلیا مگر معصوم بچہ برآمد نہ ہوسکا قمر عباس سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ایس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل انویسٹی گیشن انچارج محمود ورک نے 8 کانسٹیبل کے ہمراہ بچے کی موجودگی کے شبہ میں ان کے گھر میں توڑ پھوڑ اور ملازمین کو گالم گلوچ کرتے ہوئے ان کے والد کو گرفتار کرکے حبس بے جا میں رکھا ہے جبکہ وہ صرف اس کیس میں بطور وکیل کردار ادا کررہے ہیں جس پر ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کو ایس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل اور انسپکٹر محمود ورک سمیت 8 کانسٹیبل کے خلاف کارروائی کیلئے درخواست دے دی ہے قمر عباس سیہول کے گھر پر پولیس دھاوا چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرنا غیر قانونی عمل ہے احتجاج کے طور پر فیروزوالہ بار نے ہڑتال کا اعلان کردیا ہے جنرل سیکرٹری فیروزوالہ بار سفیان سندھو کا کہنا ہے کہ معزز عدالت کے حکم پر بچے کو پیش کرنے کیلئے ہمارے بار ممبر قمر عباس سیہول کے گھر پر غیر قانونی ریڈ کیا گیا اور اہل خانہ سے بدتمیزی کی گئی ہے ان کے والد کو غیر قانونی طور پر گرفتار کرکے حبس بے جا میں رکھا گیا ہے جس پر آج 19 اگست کو ہم احتجاجاً عدالت کا بائیکاٹ کریں گے جبکہ لاہور ہائی کورٹ بار کے صدر نے پولیس گردی کی بھرپور الفاظ میں مذمت کی ہے ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر شاہ فیصل نے سٹی پریس کلب سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس نے صرف عدالت کے حکم پر عملدرآمد کرواتے ہوئے سرچ وارنٹ حاصل کرکے ریڈ کیا گیا ہے پولیس پر لگائے گئے تمام الزامات بے بنیاد ہے بچے کی برآمدگی کے لئے تفتیش کی ہے توڑ پھوڑ نہیں کی گئی ہے تمام الزمات کو مسترد کرتے ہیں۔

اوکاڑہ پولیس نے منشیات فروش کو گرفتار کرکے ایک کلو ہیروئن برامد کرلی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے منشیات فروش کو گرفتار کرکے ایک کلو ہیروئن برامد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اوکاڑہ طارق عزیز سندھو کی ہدایت پر اوکاڑہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کررکھا ہے گزشتہ روز تھانہ بصیر پور نے اطلاع ملنے پر پل امیرا تھیجیکا کے قریب سے ایک تصور نامی منشیات فروش کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک کلو 100 گرام چرس برامد کرلی پولیس نے منشیات فروش کے خلاف مقدمہ نمبر 1109/24 درج رجسٹر کرلیا ہے۔ پولیس اس کے دیگر منشیات فروش ساتھیوں کی گرفتاری کے چھاپے مار رہی ہے توقع کی جارہی ہے کہ منشیات کے بڑے ڈیلر گرفتار کئے جائیں گے۔

جہلم شہر اور مضافاتی علاقوں میں گداگروں کی یلغار

بھکاری دوسرے اضلاع بالخصوص لاہور، ملتان، ڈیرہ غازی خان سے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور مضافاتی علاقوں میں گداگروں کی یلغار نے شہریوں کو پریشان کرنا معمول بنا لیا۔ گداگروں میں زیادہ تعداد خوبصورت نوجوان بھکارنوں کی ہے جو حلیہ سے دوسرے اضلاع بالخصوص لاہور، ملتان، ڈیرہ غازی خان کے علاقوں کی معلوم ہوتی ہیں بھکارنیں جگہ جگہ شہریوں کا پیچھا کرکے زبردستی بھیک کا مطالبہ کرتی ہیں۔ جبکہ کمسن بچوں کو جعلی معذور بنا کر یا ذخمی ظاہر کرکے اہم مقامات پر بٹھا دیتی ہیں، ان دنوں بھکاریوں کی بڑی تعداد نے شہر کا لاری اڈہ، ریلوے روڈ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ضلع کچہری سمیت پبلک مقامات کا رخ کرلیا ہے، جس کی وجہ سے شہریوں کے لئے گھروں میں آرام کرنا، عبادت کرنا، مسجدوں سے نکلنا، شاپنگ کرنا اور پیدل چلنا عذاب بن کر رہ گیا ہے، شہر بھر کی چھوٹی بڑی گلیوں، سڑکوں، چوک، چوراہوں، مسجدوں، ہسپتالوں، مارکیٹوں بس اسٹینڈز پر بھکارنوں کے گھیراؤ کی وجہ سے شہری اور راہگیر شدید ذہنی اذیت کا شکار نظر آتے ہیں، مگر ٹریفک پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھکارنوں اور بھکاریوں کے سدباب کے لئے اقدامات کی بجائے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، دوسری جانب گداگری ایکٹ موجود ہونے کے باوجود اس پر کہیں عملدرآمد ہوتا نظر نہیں آتا مختلف واقعات میں سامنے آیا ہے کہ یہ بھکارنیں چوری چکاری و دیگر وارداتوں میں بھی ملوث ہوتی ہیں اور شاپنگ کے لئے مارکیٹوں کا رخ کرنے یا پبلک ٹرانسپورٹ پر سفر کرنے والی خواتین کے موبائل فونز، طلائی زیورات اور پرس اڑا کر رفو چکر ہوجاتی ہیں۔

قصور کے نواح الہ آباد میں رکشہ اور موٹر سائیکل کے تصادم میں ایک خاتون سمیت تین افراد شدید زخمی

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواح الہ آباد میں رکشہ اور موٹر سائیکل کے تصادم میں ایک خاتون سمیت تین افراد شدید زخمی ہوگئے، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ قصور کے نواح الہ آباد کے گاؤں مرالیاں کے قریب رکشہ اور موٹر سائیکل کے تصادم میں ایک عورت سمیت تین افراد زخمی ہوگئے، زخمیوں کو تشویشناک حالت میں قریبی ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ مقامی پولیس مصروف کاروائی ہے۔

ماڑی کلاں: مزدوری مانگنے پر مسلح افراد کا نہم کلاس کی طالبہ پر تشدد

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نواحی گاؤں ماڑی کلاں میں موبجی کی لاب لگانے کی مزدوری مانگنے پر مسلح افراد کا نہم کلاس کی طالبہ پر تشدد جبڑا اور ناک کی ہڈی توڑ دی اہلخانہ کو قتل کی دھمکیاں نارنگ پولیس نے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا تفصیل کے مطابق نارنگ کے نواحی گاؤں ماڑی کلاں کے رہائشی سفیان اور اسامہ نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ موبجی کی لاب لگائی تھی مزدوری مانگنے پر جھگڑا ہوا جس پر اسامہ نے اپنے ساتھیوں عزیر توحید خوبیر وغیرہ کے ساتھ مسلح ہوکر سفیان کے گھر پر ہلہ بول دیا اور گالم گلوچ کرتے ہوئے قتل کی دھمکیاں دیں اور تشدد شروع کردیا جس پر سفیان کی والدہ اور بہن شہرین بیچ بچاؤ کروانے میدان میں آگئی ملزمان نے نہم کلاس طالبہ شہرین کو بے رحمانہ تشدد کا نشانہ بنایا جس سے اس کے ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی ملزمان کپڑے پھاڑ دیئے اور جان سے مار دینے کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہوگے پولیس کو اطلاع دی گئی جس پر کاروائی کرتے ہوئے تھانہ نارنگ پولیس نے سفیان کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

اعلیٰ تعلیم کے مواقع بڑھانے سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا جبکہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لئے حکومت پنجاب کے پائیدار اقدامات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے باہمی مہارتوں سے مستفید ہونے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے برطانوی ہائی کمشنر کو گورنس کا معیار بہتر بنانے کے لئے پولیس اور انتظامیہ کے مانیٹرنگ کیلئے کے پی آئی سسٹم سے بھی آگاہ کیا۔ ملاقات میں ڈیجیٹل پنجاب کیلئے جاری اقدامات پر گفتگو کی گئی جبکہ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے نواز شریف آئی ٹی سٹی میں برطانوی اداروں کو سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ ملاقات میں برطانوی ہائی کمشنر کو پنجاب میں سولر پینل پراجیکٹ سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب ڈیجیٹلائزیشن کے دور میں داخل ہو چکا ہے، عنقریب پنجاب لیڈ کرے گا، آئی ٹی یونیورسٹیز کے قیام کے لئے برطانوی اداروں کا خیر مقدم کیا جائے گا، لاہور میں محمد نوازشریف آئی ٹی سٹی، ٹوئن ٹاورز کا پراجیکٹ تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کررہا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے فارن کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے تعلیم اور دیگر شعبوں کے اشتراک کار کو سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 2

سفارشات مرتب کی گئیں۔ اجلاس میں احسن اقبال، رانا ثنااللہ، اعظم نذیر تارڑ، خواجہ سعد رفیق، ، مریم اورنگزیب، کرنل (ر) مبشر جاوید اور چیف سیکرٹری پنجاب سمیت دیگر اعلیٰ سرکاری افسران بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں عوام کو مختلف مدوں میں ریلیف کے حوالے سے غور اور مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ نا مساعد معاشی حالات کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہرممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ حکومت معیشت کو ٹریک پر لانے کے لئے بھی دن رات کوشاں ہے اور ان شاءاللہ بہت جلد اس کے ثمرات عوام کے سامنے آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 3

یونٹ تک کے صارفین کو ملے گا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ بجلی کے ٹیرف میں ریلیف کا اطلاق اگست اور ستمبر 2024 کے بلوں میں ہوگا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے پنجاب میں 500 یونٹ تک کے بجلی صارفین کے لیے 14 روپے فی یونٹ کمی کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 4

اور خیبر پختونخوا میں 4، 4 جبکہ بلوچستان اور سندھ میں ایک ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ پشاور میں پولیس سروسز اسپتال میں منکی پاکس کے مشتبہ کیسز کے لیے آئسولیشن کی سہولت فراہم کردی گئی ہے۔ ڈاکٹرز کے مطابق منکی پاکس کی علامات 4 سے 15 روز میں ظاہر ہوتی ہیں، بخار، جسم میں درد، غدود کا بڑھ جانا ایم پاکس کی علامات ہیں، اگر کسی میں منکی پاکس کی علامات ظاہر ہوں تو اسے آئسولیٹ ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 5

وزیراعظم کی زیرصدارت پیٹرولیم سیکٹر کی ای اینڈ پی کمپنیوں کو درپیش مسائل پر غور کے لیے قائم کردہ کمیٹی کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر مقامی اور غیر ملکی ای اینڈ پی کمپنیوں کے سربراہان نے سرکلر قرضے کے بڑھنے کی وجہ سے سیکٹر کی سکیورٹی اور استحکام سے متعلق خدشات بارے میں اجلاس کو آگاہ کیا گیا۔ کمیٹی کے نجی شعبے کے اراکین نے بھی ڈان سٹریم گیس سیکٹر سے متعلق اپنے خدشات کا اظہار کیا اور اس کے استحکام کو بہتر بنانے کے لیے نجی کمپنیوں کے لیے سیکٹر کو کھولنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس کے دوران تفصیلی بحث ومباحثہ کے بعد پیٹرولیم ڈویژن کو صنعت اور دیگر سٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کرنے کی ہدایت کی گئی۔ فورم نے پیٹرولیم ڈویژن کو اوگرا آرڈیننس میں مناسب ترامیم تجویز کرنے کی بھی ہدایت کی تاکہ گیس کے نرخوں میں ماہانہ یا سہ ماہی بنیادوں پر ایڈجسٹمنٹ کے لیے ایک میکانزم متعارف کرایا جا سکے۔ سکیورٹی کے مسائل پر، فورم نے داخلہ ڈویژن کو ہدایت کی کہ وہ ای اینڈ پی کمپنیوں اور دیگر سٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی تعاون سے قدامات کرے۔ داخلہ ڈویژن کو یہ بھی ذمہ داری دی گئی کہ وہ چیلنجنگ علاقوں میں آپریشنز کے لیے سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر وقف ون ونڈو سہولت کا نظام تیار کرے۔ اجلاس میں پیٹرولیم، خزانہ و محصولات اور توانائی کے وزراسمیت کمیٹی کے دیگر سرکاری و نجی شعبے کے ارکان نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 6

کروڑ جبکہ ٹرانسمیشن اینڈ ڈسٹری بیوشن لاسز کی مد میں 10 ارب 80 کروڑ مانگے گئے ہیں۔ درخواست پر نیپرا میں سماعت 26 اگست کو ہوگی، نیپرا کے فیصلے کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 7

جاری کردیں۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی نے کہا ہے کہ ایئر لائنز تمام مسافروں کو ماسک فراہم کریں، ایئر لائنز اور گراؤنڈ ہینڈلنگ سروس کا عملہ ماسک لازمی پہنیں۔ سی اے اے نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ عملے اور مسافروں کے ہاتھ کو سینیٹائز کیا جائے، مسافروں کے سامان کو بھی ڈس انفیکٹ کیا جائے۔ سی اے اے حکام نے کہا کہ منکی پاکس کی علامات والے مسافروں کو آئیسولیٹ کیا جائے۔ دوسری جانب جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی میں غیرممالک کے مسافروں کی منکی پاکس اسکریننگ کا عمل جاری ہے۔ کراچی ایئرپورٹ پر 24 گھنٹوں کے دوران بیرون ملک سے آنے والے کسی بھی مسافر میں منکی پاکس کے شواہد نہیں ملے ہیں۔

بعدالت جناب احسن شہزاد دھرل
تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال
درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 7 شمالی
متوفی: فیصل شہزاد ولد دوست محمد
وارثان فوت شدہ: دوست محمد (والد) صفیہ بی بی (والدہ)
زندہ: فرزانہ بی بی بیوہ، محمد ابوبکر، عبدالوہاب پسران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 8

ازالے کے حوالے سے کچہریوں کے نظام کو مؤثر اور نتیجہ خیز بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے حوالے سے بنائی گئی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس فی الفور طلب کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس کو پاور ڈویژن کے مختلف امور پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے حوالے سے ایس او پیز اور اسٹیئرنگ کمیٹی کو نوٹیفائی کردیا گیا ہے۔ اجلاس کو مزید آگاہ کیا گیا کہ اچھی کارکردگی دکھانے والے افسران کی پزیرائی کے حوالے سے پیکج تیار کیا جارہا ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر پاور اویس احمد خان لغاری اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 9

کی پریس کانفرنس پر ردعمل میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ علی امین گنڈاپور بالکل اپنے لیڈر کے نقشے قدم پر نہیں چل رہے، علی امین گنڈاپور اکیلے ہی کھا رہے ہیں لیکن کابینہ کو نہیں کھلا رہے، اسی بات کی لڑائیاں ٹاک شو اور پریس کانفرنس تک پہنچ گئی ہیں، دودھ کی رکھوالی پر بلے کو بٹھائیں گے تو بچے چیخیں تو ماریں گے، خیبر پختونخواہ میں سرکاری فنڈز کے حصے بانٹنے پر لڑائیاں ہورہی ہیں، یہ لوگ پختونوں کی قسمت بدلنے آئے تھے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مجھے حیرت بھی ہوتی اور ہنسی بھی آتی ہے کون بیوقوف اور ذہنی مریض ہیں جو ان سے امیدیں لگائے بیٹھے، جو ہیرے اور گوہر نایاب عمران اور بزدار کی کابینہ میں تھے ایسے ہی ہیرے گنڈاپور کی کابینہ میں ہیں، ان سب کو اپنی اپنی جیبیں بھرنے کی فکر ہے عوام چاہے مہنگی روٹی خریدیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

پر بوجھ ڈالنا پڑے گا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز نے کہا کہ آئی پی پیز کی گردن کاٹنا بھی چاہیں تو ٹیرف کنٹرول نہیں کر سکتے، کپیسٹی چارج دنیا میں کئی ممالک میں ہے، یہ پلانٹ اس وقت لگے جب 14، 14 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہورہی تھی۔ انھوں نے کہا کہ 30 یا 40 فیملیز کو بدنام نہیں کرنا چاہیے، یہ لوگ مشکل وقت میں ہمارے ساتھ کھڑے رہے، تحفظ نہیں دیں گے تو کوئی پاور پلانٹ نہیں لگائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ کیا تاجر اور زمیندار کو ٹیکس نہیں دینا چاہیے، ہم ملک کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ علی پرویز نے کہا کہ خساروں پر قابو نہیں پائیں گے تو عوام پر بوجھ ڈالنا پڑے گا، شہبازشریف اصلاحاتی ایجنڈے سے عوام کو آگاہ کریں گے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ وزیراعظم اور کابینہ تنخواہ نہیں لے رہے، بہت جلد اچھی خبریں آنا شروع ہوجائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

کے ذریعے آنے والوں کی کارکردگی سب کے سامنے ہے، وفاقی اور پنجاب حکومت کی کارکردگی اور منصوبے صرف بیانات تک محدود ہیں، عوام کو جب بھی موقع ملا وہ اپنے ووٹ کی طاقت سے ان کا محاسبہ کریں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک پر مسلط حکمران ٹولے کو اپنی سیاسی حیثیت کا اندازہ ہو چکا ہے، شکر ہے مسلم لیگ (ن) والوں نے نوازشریف کی رونمائی تو کی ہے، ملک اور عوام کو تنزلی کی اتھاہ گہرائیوں میں دھکیلنے والوں کی جانب سے ریلیف کے بیانات آنکھوں میں دھول جھونکنے سے زیادہ کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک سیاسی حقیقت ہے اور حکمران ٹولہ جتنی جلدی اس حقیقت کو تسلیم کرلے گا یہ ان کے لئے اتنا ہی اچھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے دور میں لوگوں کو مزید خوشخبریاں ملیں گی اور ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ قائد نوازشریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ یہ کوشش کی ہے کہ عوامی خدمت کی سیاست کی جائے اور اس سیاست کا مقصد عوام کو سہولیات دینا اور آسانیاں پیدا کرنا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے پنجاب میں بجلی کے بلوں میں عوام کو ریلیف کا بڑا پیکج دیا گیا ہے جبکہ 200 یونٹ والے صارفین کو وزیراعظم شہباز شریف پہلے ہی 50 ارب روپے کی سبسڈی دے چکے ہیں، آنے والے دنوں میں مہنگائی مزید کم ہوگی اور حالات مزید بہتر ہوں گے۔ ملک افضل کھوکھر نے میاں نوازشریف، شہبازشریف اور مریم نواز شریف کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کے بلوں میں ریلیف سے لوگ ان کے گرویدہ ہو گئے ہیں اور انشاء للہ وہ دن دور نہیں جب مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے دور میں لوگوں کو مزید خوشخبریاں ملیں گی اور ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 13

اسلام آباد کے 201 سے 500 یونٹ تک کے بجلی صارفین کو 14 روپے فی یونٹ کی کے حساب سے 45 ارب روپے کا ریلیف فراہم کیا جائے گا جو پنجاب حکومت اپنے بجٹ سے دے گی۔ ان خیالات کا اظہار سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے 90 شاہراہ قائداعظم لاہور پر منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ صدر مسلم لیگ ن نواز شریف، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پچھلے چار ماہ سے عوام کو ریلیف دینے کی سوچ اور ان کے دکھ درد کو کم کرنے میں مصروف عمل تھے جس کے تحت بجلی صارفین کیلئے اس تاریخی پیکج کا اعلان کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

لے گا، جو بھی انتشار پھیلانے کی سازش کا حصہ ہے اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے انتخابات میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 15

80% فیصد طالب علموں نے انگریزی زبان میں مضامین لکھے، یہ اچھی بات ہے لیکن ہمیں اپنی قومی زبان اردو کو فوقیت دینی چاہیے۔ قائد اعظم اکادمی نے ایک بار پھر اپنے آپ کو منوالیا ہے اور یہ اچھی روایت قائم کی ہے اس طرح کے پروگرام کرنے سے نوجوان نسل کو موٹیویشن ملتی ہے اور بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ ڈاکٹر اورنگزیب خان نے کتابوں کی نمائش بھی دیکھی اور بہت متاثر ہوئے اتنی بڑی تعداد میں تحریک پاکستان پر کتابیں اور پرانے اخبارات اور ڈاکومنٹس دیکھ کر کافی بڑی تعداد میں اسٹوڈنٹس اساتذہ اور عمائدین شہر نے دلچسپی کا اظہار کیا۔ انچارج قائد اعظم اکادمی جناب زاہد حسین ابڑو نے اپنے خطاب میں اکادمی کی کارکردگی بیان کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے سال بھی ہم نے تقریبا 12 سے 15 پروگرام کیے تھے انشاء اللہ اس سال بھی ہم تسلسل برقرار رکھیں گے اور زیادہ سے زیادہ نوجوان نسل کو شامل کریں گے۔ یونیورسٹیز اور کالجز کے ساتھ مشترکہ پروگرام سیمینارز کر کے تحریک پاکستان اور قائد اعظم کے ویژن کو نوجوان نسل تک پہنچائیں گے۔ یوم آزادی کے پروگرامات کے سلسلے میں 12 سے 16 اگست قائد اعظم اکادمی کی عمارت پر چراغاں کیا گیا، پاکستان اسٹڈی سینٹر کراچی یونیورسٹی کے اشتراک سے 12 اگست کو ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس کا عنوان تھا ××آزادی قربانی کے ساتھ××، اس موقع پر پاکستان اسٹڈی سینٹر کے ایم فل اور پی ایچ ڈی کے اسٹوڈنٹس نے اپنے اپنے مقالے پڑھے۔

بقیہ بقیہ جات 16

ایئر لائنز اور گراؤنڈ ہینڈلنگ سروس کا عملہ ماسک لازمی پہنیں۔ سی اے اے نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ عملے اور مسافروں کے ہاتھ کو سینیٹائز کیا جائے، مسافروں کے سامان کو بھی ڈس انفیکٹ کیا جائے۔ سی اے اے حکام نے کہا کہ منکی پاکس کی علامات والے مسافروں کو آئیسولیٹ کیا جائے۔ دوسری جانب جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی میں غیرممالک کے مسافروں کی منکی پاکس اسکریننگ کا عمل جاری ہے۔ کراچی ایئرپورٹ پر 24 گھنٹوں کے دوران بیرون ملک سے آنے والے کسی بھی مسافر میں منکی پاکس کے شواہد نہیں ملے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

کوشاں ہیں اور ان کی جدوجہد کے مثبت وتعمیری نتائج برآمد ہو رہے ہیں، جو ملک وقوم کیلئے خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم نوازشریف کی قیادت میں حکومت پاکستان کی ترقی و استحکام اور عوامی خوشحالی کیلئے بھرپور جدوجہد کررہی ہے اور صدر نوازشریف کا عوام کیلئے بجلی کے بلوں میں 200 سے 500 یونٹ تک کے صارفین کیلئے 14 روپے فی یونٹ کا ریلیف فراہم کرنے کیلئے ایک اہم اقدام اور جشن آزادی کا تحفہ ہے، سابق وزیراعظم نوازشریف کا سیاسی ریکارڈ گواہ ہے کہ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں ہمیشہ ملک وقوم کی بہتری کا سوچا اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی پنجاب حکومت کا بجلی کے بلوں میں ریلیف کیلئے 45 ارب روپے مختص کرنا احسن اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں پنجاب حکومت عوامی فلاح وبہبود کے کاموں میں دن رات مصروف ہے جبکہ اس کے برعکس پی ٹی آئی کی نام نہاد قیادت ملک میں سوائے انتشار پھیلانے کے کوئی کام نہیں کیا، یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ سابق وزیراعظم نوازشریف کے دور میں مہنگائی کنٹرول میں تھی اور عوام مطمئن تھے، ہمیشہ ایک حقیقی عوامی لیڈر صرف عوام کی بہتری کا سوچتا ہے، مہنگائی ختم کرنے کے لئے میاں نوازشریف نے خود عملی اقدام اٹھایا، بجلی کے بل میں ریلیف ابتداء ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

پی کارڈ ہولڈرز کی موجودہ تعداد 92 لاکھ کے قریب ہے، اب مزید 8 لاکھ افراد کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ اس سلسلے میں چاروں صوبوں کے مخصوص اضلاع میں ڈائنامک سروے جاری ہے، دور دراز علاقوں میں دفاتر قائم کیے جا رہے ہیں، اس ڈائنامک سروے میں بلوچستان کے لوگوں کو خصوصی رعایت مل رہی ہے۔ ڈائنامک سروے کے ذریعے مزید لوگ بی آئی ایس پی میں شامل کیے جائیں گے، سروے میں مستحق خواتین اور ان کے بچوں کی رجسٹریشن جاری ہے، سندھ، بلوچستان کے دور دراز ایریاز میں موبائل رجسٹریشن وہیکلز بھجوائی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

پاکستان اور تاجکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو تجارت، ثقافت اور تعلیم کے شعبوں میں فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان مشترکہ مذہب اور ثقافت کی وجہ سے گہرے برادرانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان ہر شعبے بالخصوص تجارت کے میدان میں تعلقات کو بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے محفوظ سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں اور تاجک سرمایہ کار سپیشل اکنامک فیسیلیٹیشن کونسل کے ذریعے کاروباری افراد کو دی گئی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہونا چاہیئے۔ انہوں نے کہا پاکستان میں اعلی معیار کا فرنیچر بنایا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

جمہوری عمل کو سبوتاژ کرنا اور سیاسی وعسکری قیادت پر الزام تراشی پی ٹی آئی کی قیادت کا وطیرہ ہے، جسے مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا، حکومت سازشی عناصر کا ہر حال میں راستہ روکے گی تاکہ ملک میں سیاسی وجمہوری عمل پروان چڑھ سکے اور شائستگی کی سیاست کو فروغ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے وجود میں آنے سے لیکر اب تک ملک میں ہرانتشار کے پیچھے اسی جماعت کا ہاتھ رہا ہے، اس وقت بھی اقتدار کے حصول کی خاطر جمہوری اقدار کو روند کر ملکی تعمیر وترقی خوشحالی اور سلامتی کے خلاف سازشیں کی جارہی ہیں، پاکستان کی ترقی کے دشمن قابل رحم نہیں ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ مسلم لیگی رہنما جمشید اختر شیخ نے مزید کہا کہ قوم جانتی ہے کہ پی ٹی آئی قیادت پاکستان کی تعمیر وترقی وخوشحالی ایک آنکھ نہیں بھاتی، پاکستان جن مشکلات سے دوچار ہے ایسے میں ذاتی پسند وناپسند کو پس پشت نہ ڈالا گیا تو حالات مزید خراب ہوں گے اور معاشی ترقی کی منزل دور ہوجائے گی، جس کا خمیازہ ملک وقوم کو بھگتنا پڑے گا، حکومت نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے کر پہل کی تاکہ سیاسی استحکام ممکن بنایا جاسکے مگر پی ٹی آئی نے اسے سنجیدہ لینے کے بجائے اپنی سیاسی دکانداری چمکانے کی خاطر حکومت کے خلاف سازشیں مسلسل جاری رکھی ہوئی ہیں اور اداروں کو بھی تضحیک کا نشانہ بنایا جارہا ہے، جس کی مزید اجازت نہیں دی جاسکتی، حالات نے ثابت کردیا ہے کہ پی ٹی آئی اور پاکستان ایک ساتھ نہیں چل سکتے اس فسادی ٹولے سے جلد از جلد چھٹکارا پانا ہوگا تبھی پاکستان میں سیاسی استحکام ممکن ہوسکے گا۔

بقیہ بقیہ جات 21

مچادی، کئی علاقوں میں سیلابی صورت حال ہے جبکہ پنجاب کے کئی اضلاع کے نشیبی علاقے زیر آب آگئے ہیں جبکہ ملک میں گزشتہ روز ہونے والی بارش کے دوران مختلف حادثات میں 11 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے، لاہور، فیصل آباد، ملتان، حیدرآباد، لاڑکانہ میں تیز بارش سے جل تھل ایک ہوگیا جبکہ لینڈ سلائیڈنگ سے سڑکیں بلاک ہوگئیں۔ ملک بھر میں گزشتہ روز ہونے والی بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں اب تک 11 افراد جاں بحق ہوگئے۔ راجن پور اور ڈیرا غازی خان کے کوہ سلیمان کے پہاڑی علاقوں میں موسلا دھار بارش سے ندی نالے بھر گئے۔ بلوچستان کے علاقوں توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی، قلعہ عبداللہ، پشین اور زیارت میں سیلابی ریلوں سے فصلوں کو نقصان پہنچا جبکہ دیواریں اور سولر پینلز گرنے سے 10 افراد زخمی ہوئے۔ چمن میں ریلوے ٹریک ریلے میں بہہ گیا جبکہ نوشکی میں ریلوے ٹریک میں شگاف پڑ گیا جس کی وجہ سے پاک ایران ریلوے رابطہ بھی منقطع ہوگیا۔ جیکب آباد کے علاقے گڑھی خیرو کے قریب نہر میں 70 فٹ چوڑا شگاف پڑ گیا، دھان کی فصل زیر آب آ گئی جبکہ خیرپور، سکھر اور مضافاتی علاقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی۔ گزشتہ روز سکھر میں سب سے زیادہ 172 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، بارش کی وجہ سے کئی علاقوں میں بجلی معطل ہوگئی۔

بقیہ بقیہ جات 22

سلسلے میں اسکریننگ جاری ہے۔ بارڈر ہیلتھ سکیورٹی کی شفٹ انچارج ڈاکٹر سمعیہ کے مطابق گزشتہ 2 روز سے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بیرون ممالک سے پہنچے تمام مسافروں کی اسکریننگ کا عمل جاری ہے۔ اس سلسلے میں ریکارڈ بھی مرتب کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 24 گھنٹوں کے دوران بیرون ملک سے آنے والے کسی بھی مسافر میں منکی پاکس کے شواہد نہیں ملے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی ہیلتھ بارڈر سکیورٹی اور صوبائی طبی عملہ مسافروں کی اسکریننگ کیلئے مستعد ہے۔ مسافروں کے باڈی ٹیمپریچر کی خودکار تھرمل اسکیننگ مشین سے چیکنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مسافروں کے ہاتھوں اور بازوؤں پر منکی پاکس کی علامات کی مینول طریقے سے چیکنگ کی جاتی ہے۔ مشتبہ مریض کے تفصیلی معائنے کے لیے آئسولیشن روم بھی ایئرپورٹ پر فعال ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

بارشوں کے باعث سبی ہرنائی ریلوے سیکشن 21 جولائی سے بند پڑا ہوا ہے، اس سیکشن کی از سرنو تعمیر پر ریلوے نے ایک سال قبل تقریباً 4 ارب روپے خرچ کیے تھے۔ کوئٹہ تفتان ریلوے سیکشن پر سیلابی پانی نوشکی کے قریب ٹریک بہا کرلے گیا، ریلوے لائن پر شگاف پڑنے کے باعث ٹرینوں کی آمدورفت معطل کردی گئی ہے۔ ادھر کوئٹہ چمن ریلوے سیکشن پر ریلوے پٹری کئی مقامات پر بہہ گئی جس کے باعث کوئٹہ چمن ٹرین سروس کو معطل کر دیا گیا ہے۔ اس وقت کوئٹہ ڈویژن میں صرف ایک ٹرین جعفر ایکسپریس ہے جو پشاور کیلئے چلائی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

شامل ستارہ ٹیکسٹائل ملز سمیت سو سے زائد چھوٹی بڑی فیکٹریاں بند ہوگئی ہیں۔ پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے گروپ لیڈر چوہدری سلامت کے مطابق برآمدات بڑھانے کیلئے عالمی حالات نہایت سازگار ہیں لیکن یہاں اگلے ماہ تک باقی ملز بھی بند ہوجائیں گی۔ چوہدری سلامت کا کہنا تھا کہ ٹیکسٹائل یونٹس کی بندش سے مجموعی طور پر شہر میں ڈیڑھ سے دو لاکھ مزدور بے روزگار ہوئے ہیں۔ اگر حکومت بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کرکے مارک اپ ریٹ کو سنگل ڈیجٹ پر نہ لائی تو جو انڈسٹری چل رہی ہے وہ بھی بند ہو جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت زیادہ تر فیکٹریوں کو ایکسپورٹ آرڈرز ملنا بند ہو چکے ہیں اور وہ پہلے سے بک کیے گئے آرڈرز کی تیاری تک محدود ہیں جس کے بعد اگلے ماہ تک مزید انڈسٹری بند ہو جائے گی۔ اس حوالے سے پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے پیٹرن چیف خرم مختار نے کہا کہ حکومت ریفنڈز ادا، بجلی، گیس سستی، مارک اپ ریٹ سنگل ڈیجٹ پر لائے، سب ٹھیک ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ستارہ ٹیکسٹائل کا ایک یونٹ کچھ عرصہ قبل بند ہو چکا ہے جبکہ گزشتہ روز بند ہونے والے یونٹ سے مزید 900 ملازمین بیروزگار ہو گئے ہیں۔ جن ٹیکسٹائل ملز میں پیداواری عمل جاری ہے وہاں بھی پیداوار کو 40 فیصد تک محدود کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

کے نام سے ایک پروگرام شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ گوگل فار اسٹارٹ اپس کا مقصد دنیا بھر میں ترقی پذیر، متنوع، اور دیگر اسٹارٹ اپ کمیونیٹیز کی مدد کرنا ہے، اے آئی اکیڈمی کا قیام گوگل کروم بک ایشیٹو کی پہلی کامیابی ہےجس کے بعد مزید پراجیکٹس کا آغاز بھی کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 26

اوسط پیداوار 20000 میگاواٹ تھی جس میں سے 35 فیصد بجلی یعنی 7000 میگاواٹ ہائیڈل ذرائع سے حاصل کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ جولائی میں بجلی کی پیداواری لاگت 9 روپے تین پیسے فی یونٹ رہی، جب ایندھن کی قیمت 9.03 روپے فی یونٹ ہے تو بل کیسے 40، 60، یا 80 روپے فی یونٹ تک پہنچ رہے ہیں؟ سابق نگراں وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کے پاس 000,43 میگاواٹ سے زیادہ بجلی کی پیداواری صلاحیت ہے، لیکن بنیادی مسئلہ مجموعی بدانتظامی کے ساتھ پیدا نہ ہونے والی بجلی کے استعدادی چارجز کی ادائیگی ہے، کپیسٹی چارجز سے رہائشی، تجارتی، صنعتی، اور زرعی تمام صارفین متاثر ہو رہے ہیں، پاکستان صرف اس بجلی کی ادائیگی کر سکتا ہے جو حقیقت میں پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کو تمام صارفین رہائشی، کمرشل، صنعتی اور زرعی کو انصاف دینا ہے، اب سب دم توڑ رہے ہیں، پنجاب حکومت کا 500 یونٹس کے صارفین کو 2 ماہ کے لیے 14 روپے فی یونٹ ریلیف دینا قابل تعریف ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

جسٹس چوہدری محمد اقبال اور جسٹس طارق سلیم کی سربراہی میں دو ڈویژن بنچز تمام نوعیت کی اپیلوں پر سماعت کریں گے، جسٹس چوہدری محمد اقبال، جسٹس ساجد محمود سیٹھی، جسٹس طارق سلیم شیخ اور جسٹس شکیل احمد بطور سنگل بنچ کیسز کی سماعت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 28

تبدیلیوں کا شکار ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکھر اور لاڑکانہ کے نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی کو یقینی بنایا جائے، خیرپور ضلع میں ڈیم کے بند میں شگاف کے معاملے پر فوری تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیم کے شگاف سے متاثر ہونے والوں کو فوری امداد پہنچائی جائے، محکمہ ریلیف اینڈ ری ہیبلی ٹیشن اور پی ڈی ایم اے متاثرین کی امداد کے لیے ذمے داری نبھائیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی بارش متاثرین کو اکیلا نہیں چھوڑے گی۔

بقیہ بقیہ جات 29

سے اس کی رفتار متاثر ہوئی، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تحت ملک میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہو رہا ہے، تمام تر معاشی مشکلات کے باوجود آئی ٹی شعبے کے مطالبات پورے کیے گئے اور اس کے لیے 60 ارب کا بجٹ مختص کیا گیا، اے آئی پالیسی بہت جلد منظر عام پر آئے گی، سیمی کنڈکٹر کی پالیسی پر بھی کام کیا جارہا ہے، 5 جی اسپیکٹرم کی نیلامی بہت جلد ہوگی، انٹرنیٹ کو بہتر بنانے کے لیے 4 نئی کیبلز لائی جارہی ہیں، جب کیبلز آجائیں گی تو پاکستان میں انٹرنیٹ معیاری سطح پر ملے گا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کی میڈیا ٹاک کا مقصد حکومت نے آئی ٹی کے حوالہ سے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ملکی تاریخ میں سب سے زیادہ آئی ٹی برآمدات ہوئیں، گزشتہ مالی سال برآمدات کا حجم 6.2 ارب ڈالر تھا تاہم رواں سال برآمدات کا حجم 2.3 ارب ڈالر سے زائد رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ پر پوری قوم کو مبارکباد دیتی ہوں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ میں تمام نوجوانوں، بچوں اور بچیوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے اپنی محنت اور کاوشوں سے اس ہدف کو ممکن بنایا، حکومتی اقدامات کی وجہ سے یہ ہدف پورا ہوسکا ہے، آپ کو اس حوالہ سے آگاہ کرنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور ایس آئی ایف سی کی ہدایات کے تحت اہم ترجیحات طے کی گئیں تاکہ ملک میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری آئے اور صنعتی شعبہ ترقی کرے، ان میں آئی ٹی کا شعبہ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

اسمبلی کی آئندہ ہفتے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا امکان ہے۔ کے پی حکومت نے بانی پی ٹی آئی کو عاطف خان اور جنید اکبر سے متعلق شکایت کی ہے۔ عاطف خان اور جنید اکبر نے برطرف وزیر شکیل خان کے حق میں بیان دیا تھا۔ دونوں اراکین اسمبلی نے شکیل خان کے برطرفی کے فیصلے سے اختلاف کیا تھا۔ ادھر مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف نے بانی پی ٹی آئی کے برہم ہونے کی تصدیق کی ہے۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے پارٹی میں گروپ بندی کا تاثر دینے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بیرسٹر سیف نے یہ تصدیق بھی کی ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے عاطف خان اور جنید اکبر کو اڈیالہ جیل بلایا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

سے ملاقات ہوئی۔ اعلامیے کے مطابق لیاقت بلوچ اور احسن اقبال کی دھرنا معاہدہ مذاکرات پر بات ہوئی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ مذاکراتی کمیٹی کا اجلاس جلد ہو گا۔ لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ فارم 45 اور فارم 47 کا تنازع حکومتوں کو بے وقعت بنا چکا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

انجمنوں کا اجلاس طلب کرلیا، جن میں انجمن تاجران سینٹرل کراچی، لانڈھی کورنگی بزنس فورم، تاجر اتحاد گلشن، گلشن حدید، لیاقت آباد، کریم آباد، پاپوش نگر، ناظم آباد، عائشہ منزل، واٹر پمپ، نیو کراچی، یوپی، نارتھ کراچی، گلشن اقبال، شاہ فیصل، اورنگی ٹاؤن، کورنگی لانڈھی، ملیر، گلستان جوہر اور دیگر مارکیٹوں کے تاجر وجیولرز نمائندگان شریک ہوں گے۔ مشترکہ اجلاس 21 اگست بروز بدھ سہ پہر 3 بجے لیاقت آباد سیکریٹریٹ میں صدر محمد حسین قریشی کی زیرصدارت منعقد ہوگا۔ اجلاس میں تجارت ومعیشت کش آئی پی پیز معاہدوں، بجلی وگیس کے ظالمانہ ٹیرف وبھتہ نما ٹیکسوں کی بھرمار، ایف بی آر کو بلیک میلنگ نما بے لگام اختیارات دینے اور کاروباری ابتری کے باوجود جبراً ایڈوانس ٹیکس وصولی جیسے بھیانک فیصلوں پر تفصیلی غور خوص کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 33

ہے، ایف سی ساؤتھ نے مشکل حالات میں امن کیلئے مثالی خدمات انجام دی ہیں، بلوچستان کی خوشحالی و ترقی پائیدار امن سے منسلک ہے۔ نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لئے جامع اقدامات کی ضرورت ہے، بلوچستان میں کرکٹ اور دیگر کھیلوں کے مقابلوں سے نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ گزشتہ روز وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے تربت میں واقع فرنٹیئر کور ساؤتھ بلوچستان کے ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ فرنٹیئر کور ساؤتھ کے انسپکٹر جنرل میجر جنرل بلال سرفراز خان نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا استقبال کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے فرنٹیئر کور ساؤتھ کے ہیڈکوارٹر میں یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر داخلہ نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی۔ انہوں نے فرنٹیئر کور کے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے فرنٹیئر کور ساؤتھ ہیڈ کوارٹر میں اہم اجلاس کی صدارت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ کو فتنۃ الخوارج کے خلاف آپریشنز اور انسداد سمگلنگ کی کارروائیوں کے بارے بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں قیام امن اور انسداد سمگلنگ کیلئے فرنٹیئر کور ساؤتھ کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں ایف سی ساؤتھ فرنٹ لائن پر ہے، فرنٹیئر کور نے مشکل حالات میں امن کیلئے مثالی خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فرنٹیئر کور ساؤتھ کے افسران اور جوان بلوچستان میں امن کے لئے ہراول دستے کا کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں یہ نہیں کہتا کہ ثاقب نثار اور جنرل ریٹائرڈ باجوہ کو کٹہرے میں لایا جائے گا، انکوائری میں جو آئے گا وہ کٹہرے میں بھی آئے گا۔

بقیہ بقیہ جات 35

یہ سلسلہ جاری اور ساری ہے۔ 21 جولائی سے 17 اگست تک 32200 افغان باشندوں میں 826,11 مرد، 9320 خواتین اور 054,11 بچے اپنے ملک چلے گئے۔ افغانستان روانگی کے لیے 674 گاڑیوں میں 732 خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

نام محمد علی رکھا ہے جو انسان کی بات کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور حسنین کی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے لیے جذبے کا ثبوت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کنکشن منقطع کیے۔ مردان میں ریجنل ٹیم نے 5 کنکشن منقطع کیے اور 1 لاکھ 60 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ شیخوپورہ میں گیس چوری کے کیسز میں 4 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 8 کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ فیصل آباد میں ٹیم نے 2 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 40 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔

بقیہ بقیہ جات 38

کے ذریعے فتنہ الخوارج کو واپس لانے کے فیصلے ملک دشمنی کی بدترین مثال ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ملک دشمن ایجنڈے پر کاربند فارن فنڈڈ جماعت نے پہلے سائفر کے ذریعے ملک کی خارجہ پالیسی کو نقصان پہنچایا اور اب ملک کی سالمیت اور بقا کو نقصان پہنچانے کے لئے اپنے غیرملکی آقاؤں کا سہارا لے رہی ہے، مذکورہ بھارتی صحافی پاکستان مخالف جذبات رکھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

نواز فاروقی، مولانا خالد محمود قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ مبارک ثانی کیس میں حکومت پنجاب کی جانب سے نظر ثانی اپیل کو بطور ریفرنس سپریم کورٹ کو بھیجنے کے فیصلے کا ہم بھرپور خیر مقدم کرتے ہیں اس اقدام سے نہ صرف عدلیہ کی راہنمائی حاصل ہوگی بلکہ معاملے کی گہرائی میں جاکر ایک درست اور منصفانہ فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی اس فیصلے سے یہ توقع بھی کی جارہی ہے کہ قومی سطح پر موجود قانونی اور مذہبی تنازعات کو حل کرنے میں ایک اہم پیش رفت ہوگی، جس سے معاشرتی امن وامان کو فروغ ملے گا اور عوام کا عدلیہ پر اعتماد مزید مستحکم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے قادیانی کیس میں نظر ثانی اپیل کو سپریم کورٹ کے سامنے بطور ریفرنس پیش کرنے کا فیصلہ ایک دور اندیش اقدام ہے، جو آئینی اور قانونی اصولوں کی روشنی میں اس معاملے کے منصفانہ حل کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 40

مولانا قاری اعظم حسین نے نہ صرف قبول کیا بلکہ بھرپور شرکت وخدمات کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا شہید ناموس رسالت وشہید پاکستان مولانا سمیع الحق شہید اور انٹرنیشنل ختم نبوت کے قائدین کا باہم تعلق وعقیدت کسی سے مخفی نہیں وہ سب بھی اور ہم سب بھی ناموس رسالت وعقیدہ ختم نبوت کے پروانے تھے اور ہیں اور ان شاء اللہ رہینگے بھی، مولانا قاری اعظم حسین نے جمعیت لاہور کے سیکرٹری اطلاعات قاری رحمت اللہ لاشاری کو کانفرنس کی کامیابی کے لیے خصوصی ٹاسک دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 41

2024 '' کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ٹیل کے چیئرمین قاری حبیب الرحمن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدر واصف علی شیخ، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمن زبیری، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمن، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران صدیق بٹ، محمد شفیق راجپوت اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 7 ای کا فارم تمام ٹیکس پیئرز کو بھرنا ہوگا جبکہ سیون ای کا قانون کہتا ہے کہ جن کے اثاثے ڈھائی کروڑ سے زیادہ ہیں اپنا ذاتی گھر اور کاروباری جگہ ہو وہ 7 ای کا فارم جمع کرائے، جبکہ جن کے اثاثے ڈھائی کروڑ سے کم ہیں تو پھر وہ 7 ای کا فارم کیوں بھرے۔ انہوں نے کہا کہ مشاہدے میں آیا ہے کہ ایف بی آر جان بوجھ کر مشکلات پیدا کررہا ہے تاکہ لوگ بروقت اپنا گوشوارہ جمع نہ کراسکیں اور لیٹ فائلر کی کیٹیگری میں چلے جائیں۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ ایف بی آر انکم ٹیکس گوشوارہ لینے کے لیے سسٹم میں آسانیاں پیدا کرے تاکہ لوگ آسانی کے ساتھ اپنا گوشوارہ جمع کرواسکیں لیکن اس کے برعکس رویہ اپنایا جاتا ہے۔ اپیل ہے کہ حکومت ایف بی آر کو ٹیکس پیئرز کے لیے پیچیدگیوں سے پاک آسان گوشوارے کی راہیں ہموار کرنے کی ہدایات دے۔

بقیہ بقیہ جات 42

منتقل کر دیا گیا۔ حادثے کے نتیجے میں مرنے والے نوجوان کی شناخت 22 سالہ ولی اللہ کے نام سے ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 43

عائد کرتے ہوئے لواحقین نے بتایا کہ عملے نے لاش کو وینٹی لیٹر پر منتقل کیا اور آپریشن کی فیس ادا نہ ہونے تک والدین کو لاعلم رکھا۔ لواحقین نے الزام عائد کرتے ہوئے مزید کہا کہ 3 دن تک ڈاکٹرز بتاتے رہے کہ بچہ زندہ ہے، ہم سے ڈھائی لاکھ روپے فیس لی گئی، اور فیس لیتے ہی بتایا گیا کہ بچے کا انتقال ہوگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

مشتمل سیف الاسلام ڈیپارٹمنٹ آف نیورولوجی اینڈ اسٹروک یونٹ اور سندھ حکومت کی جانب سے سائبر نائف کے نئے یونٹ کا افتتاح کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کے لیے استعمال کریں۔ ہمارا فرض ہے کہ نوجوانوں کو صلاحیتیں نکھارنے، خوشحال، پرامن اور ترقی پسند پاکستان کی تعمیر کیلئے مواقع اور وسائل فراہم کریں۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ پیپلز پارٹی پورے ملک کی نمائندہ سیاسی جماعت ہے جو ملک کو درپیش مسائل اور بحرانوں سے نکالنے کی ضمانت ہے، جیالے عوامی خدمت کررہے ہیں۔ پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوامی حقوق کے لئے آواز بلند کی ہے، عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہم اپنا سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہیں۔ ہم انشااللہ کوشش کررہے ہیں کہ عوامی مسائل کو اجاگر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک میں عوام کے حقوق کی حفاظت اور وسیع تر قومی اتفاق واتحاد کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 46

ن وسنت کا نظام نافذ کیا جائے، ملک کی ترقی استحکام اور خوشحالی کیلئے ہمیں قرآن وسنت کے اصولوں کو ریاستی پالیسیوں کا حصہ بنانا ہوگا، اگر ملک میں نظام مصطفےٰ عملی طور پر نافذ ہو جائے تو ہم ایک مضبوط، خودکفیل اور خوشحال قوم بن سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قیام وطن کا اصل مقصد خطے میں نفاذ اسلام تھا اور قائداعظم نے بھی فرمایا تھا کہ یہاں قرآن وسنت اور خلافت راشدہ کا نظام نافذ کیا جائے گا، پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے اور ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے والے اسلامی تعلیمات سے دور اور وطن کی محبت سے عاری ہیں۔ بحرانوں سے نجات حاصل کرنے اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن وسنت کے اصولوں پر مبنی ایک جامع نظام نافذ کیا جائے، جو نہ صرف معاشرتی انصاف اور امن کو فروغ دے بلکہ سیاسی، معاشی اور سماجی مسائل کے حل کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے اس نظام کے نفاذ سے قوم کو وہ راہ دکھائی جا سکے گی جو حقیقی فلاح وبہبود کی طرف لے جائے اور تمام شعبہ ہائے زندگی میں اسلامی تعلیمات کے عین مطابق فیصلے کیے جاسکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

ہیں انتظامیہ سے اجازت لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم گارنٹی دیتے ہیں جلسے کی وجہ سے امن وامان کا ماحول خراب نہیں ہوگا، کوشش کریں گے ہماری طرف سے قانون کی پامالی نہ ہو اور تمام معاملات پرامن طریقے سے مکمل ہو جائیں۔ بیرسٹر سیف کا خیبر پختونخوا میں پارٹی اختلافات کے حوالے سے اپنے ردعمل میں کہنا تھا کہ شکایات کی گئیں کہ پختونخوا کے کچھ محکموں میں کرپشن ہو رہی ہے، کچھ لوگوں نے جیل میں بانی پی ٹی آئی سے مل کر کرپشن کی شکایات کیں، بانی پی ٹی آئی کو پریس کانفرنس کے ذریعے پیغام دینے کا کہا، عاطف خان، اسد قیصر سمیت دو لوگ ہی تھے جو بانی پی ٹی آئی سے ملے، عمران خان نے کہا ہے کہ میری طرف سے کرپشن کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے شکیل خان کو برطرفی کی سمری گورنر کو بھیجی، تحقیقاتی کمیٹی نے شکیل خان کو مورد الزام ٹھہرایا، کمیٹی بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر بنائی گئی، کمیٹی نے دو ہفتوں کے دوران متعدد افراد کے بیانات لیے، کمیٹی کی سفارشات پر ہی کارروائی آگے بڑھائی گئی، کمیٹی نے کہا شکیل خان کے خلاف جو شکایات تھیں، وہ اس میں ملوث پائے گئے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر ایسا تاثر دیا گیا کہ پی ٹی آئی میں اختلافات ہیں، برطرفی سے قبل ہی شکیل خان نے استعفیٰ دیا، شکیل خان نے اسی تناظر میں پریس کانفرنس کی اور تحفظات کا اظہار کیا۔ بیرسٹر سیف کا مزید کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا اپنے ہی لوگ پارٹی فیصلوں پر میڈیا میں جا رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی نے کہا مصدق عباسی سے کہیں دلیری سے کھڑے رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

مناظر، 34 فیصد انواع واقسام کے کھانوں اور ذائقوں جبکہ 29 فیصد ملک کے خوبصورت سیاحتی مقامات کے معترف نظر آئے۔ سروے میں 19 فیصد پاکستانیوں نے شہروں کی جغرافیائی حدود، 16 فیصد نے اسلامی شناخت جبکہ 10 فیصد نے عوام کے جذبہ حب الوطنی کی تعریف کی اور اسے پاکستان میں سب سے زیادہ پسندیدہ چیز کہا۔

بقیہ بقیہ جات 49

افضال عظیم پاہٹ، رانا جاوید، جاوید عمر، ملک توصیف عباس کھوکھر بھی کونسل کے ممبر ہوں گے۔ یاسر گیلانی، اویس انجم، علی امتیاز وڑائچ، حافظ فرحت عباس، سلمان اکرم راجہ اور ڈاکٹر یاسمین راشد کو بھی کونسل میں شامل کیا گیا ہے، میاں اسلم اقبال، چودھری اصغر گجر، احمر بھٹی، اعظم خان نیازی، عظیم اللہ خان بھی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر نامزد کئے گئے ہیں۔ اسی طرح فرخ جاوید، شبیر احمد، یوسف میو، خالد گجر، ندیم عباس بارا اور ہارون اکبر کو بھی ایگزیکٹو کونسل میں شامل کیا گیا ہے۔ ایگزیکٹو کونسل پارٹی کو فعال اور مضبوط بنانے کیلئے کام کرے گی، کونسل بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت پر عمل درآمد کیلئے اقدامات کو بھی یقینی بنائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 50

کے ساتھ کھڑے ہیں۔ جس جس نے پاکستان کو لوٹا یا ملک سے غداری کی، اسے انصاف کے کٹہرے میں لاکر پائی پائی کا حساب لیا جائے۔ جمعیت علما اہل حدیث کے چیئرمین قاضی عبدالقدیر خاموش ودیگر حاجی عبدالغفار سلفی، علامہ عبدالخالق فریدی، ثنا اللہ ڈار، ابوبکر قدوسی، حاجی محمد ایوب، حافظ عبدالباسط ودیگر نے کہا ہے کہ جنرل رفیض حمید کے خلاف کارروائی بہترین اقدام ہے فیض حمید کے خلاف کارروائی ثابت کرتی ہے ادارہ خود احتسابی پر یقین رکھتا ہے، فوج اپنا احتساب کا نظام رکھتی ہے۔ فیض حمید کے خلاف کارروائی سے پاک فوج امیج بہتر ہوا ہے۔ جنرل باجوہ اور فیض حمید نے اپنے اقدامات سے فوج کے تشخص کو خراب کیا سپہ سالار حافظ عاصم منیر نے جرات مندانہ اقدامات سے پاک فوج کا امیج بہتر بنایا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

0.55 ارب روپے جبکہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران 0.47 ارب روپے تھا) جو ایک سازگار پورٹ فولیو مکس، مؤثر مارکیٹ سرمایہ کاری اور تقسیم کے توسیع کی وجہ سے ممکن ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 52

جائزہ لینے کے لیے اہم تیکنیک ہے اور اسی موضوع پر اس ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

محمود، اسسٹنٹ کمشنر منکیرہ محمد سلیم اور سیکشن آفیسر ویلفیئر ونگ محکمہ سروسز عادل عمر کی خدمات کمشنر لاہور ڈویژن کے سپرد کردی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

جاں بحق ہوگیا، گڑہی خیرو کے علاقے پنھوں بھٹی میں بارش کے باعث کئی دیہاتوں میں پانی داخل ہونے کی وجہ سے 600 سے زائد گھروں اور سینکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصل زیر آب آگئی ہیں جس کے باعث علاقہ مکینوں نے نقل مکانی شروع کردی ہے، بارش کا پانی دیہاتوں میں داخل ہونے کی وجہ سے متعدد مکانات بھی منہدم ہوچکے ہیں، ضلع کے مختلف علاقوں میں بارشوں سے کئی نہروں میں طغیانی کے باعث کئی مکانات اور زرعی زمینیں زیر آب آچکی ہیں، بارش کی وجہ سے جیکب آباد شہر کی سڑکیں اور بازار تالاب کی صورت اختیار کرچکے ہیں بارش کا پانی نکالنے کے لیے میونسپل کا عملہ نظر نہیں آرہا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، بارشوں کے باعث بجلی کا نظام درہم برہم ہوچکا ہے، شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ بارش کا پانی نکالنے کے لیے اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

قانون اور جمہوریت کی عدم موجودگی کے نتیجہ میں عوام اپنے حقوق سے محروم ہیں، آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کا فقدان ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین، قانون اور جمہوریت کی عدم موجودگی نے عوام کو مایوسی اور ناامیدی کی طرف دھکیل دیا ہے، جس سے قومی یکجہتی کو شدید خطرات لاحق ہو چکے ہیں۔ اگر جلد از جلد اس صورتحال کا سدباب نہ کیا گیا تو اس کے نتائج انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں، بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑھ رہا ہے کہ ایک طرف ملک شدید مالی وسیاسی بحران کا شکار ہو چکا ہے دوسری طرف ملک کے ساتھ نت نئے تجربے کئے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

آباد پولیس اسٹیشن میں تفتیش کے سلسلے میں بلائی گئیں خواتین کے سامنے پولیس افسر نے وردی تبدیل کی، شعبہ تفتیش کے افسر کی غیر اخلاقی حرکت کی ویڈیو سامنے آگئی۔ پولیس افسر کی غیر اخلاقی حرکت دیکھ کر تھانے میں موجود خواتین شرمسار ہوگئیں۔ پولیس افسر اے ایس آئی پرویز نے خواتین کے درمیان تنازع پر درج مقدمے کی تفتیش کے سلسلے میں خواتین کو تھانے بلایا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 57

طلاع ملنے پر پولیس، لائف گارڈز اور ایدھی فاؤنڈیشن کے رضا کار موقع پر پہنچے اور نوجوان کی لاش سمندر سے ریسکیو کر لی گئی۔ ایس ایچ او ماڑی پور چوہدری طفیل کے مطابق متوفی نوجوان کی شناخت 20 سالہ محمد اسماعیل ولد محمد فاروق کے نام سے کی گئی، متوفی نوجوان گارڈن کا رہائشی تھا اور دوستوں کے ہمراہ پکنک پر ہاکس بے سینڈز پٹ کے مقام پر آیا ہوا تھا جہاں سمندر میں نہاتے ہوئے بلند لہروں کی نذر ہوگیا۔ پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد متوفی نوجوان کی لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 58

چارج کیے گئے ہیں جن کی مالیت 1 کروڑ 22 لاکھ 49 ہزار 191 روپے بنتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

ل نے پاکستان سنی تحریک لاہور کے ذمہ داروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب ختم نبوت پر ایمان رکھتے ہیں اور ہمارے ایمان کا تقاضا بھی یہی ہے کہ پیارے نبی آقائے دوجہاں اللہ پاک کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ علمائے مشائخ نے ہر پلیٹ فارم پر ختم نبوت کے انکاریوں کو شکست دی ہے۔ ختم نبوت کے انکاری پر پیگنڈے کے ذریعے اپنے آپ کو مسلمان کہلواتے ہیں۔ مگر ہمارا دین اس کی اجازت نہیں دیتا جو ختم نبوت پر ایمان نہیں رکھتا وہ دائرہ اسلام سے باہر ہے۔ تمام مکاتب فکر کے علمائے علما کرام اس بات پر متفق ہیں کہ آقائے دوجہاں کے بعد کوئی دوسرا نبی نہیں آئے گا۔ مگر قادیانی اور احمدی ٹولہ اپنے مذہب کا پرچار کرنے کے لیے پاکستانی آئین اور قانون کو گمراہ کررہے ہیں۔ پاکستان سنی تحریک کسی قیمت پر ختم نبوت کے انکاریوں کی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

بقیہ بقیہ جات 60

کرتے ہوئے کیا سندھ سیکریٹریٹ ایمپلائز نان گزیٹڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر نظر جلالانی نے کہا کہ ایمپلائز کی فلاح وبہبود کیلئے ہرممکن اقدامات کررہے ہیں۔ ان کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے جامعہ منصوبے پر مکمل عمل درآمد کررہے ہیں۔ جنرل سیکریٹری مخدوم ولی محمد نے کہا کہ زندہ قومیں اپنا جشن آزادی بھرپور انداز میں مناتی ہیں سینوا ہر سال جشن لطیف جشن آزادی سمیت دیگر پروگرام ترتیب دیتی ہے علاوہ ازیں شام میں موسیقی کے پروگرام میں فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 61

مشرقی اور شمال مشرقی علاقوں کو متاثر کررہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے گھوٹکی، سکھر، خیرپور، کشمور، جیکب آباد، شکارپور، لاڑکانہ، قمبر، شہداد کوٹ، نوشہرہ فیروز، شہید بینظیر آباد، میرپورخاص، عمرکوٹ، سانگھڑ، جامشورو اور دادو میں وقفے وقفے سے گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ موسم کی یہ صورتحال 19 اگست تک برقرار رہے گی۔ تھرپارکر، ٹھٹھہ، بدین، حیدرآباد، میاری، ٹنڈو اور محمد خان، کنڈ اور امیار، سجاول کے اضلاع میں 19 اگست تک گرج چمک کے ساتھ بارش اور کراچی میں آندھی کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گھوٹکی، سکھر، خیرپور، کشمور، جیکب آباد اور شکارپور سمیت نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے کا خدشہ ہے۔ جس سے سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ بارش، تیز ہواؤں، آسمانی بجلی کی وجہ سے کچے مکانات کی چھتیں اور دیواریں گرسکتی ہیں۔ بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز، گاڑیوں اور سولر پینلز کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ کسانوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ موسم کی پیشگوئی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی سرگرمیوں جاری رکھیں۔ متعلقہ حکام کو بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رکھا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ کراچی میں موسم زیادہ تر ابر آلود رہے گا۔ اس دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اس دوران شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 سے 32 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہے گا۔

بقیہ بقیہ جات 62

طور پر ایران سے یورپ جانے کی کوشش کررہے تھے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزمان تنویر نامی ایجنٹ سے رابطے میں تھے، ملزمان سربین ایمبیسی میں انٹرویو کی آڑ میں ایران جارہے تھے۔ ملزمان کے انٹرویو کی اپوئنٹمنٹ کی تاریخ 15 اگست تھی جو کہ گزر چکی تھی، ملزمان میں غلام غوث اور حارث حسن شامل ہیں جبکہ یورپ جانے کیلئے ایجنٹ کو فی کس 18 لاکھ روپے ادا کیے۔ ملزمان کو ایجنٹ کی نشاندہی اور مزید قانونی کارروائی کیلئے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی منتقل کردیا گیاہ

بقیہ بقیہ جات 63

اور محکمہ کھیل کی جانب سے کھلاڑیوں کی گراس روٹ لیول پر تربیت بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلوں میں ان کی عدم رسائی کے باعث باصلاحیت پلیئرز ملک وقوم کا نام روشن کرنے سے محروم ہیں ارشد ندیم نے حکومتی سرپرستی کے بغیر اپنی محنت سے پیرس اولمپک میں شرکت کرکے گولڈ میڈل جیتا ہے رئیس خان نے مزید کہا کہ حکومت کی اسپورٹس پالیسی ناکام ہوگئی ہے جو کھلاڑیوں کو اپنے اپنے اسپورٹس کے شعبوں میں آگے بڑھانے کے بجائے ان کا استحصال کررہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ پلیئرز کو کھیلوں کے مواقع ان کی حوصلہ افزائی، تربیت اور بین الاقوامی مقابلوں میں ان کی شرکت یقینی بنائی جائے تو جیولن تھرو کی طرح دیگر مقابلوں میں باصلاحیت کھلاڑی گولڈ میڈل حاصل کرینگے۔

بقیہ بقیہ جات 64

کے نوجوانوں کو روزگار نہ دیا انفراسٹرکچر درست نہ کیا تو ہم کراچی کو الگ انتظامی یونٹ بنانے کے لیے جدوجہد کریں گے انہوں نے مطالبہ کیا کہ سندھ میں جتنے ڈویژن ہیں اتنے انتظامی یونٹ بنائے جائیں۔ ڈائریکٹر ویلفیئر عبدالوحید نے تمام این جی اوز کو یقین دلایا کہ ان کے کام جلد از جلد اور آسانی سے کر دیے جائیں گے۔ سکریٹری جنرل ڈاکٹر ضمیر نے کراچی کے لوگوں کے ساتھ مل کر ان کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کرنے کا اعلان کیا۔ سندھ این جی اوز الائنس کے ڈاکٹر درانی نے کراچی گرینڈ الائنس کے ساتھ کام کرنے کا عہد کیا۔ آرگنائزر تحسین کمال نے تمام لوگوں کا اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں تمام این جی اوز کا شکریہ ادا کیا۔ یوسف امام، منظور شیخ، عادل عباسی، نعیم عباسی، شاکر رضا، سرراشد، ممتاز قریشی، ڈاکٹر شعور ودیگر رہنماں نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 65

حساس اشاریہ 03.322 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو پیوستہ ہفتے میں 54.322 پوائنٹس تھا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران ملک میں روزمرہ استعمال کی 13 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی جبکہ 19 کی قیمتوں میں استحکام رہا، اس کے برعکس 19 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ زیر جائزہ عرصے کے دوران پیاز کی قیمتوں میں 91.4 فیصد، پٹرول 15.3، ڈیزل 44.2، آٹا 83.1، دال مونگ 81.1، چکن 1357، کیلا 36.1، ایل پی جی 90.0، چینی 59.0، آلو 58.0، دال مسور کی قیمت میں 56.0 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ ٹماٹر کی قیمت میں 34.77 فیصد، انڈے 78.4، لہسن 99.1، بیف 88.0، جارجٹ 40.0، گڑ 39.0، دہی 32.0 اور سرسوں کے تیل کی قیمت میں 28.0 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سب سے کم یعنی 17732 روپے ماہوار آمدنی والے گروپ کے لئے قیمتوں کے حساس اشاریے میں ہفتہ وار بنیادوں پر 07.0 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 66

قائم رکھنے کے لیے ہم ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل حمایت اور یکجہتی کے عزم کا اظہار کرتے ہیں یہ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ہم تمام ممکنہ وسائل اور صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے امن و امان کی صورتحال کو مستحکم کریں اور کسی بھی قسم کی بدامنی یا شورش کو روکنے کے لیے حکومتی اداروں کی مدد کریں۔ ریاستی ادارے امن کے ضامن ہیں اور ان کے موثر اقدامات اور حکمت عملیوں کے ساتھ کھڑے ہوکر ہم سب کو ایک محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنے کی سمت میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس مشترکہ کوشش کے ذریعے ہم اپنے ملک کو امن واستحکام کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں اور عوام کے اعتماد کو بحال کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

ہے۔ تفصیلات کیمطابق گذشتہ روز سامارو میں نامعلوم مسلح افراد نے ہتھیاروں کے زور پر سامارو میں زرعی پیڈی کے مالک وتاجر رہنما وشداس سے تین لاکھ نقد اور موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے

بقیہ بقیہ جات 68

ہوئے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی موجودہ صورتحال کسی طرح بھی تجربات کی حامل نہیں ہوسکتی، پہلے ہی پورے پاکستان میں کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے لوگ اپنا بزنس بیرون ممالک میں منتقل کررہے ہیں، لوگ حصول رزق کے لئے اپنا ملک چھوڑ چھوڑ کر جارہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 69

کرنے پر یقین رکھتا ہوں، میری سیاست عوام کی خدمت کے لیئے ہے پوری کوشش ہے کہ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے لوگوں کے تمام مسائل حل ہوں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا، حاجی جمیل ضیا نے کہا کہ کراچی پیپلز پارٹی کا قلعہ بن چکا ہے کیونکہ پیپلز پارٹی قیادت اور جیالوں نے دن رات کراچی والوں کی خدمت کی ان کے ہر چھوٹے بڑے مسئلے کے حل کے لیئے کوشش اور بھاگ دوڑ کی، جیالوں کے خون میں ہی عوامی جذبہ بھرا ہوا ہے پیپلز پارٹی نے جس قدر کراچی کے لوگوں کے مسائل حل کیے اور انکی خدمت کی اس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی کوئی اور ایسی سیاسی جماعت نہیں ہے جس نے پیپلز پارٹی جتنا ترقیاتی کام کرایا ہو، انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے لوگوں کے لیئے میرے دفتر کے دروازے کھلے ہوئے ہیں ہم نے ڈسٹرکٹ ویسٹ کی عوام کی سہولت کے لیئے ڈسٹرکٹ ویسٹ میں عارضی دفتر بھی کھول دیا ہے جہاں ضلعی قیادت روزانہ چار سے پانچ گھنٹے موجود ہوگی جو عوامی مسائل سنے گی اور ان کے حل کے لیئے اقدامات کرے گی، انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ویسٹ میں پارٹی کو مزید فعال بنانے اور مضبوط کرنے کے لیئے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے پارٹی قیادت کے ویژن کے مطابق عوامی خدمت کے سلسلے کو تیز کریں گے، پیپلز پارٹی پورے پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس کے چاہنے والوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے، لوگ پیپلز پارٹی کو پسند کرتے ہیں اور پیپلز پارٹی میں شمولیت کو اپنے لیئے اعزاز مانتے ہیں، پارٹی چیئرمین کی کاوشوں اور عوام دوست سوچ اور پالیسیوں کی وجہ سے عوام پیپلز پارٹی کی گرویدہ ہوچکی ہے پاکستان کی عوام صرف پیپلز پارٹی کو ہی اقتدار میں دیکھنا چاہتی ہے اور پی پی چیئرمین کو وزیراعظم پاکستان بنانے کی خواہاں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

ہوئی۔ پولیس نے کہا کہ گرفتار ملزم کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد ہوئی، گرفتار ڈاکو سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب تھا، گرفتار ڈاکو کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

اشتہار شوروغوغا



ایک بزرگ بعمر 60/65 سال اسم و مسکن نامعلوم موچی باغ کے قریب روڈ ایکسیڈنٹ ہونے کی وجہ سے میو ہسپتال میں فوت ہوگیا ہے جسکی ڈیڈ باڈی ڈیڈ ہاؤس میو ہسپتال لاہور میں جمع ہے جس کے ورثان اور ملزمان کی تلاش جاری ہے ملزمان کے بارے میں اطلاع دہندہ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے اور نقد انعام سے نوازا جائے گا اطلاع درج ذیل نمبروں پر دیں، سید محمد اکبر ایس آئی تھانہ اکبری گیٹ لاہور 0301-4660915
منیر احمد ایس آئی انچارج انویسٹیگیشن اکبر گیٹ 03004331867
مقصود احمد بھٹی محرر تھانہ اکبر گیٹ انویسٹی گیشن لاہور 03024217669

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

پنجاب، کے پی اور اسلام آباد میں مزید 34 گیس کنکشن منقطع، 6 لاکھ کے جرمانے

لاہور میں سوئی ناردرن کی ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 9 کنکشن منقطع کیے اور 50 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے

ملتان میں ٹیم نے 10 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے۔ مردان میں ریجنل ٹیم نے 5 کنکشن منقطع کیے اور 1 لاکھ 60 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) نے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں مزید شدت پیدا کرتے ہوئے پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے نتیجے میں 34 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور مجموعی طور پر 6 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں سوئی ناردرن کی ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 9 کنکشن منقطع کیے اور 50 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے۔ ملتان میں ٹیم نے 10 غیر قانونی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

رؤف حسن کے بھارتی روابط سے پی ٹی آئی کا ملک دشمن ایجنڈا بے نقاب ہوا

عطا تارڑ

عمران خان اور فیض حمید کے گٹھ جوڑ کے معاملات، مشرقی بارڈر کے پار پاکستان مخالف جذبات رکھنے والے صحافیوں سے پی ٹی آئی کے روابط اور مغربی بارڈر کے ذریعے فتنہ الخوارج کو واپس لانے کے فیصلے ملک دشمنی کی بدترین مثال ہیں

ملک دشمن ایجنڈے پر کاربند فارن فنڈڈ جماعت نے پہلے سائفر کے ذریعے ملک کی خارجہ پالیسی کو نقصان پہنچایا اور اب ملک کی سالمیت اور بقا کو نقصان پہنچانے کے لئے اپنے غیر ملکی آقاؤں کا سہارا لے رہی ہے

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ رؤف حسن کے بھارتی روابط سے پی ٹی آئی کا ملک دشمن ایجنڈا بے نقاب ہوگیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے پی ٹی آئی رہنما کے غیر ملکی دشمنوں سے روابط پر ردعمل میں کہا کہ فیض نیازی گٹھ جوڑ نے پاک فوج مخالف بیانیے بھی ملکر چلائے تاکہ اداروں میں تقسیم کا تاثر دیا جائے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ عمران خان اور فیض حمید کے گٹھ جوڑ کے معاملات، مشرقی بارڈر کے پار پاکستان مخالف جذبات رکھنے والے صحافیوں سے پی ٹی آئی کے روابط اور مغربی بارڈر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر38

کراچی، جامعہ کراچی کے تحت ایکو کارڈیوگرافی کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ کے شرکا کا گروپ فوٹو

قادیانی مذہب نہیں یہ بہت بڑا فتنہ ہے، مرکزی علماء کونسل

جو شریعت اور ختم نبوت کو نہیں مانتا ہم اسے پاکستانی بھی نہیں مانتے، صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ قادیانی مذہب نہیں یہ بہت بڑا فتنہ ہے، قادیانی کیس میں حکومت پنجاب کی نظر ثانی اپیل بطور ریفرنس سپریم کورٹ کو بھیجنے کا خیر مقدم کرتے ہیں، جو شریعت اور ختم نبوت کو نہیں مانتا ہم اسے پاکستانی بھی نہیں مانتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر علامہ شاہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر39

قاری شبیر احمد عثمانی کی وفد کے ہمراہ مولانا اعظم حسین سے ملاقات

انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے زیر اہتمام 7 ستمبر کو ختم نبوت کانفرنس چناب نگر میں بھرپور شرکت کرینگے

لاہور (این این آئی) قاری شبیر احمد عثمانی کی وفد کے ہمراہ مولانا اعظم حسین سے ملاقات انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے زیر اہتمام 7 ستمبر ختم نبوت کانفرنس چناب نگر میں شرکت کی دعوت انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے راہنما مولانا قاری شبیر احمد عثمانی قاری عبد الرحمن تبسم اپنے پوتے و دیگر افراد کے ہمراہ جے یو آئی (س) کے مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین سے لاہور انکی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی اور ان کو 7 ستمبر انٹرنیشنل ختم نبوت کے زیر اہتمام تاریخی و قدیمی ہونے والی چناب نگر میں کانفرنس میں شرکت کی خصوصی دعوت دی جسکو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر40

محکمہ تعلیم سندھ نے 20 اعلیٰ افسران کو نوٹس جاری کردیا

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے اعلی افسران کو نوٹس جاری کر دیا۔ وزیر تعلیم نے نئے بھرتی اساتذہ کو ڈیٹا بیس میں شامل کرنے کے احکامات دیئے تھے، ڈیٹا بیس اپڈیٹ کرنے کی آخری تاریخ 10 اگست دی گئی تھی۔ محکمہ تعلیم نے احکامات کی خلاف ورزی اور اپنے فرائض پورے نہ کرنے پر 8 ڈائریکٹرز اور 12 ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران کو شوکاز جاری کیا۔ صوبائی محکمہ تعلیم نے 3 روز میں تمام افسران کو اپنا جواب سیکرٹری تعلیم کو جمع کرانے کی ہدایت کی ہے جبکہ افسران کے غیر ذمہ دارانہ رویہ پر انہیں عہدوں سے بھی ہٹایا جا سکتا ہے۔

حکومت ایف بی آر کو پیچیدگیوں سے پاک آسان گوشوارے کیلئے ہدایات دے، ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے صدر قاری زوہیب الرحمن زبیری نے کہا ہے کہ ایف بی آر گوشوارے جمع کرانے میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی بجائے آسانیاں پیدا کرے، انکم ٹیکس گوشوارے 2024 میں جن اے او پی اور انفرادی طور پر آمدن 30 کروڑ سے زیادہ ہوں گی انہیں آڈٹ اکاؤنٹ لگانے ہوں گے جو مشکل کام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''انکم ٹیکس گوشوارے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر41

ڈھائی لاکھ کیلئے مردہ لڑکے کو 3 دن تک وینٹی لیٹر پر رکھے جانے کا انکشاف

پیسے لے کر بتایا کہ بچے کی موت ہوگئی ہے، لواحقین کا الزام

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں نجی اسپتال کی انتظامیہ نے مبینہ طور پر لواحقین سے آپریشن کے پیسے نکلوانے کیلئے 13 سالہ لڑکے کی لاش 3 دن تک وینٹی لیٹر پر رکھی۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ڈھائی لاکھ روپے لینے کے بعد بتایا گیا کہ بچے کی موت ہوگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق لواحقین کا کہنا ہے کہ 13 سالہ سید ذوہیب شاہ، راولپنڈی کے نجی اسپتال میں زیر علاج تھا۔ آپریشن کے فوری بعد لڑکے کا انتقال ہوگیا تھا۔ اسپتال انتظامیہ پر الزام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر43

اسلام آباد، غیر ملکی شہری کی گاڑی کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق

حادثے کے نتیجے میں مرنے والے نوجوان کی شناخت 22 سالہ ولی اللہ کے نام سے ہوئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں غیر ملکی شہری کی گاڑی کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ اسلام آباد کے تھانہ مارگلہ کی حدود میں غیر ملکی باشندے کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق غیر ملکی شہری کی گاڑی ٹائر برسٹ ہونے کے باعث نوجوان پر چڑھ دوڑی جس کے نتیجے میں نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ میں غیر ملکی بھی زخمی ہوا، جاں بحق نوجوان کو ضابطے کی کارروائی اور زخمی شخص کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ہسپتال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر42

لاہور، مال روڈ پر ٹریفک وارڈن بغیر ہیلمٹ سفر کرنے والے موٹر سائیکل سوار کا چالان کر رہا ہے

بلاول بھٹو زرداری (آج) جناح اسپتال میں سائبر نائف کے نئے یونٹ سمیت متعدد منصوبوں کا افتتاح کریں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آج (پیر) کراچی میں جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر میں سائبر نائف کے نئے یونٹ سمیت متعدد منصوبوں کا افتتاح کریں گے۔ تفصیلات کے مطاق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آج (پیر) کراچی میں جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر کے نجم الدین آڈیٹوریم میں 120 بستروں پر مشتمل راشد سورتی ڈپارٹمنٹ آف سائیکاٹری اینڈ بیہیوریل سائنسز، 110 بستروں پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر44

عمران خان کا جیل سے آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے عہدے کا انتخاب لڑنے کا فیصلہ

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے انتخاب لڑنے کے لیے درخواست جمع کرا دی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما زلفی بخاری نے ایکس پوسٹ میں کہا کہ عمران خان کی ہدایت پر آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے انتخاب 2024 کے لیے درخواست جمع کرادی ہے۔ زلفی بخاری کے مطابق تاریخی مہم کے لیے ہمیں آپ سب کی ضرورت درکار ہوگی۔

کراچی، چیئرمین نظام مصطفی پارٹی ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب خطاب کر رہے ہیں

مہنگائی کے دور میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے، رانا جمیل منج

پیپلز پارٹی ملک کو درپیش مسائل، بحرانوں سے نکالنے کی ضمانت ہے، جنرل سیکرٹری لاہور

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی یہی کوشش اور عزم ہے کہ مہنگائی کے دور میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے، عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہم اپنا سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ کسی بھی ریاست کی معاشی خوشحالی کے لئے سیاسی استحکام اہمیت کا حامل ہوتا ہے، نوجوان جمہوری عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے آواز کو مثبت تبدیلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر45

بحرانوں سے نکلنے کیلئے ملک میں قرآن وسنت کا نظام نافذ کیا جائے، متحدہ علماء کونسل

اگر ملک میں نظام مصطفیٰ عملی طور پر نافذ ہوجائے تو ہم ایک مضبوط، خود کفیل اور خوشحال قوم بن سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علماء کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالمالک، مولانا عبدالرف ملک، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا سردار محمد خان لغاری، صاحبزادہ قمر الحق سیالوی، رڈاکٹر محمد سرفراز اعوان، ڈاکٹر حافظ عاطف وحید اور سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حافظ محمد سلیم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بحرانوں سے نکلنے کیلئے ملک میں قرآ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر46

اگر فوج قوم کا فخر ہے تو قوم کو فوج پر فخر ہے، جمعیت علماء اہل حدیث

عوام کو متحد ہو کر پاک فوج کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم خاک میں مل جائیں

ہم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح سپہ سالار کے ساتھ کھڑے ہیں، قاضی عبدالقدیر خاموش

راولپنڈی (این این آئی) اگر فوج قوم کا فخر ہے تو قوم کو فوج پر فخر ہے۔ فیض حمید کے پورے نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کی جائے۔ عوام کو متحد ہو کر پاک فوج کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم خاک میں مل جائیں۔ قومی اداروں کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، ہم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح سپہ سالار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر50

پی ٹی آئی نے لاہور کی 43 رکنی ایگزیکٹو کونسل کا اعلان کر دیا

کونسل پارٹی کو فعال اور مضبوط بنانے کیلئے کام کرے گی

بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر عملدرآمد کیلئے اقدامات کو یقینی بنائیگی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے لاہور کی 43 رکنی ایگزیکٹو کونسل کا اعلان کر دیا۔ پی ٹی آئی لاہور کے صدر شیخ امتیاز نے ایگزیکٹو کونسل کا نوٹیفکیشن جاری کیا، 43 رکنی ایگزیکٹو کونسل میں ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈرز اور پارٹی کے سینئر رہنما شامل ہیں۔ ایگزیکٹو کونسل میں سردار لطیف کھوسہ، عالیہ حمزہ، شہزاد فاروق، عثمان حمزہ، علی اعجاز بٹر،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر49

پاکستانیوں کی اکثریت ہم وطنوں کی مہمان نوازی اور خوش اخلاقی کی معترف

پاکستانیوں کی اکثریت کا کہنا تھا کہ ہماری عوام مہمان نواز ہے، ہمیشہ مدد کرتی ہے: سروے رپورٹ

35 فیصد قدرتی مناظر، 34 فیصد کھانوں، 29 فیصد خوبصورت سیاحتی مقامات کے معترف

اسلام آباد (این این آئی) 54 فیصد پاکستانیوں نے ہم وطنوں کی مہمان نوازی اور خوش اخلاقی کو سب سے زیادہ پسندیدہ قرار دے دیا۔ اپسوس پاکستان کی جانب سے جاری نئے سروے میں پاکستانیوں کی اکثریت کا کہنا تھا کہ ہماری عوام مہمان نواز ہے، ہمیشہ مدد کرتی ہے۔ سروے میں 42 فیصد پاکستانی مقامی روایات اور ملکی ثقافت، 35 فیصد قدرتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر48

گارنٹی دیتے ہیں اسلام آباد میں جلسے سے امن خراب نہیں ہوگا: بیرسٹر سیف

کچھ لوگوں نے جیل میں بانی پی ٹی آئی سے مل کر کرپشن کی شکایات کیں

خدشہ ہے اسلام آباد میں انتظامیہ پی ٹی آئی کا جلسہ کرنے میں خلل پیدا کر سکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ گارنٹی دیتے ہیں اسلام آباد میں جلسے سے امن خراب نہیں ہوگا۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ خدشہ ہے اسلام آباد میں انتظامیہ پی ٹی آئی کا جلسہ کرنے میں خلل پیدا کر سکتی ہے، ہم جب بھی جلسہ کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر47

مریدکے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سماجی رہنما افتخار احمد سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

فریزلینڈ کمپینا اینگرو پاکستان لمیٹڈ کا نصف سال 2024 کے مالی نتائج کا اعلان

کراچی (این این آئی) فریز لینڈ کمپینا اینگرو پاکستان لمیٹڈ (FCEPL) نے سال کی پہلی ششماہی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے جو 30 جون 2024 کو مکمل ہوا۔ مشکل معاشی حالات کے باوجود کمپنی نے 17 فیصد ترقی حاصل کی (ریونیو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر1

جیکب آباد میں بارشوں کی تباہ کاریاں، مکان کی چھت گرنے سے ماں اور بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق، متعدد افراد زخمی

گڑھی خیرو میں سیلابی صورتحال، دیہاتوں میں پانی داخل ہونے سے 600 گھروں اور سینکڑوں ایکڑ فصل زیر آب آگئی، متعدد مکانات منہدم

جاں بحق ہونے والوں میں 65 سالہ ماں میہر خاتون اور اس کا بیٹا 30 سالہ مکھنا منگی شامل ہیں علاوہ ازیں دودا پور میں مکان کی دیوار گرنے سے ملبے تلے دب کر رجب ملغانی جاں بحق ہوگیا

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں بارشوں کی تباہ کاریاں، مکان کی چھت گرنے سے ماں اور بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق، متعدد افراد زخمی، گڑھی خیرو میں سیلابی صورتحال، دیہاتوں میں پانی داخل ہونے سے 600 گھروں اور سینکڑوں ایکڑ فصل زیر آب آگئی، متعدد مکانات منہدم، سڑکیں اور بازار تالاب کی صورت اختیار کر گئے، بجلی کا نظام درہم برہم۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد اور گردونواح میں بارش کی تباہ کاریاں جاری ہے، وقفے وقفے سے جاری بارشوں کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آچکے ہیں جبکہ جیکب آباد کی تحصیل گڑھی خیرو کے علاقے دودا پور کے منگی محلہ میں بارش کے باعث مکان کی چھت گرنے سے ماں اور بیٹا جاں بحق ہوگئے ہیں، جاں بحق ہونے والوں میں 65 سالہ ماں میہر خاتون اور اس کا بیٹا 30 سالہ مکھنا منگی شامل ہیں علاوہ ازیں دودا پور میں مکان کی دیوار گرنے سے ملبے تلے دب کر رجب ملغانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر54

ملک میں آئین، قانون اور جمہوریت کہیں نظر نہیں آرہے، جے یو آئی

آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کا فقدان ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک میں آئین، قانون اور جمہوریت کہیں نظر نہیں آرہے، ملک میں آئین،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر55

اسلام آباد، ٹریفک پولیس اہلکار لفٹر کے ذریعے نو پارکنگ میں کھڑی گاڑی اٹھا کر لے جا رہے ہیں

کراچی، لیاقت آباد تھانے کے تفتیشی افسر کی خواتین کے سامنے غیر اخلاقی حرکات

کراچی (این این آئی) شہر قائد سے روایتی تھانہ کلچر کا خاتمہ ہی نہ کیا جا سکا، لیاقت آباد شعبہ تفتیش کے افسر کی غیر اخلاقی حرکت کی ویڈیو سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی سندھ کے ماڈل پولیس اسٹیشنز کے قیام کے عزائم کے باوجود شہر قائد سے روایتی تھانہ کلچر کا خاتمہ ہی نہ کیا جا سکا۔ لیاقت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر56

ہاکس بے، سمندر میں نہاتے ہوئے نوجوان ڈوب کر جاں بحق

کراچی (این این آئی) ہاکس بے سینڈز پٹ کے مقام پر سمندر میں نہاتے ہوئے نوجوان ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ماڑی پور [illegible] کے مقام [illegible] گیا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر57

دل کا دورہ پاکستان میں اموات کا سب سے اہم سبب ہے، ماہرین

پاکستان میں 2020 میں 224720 افراد دل کا دورہ پڑنے سے موت کا شکار ہوئے

،ڈاکٹر پنجوانی سینٹر کی ورکشاپ کی افتتاحی تقریب سے پروفیسر فرزانہ شاہین کا جامعہ کراچی میں خطاب

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی مرکز برائے کیمیائی وحیاتیاتی علوم (آئی سی سی بی ایس) جامعہ کراچی کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر فرزانہ شاہین نے کہا ہے کہ نہ صرف عالمی سطح پر بلکہ پاکستان میں بھی دل کا دورہ سمیت امراضِ قلب انسانی اموات کا سب سے اہم سبب ہیں، عالمی ادارہ برائے صحت کے اعداد و شمار کے مطابق 2020 میں پاکستان میں 224720 افراد دل کا دورہ پڑنے سے موت کا شکار ہوئے، ایکو کارڈیوگرافی دل کی کارکردگی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر52

لاہور، پی سی ایم ڈی اے کے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف و دیگر ڈی جی ٹڈاپ رافعہ سید کو سوینیئر پیش کر رہے ہیں

24 گھنٹوں میں مزید 435 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے

1 کروڑ 22 لاکھ 49 ہزار 191 روپے کے ڈیٹکشن بل جاری

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 435 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق 127 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے 7 کو گرفتار کرا دیا گیا۔ ملزمان کو جرمانے کے طور پر 4 لاکھ 30 ہزار 382 یونٹس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر58

ختم نبوت گولڈن جوبلی کانفرنس اپنی مثال آپ ہوگی، پاکستان سنی تحریک

تمام کارکنان ختم نبوت گولڈن جوبلی کانفرنس کی تیاریوں میں تیزی لائیں، علامہ ریاض ہزاروی

لاہور (این این آئی) صدر پاکستان سنی تحریک لاہور علامہ ریاض ہزاروی نے کہا ہے کہ ختم نبوت گولڈن جوبلی کانفرنس اپنی مثال آپ ہوگی، علمائے مشائخ ہمارے آباو اجداد نے ختم نبوت قانون کیلئے بہت قربانیاں دی اور بہت محنت کی ہے، تمام کارکنان ختم نبوت گولڈن جوبلی کانفرنس کی تیاریوں میں تیزی لائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر59

قائداعظم کے نظریئے کے مطابق آگے بڑھنا ہوگا، آصف حیدر شاہ

ہر ممکن سہولتیں فراہم کر رہے ہیں نظر جلالانی جشن لطیف و دیگر پروگرام ترتیب دیتے ہیں مخدوم ولی محمد

کراچی (این این آئی) چیف سیکرٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا ہے کہ قائداعظم کے نظریئے کے مطابق آگے بڑھنا ہوگا ملکی کی تعمیر و ترقی اور استحکام کیلئے اجتماعی کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھ سیکریٹریٹ ایمپلائی نان گزیٹڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے تحت جشن آزادی کے سلسلے میں تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر60

سندھ میں آئندہ 72 گھنٹوں میں شدید بارشوں کی پیشگوئی، سیلاب کی وارننگ جاری

گھوٹکی، سکھر، خیرپور، کشمور، جیکب آباد اور شکارپور سمیت نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے سندھ بھر میں آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران موسلا دھار بارشوں کی پیش گوئی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ صوبے کے بعض اضلاع میں سیلاب کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ طاقتور مون سون ہواؤں کا ایک سلسلہ بلوچستان کے شمال وسطی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر61

ایف آئی اے نے غیر قانونی طور پر یورپ جانے کے خواہشمندوں کو پکڑ لیا

یورپ جانے کیلئے 2 ملزمان نے ایجنٹ کو فی کس 18 لاکھ روپے ادا کیے، ایف آئی اے حکام

کراچی (این این آئی) فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے کراچی ائیر پورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے تہران جانے والے 2 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے تہران جانے والے ملزمان کو 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان غیر قانونی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر62

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

بین الاقوامی مقابلوں میں کھلاڑیوں کی شرکت یقینی بنائی جائے، عاطف اقبال

کراچی (این این آئی) آر کے اسپورٹس مینجمنٹ کے چیئرمین عاطف اقبال بانی و صدر رئیس خان نے پیرس اولمپک 2024 جیولن تھرو کے مقابلے میں ارشد ندیم کے گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارشد ندیم کا پیرس اولمپک میں شرکت اور گولڈ میڈل حاصل کرنا قابل ستائش ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں اسپورٹس کے تمام شعبوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے تاہم حکومت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر63

پنجاب حکومت نے گریڈ 17 کے 5 افسران کی خدمات کمشنر لاہور ڈویژن کے سپرد کردیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گریڈ 17 کے 5 افسران کی خدمات کمشنر لاہور ڈویژن کے سپرد کر دیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ سٹی عبدالواسط صدیقی، اسسٹنٹ کمشنر شرقپور فاطمہ ارشد، وزیر اعلیٰ آفس سے خواجہ محمد عمیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر53

کراچی، قیوم آباد چورنگی پر سی سی ٹی وی کیمروں کی مرمت کا کام جاری ہے

مسائل کے حل کے لئے تمام این جی اوز متحد ہو کر کام کریں، ڈاکٹر احمد گلزار

جب تک کراچی کے لوگ ایک ساتھ نہیں کھڑے ہوں گے چاہے وہ کوئی بھی زبان بولتے ہوں اب ان کے مفادات کراچی شہر سے وابستہ ہے

سندھ حکومت کوٹا سسٹم ختم کرے، کراچی گرینڈ الائنس کے تحت شہر کی ترقی میں این جی اوز کا کردار سیمینار سے مقررین کا خطاب

کراچی (این این آئی) کراچی گرینڈ لائنز کے زیر اہتمام کراچی کی ترقی میں این جی اوز کا کردار کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس میں 40 سے زیادہ این جی اوز نے شرکت کی اور اور کراچی گرینڈ الائنس کی چھتری تلے مل کر کام کرنے کا عہد کیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی لندن سے آئے ہوئے ڈاکٹر احمد گلزار نے تمام این جی اوسی اپیل کی کہ کراچی کے مسائل کے لیے کراچی کی تمام این جی اوز متحد ہو کے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سندھ میں سب ایک ہے اور حکومت پاکستان سے اپیل کی کہ فوری طور پر کوٹا سسٹم ختم کیا جائے چیئرمین کراچی گرینڈ لائنس محمد اسلم خان نے کہا جب تک کراچی کے لوگ ایک ساتھ نہیں کھڑے ہوں گے چاہے وہ کوئی بھی زبان بولتے ہوں اب ان کے مفادات کراچی شہر سے وابستہ ہے لہذا سب کراچی ائیڈ ہے اس لیے سب کو کراچی کے لیے جدوجہد کرنی چاہیے اور حکومت وقت نے کراچی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر64

ضروری اشیا کی قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر 16.86 فیصد کا اضافہ

کراچی (این این آئی) ملک میں ضروری اشیا کی قیمتوں میں ہفتہ وار بنیادوں پر 0.16 فیصد کی کمی جبکہ سالانہ بنیادوں پر 16.86 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے قیمتوں کے حساس اشاریہ (ایس پی آئی) بارے جاری رپورٹ کیمطابق 15 اگست کو ختم ہونے والے ہفتہ میں صارفین کے لئے قیمتوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر65

سامارو میں بڑھتی ہوئی بدامنی آئے روز ڈکیتی کی وارداتوں کیخلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی

عمرکوٹ (این این آئی) سامارو میں روز بروز بڑھتی ہوئی بدامنی آئے روز دن دہاڑے ڈکیتی کی وارداتوں کیخلاف اتوار کو مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی، عمرکوٹ ضلع میں روز بروز بڑھتی ہوئی بدامنی کا ڈی آئی جی میرپورخاص نے بھی نوٹس لے لیا چند روز میں محکمہ پولیس عمرکوٹ میں اکھاڑ پچھاڑ کا امکان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر67

ڈسٹرکٹ ویسٹ میں پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنائیں گے، حاجی جمیل ضیا

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے جنرل سیکرٹری ٹاؤن چیئرمین اورنگی حاجی جمیل ضیا نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ ویسٹ کی عوام کو مسائل کو حل کرنے کے لیئے جدوجہد جاری رکھیں گے، پارٹی قیادت کی جانب سے سونپی گئی نئی ذمہ داریوں کو بھرپور انداز میں نبھاوں گا، ڈسٹرکٹ ویسٹ کو کراچی کے خوبصورت اور بہترین ضلع میں تبدیل کر دیں گے، دعووں پر نہیں بلکہ عملی طور پر کام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر69

پاک فوج پر تنقید کرنے والے اپنا گریبان جھانکیں، سنی علماء کونسل

ملک میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ پاک فوج پر تنقید کرنے والے اپنا گریبان جھانکیں، ملک سے دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، ملک میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امن وامان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر66

لاہور، پریس کلب میں الفلاح فاؤنڈیشن کے تحت لگائے گئے میڈیکل کیمپ میں صحافی چیک اپ کرا رہے ہیں

پاکستان میں کاروباری سرگرمیاں ماند پڑتی جارہی ہیں، ایاز میمن موتی والا

ملک بھر میں انٹرنیٹ کو کنٹرول کرنے کی کوششوں نے معیشت کو بڑا نقصان پہنچایا، چیئرمین آل کراچی تاجر الائنس

کراچی (این این آئی) آل کراچی تاجر الائنس وعام آدمی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین ایاز میمن موتی والا نے ملک بھر میں انٹرنیٹ کو کنٹرول کرنے کی حکومتی کوششوں سے ملکی معیشت کو ہونے والے اربوں روپے کے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر68

حیدر آباد میں پانچ مبینہ پولیس مقابلے، 5 ڈاکو زخمی حالت گرفتار

وزیر داخلہ سندھ نے ایس ایس پی حیدر آباد اور ان کی ٹیم کو شاباش

حیدر آباد (این این آئی) سندھ کے ضلع حیدر آباد میں ایک ہی رات میں پانچ مبینہ مقابلوں میں 5 ڈاکو اسلحہ سمیت زخمی حالت میں گرفتار ہوئے جبکہ ساتھی فرار ہوگے، وزیر داخلہ سندھ نے ایس ایس پی حیدر آباد اور ان کی ٹیم کو شاباش دی ہے۔ پولیس کے مطابق حیدر آباد میں اتوار کو 5 پولیس مقابلوں میں 5 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کیا کرلیا گیا ہے، تھانہ مارکیٹ پولیس سے مقابلے میں گرفتار ڈاکو کی شناخت صدام حاجانو کے نام سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر70

مسلم لیگ (ن) کے رکن اسمبلی سمیع اللہ خان کے مرکزی دفتر میں ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری پکڑی گئی

رکن اسمبلی کے بیس سے پچیس ساتھیوں نے چھاپہ مارنے والے ٹیم پر حملہ کیا' ترجمان لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی

لاہور (این این آئی) حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کے حلقہ پی پی 143 سے رکن پنجاب اسمبلی سمیع اللہ خان کے مرکزی دفتر میں ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری پکڑی گئی۔ لیسکو ترجمان کے مطابق جیا موسیٰ سب ڈویژن کی ٹیم نے رکن اسمبلی سمیع اللہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر71

لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران گرجا گھروں میں کئے جانیوالے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED

قوت

ڈاکٹر جاوید اقبال

نمائندہ قوت کالکی منڈی

0300-0751370

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ